تلک آیات اللہ نتلوها علیک بالحق

افضال خدا سے کتاب جامع آیات حکمی قرآنی بمقدمۂ اجتناب از بدعت و اختیار ہدایت اہل ایمان

مسمّیٰ بہ

منتخب احکام القرآن

مع ترجمہ اردو مع فوائد

مولوی ابراہیم علیخان صاحب زمیندار و اضعا نانا پاریہر پارگنہ اوتر ولی

مطبع نامی منشی نولکشور میں چھاپی گئی

فہرست رسالہ تحب کلام القرآن

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شکر خدا صاحب نے بنایا ہمین ؛ دین محمدؐ کا سو جھایا ہمین ؛ سوا دسی نے اپنے بندونکی ہدایت کے واسطے
پیغمبرون کو بھیجا بیت نہ آتے انبیا گر پیمبر نہ یہ شرع نہ دین ہوتا ؛ نہوتا تفرقہ ہرگز حق و باطل مین کچھ پیدا اور پیغمبر
پیغمبرون پر ایک سو چار کتابین نازل فرمائین تسپین چار کتاب مجلد اور سو صحیفے ہین تفصیل چار کتاب مجلد کی یہ ہے
کہ زبور حضرت داؤد علیہ السلام پر اور توریت حضرت موسی علیہ السلام پر اور انجیل حضرت عیسی علیہ السلام پر اور قرآن
مجید حضرت محمد مصطفے صلے اللہ علیہ و سلم پر نازل فرمایا بیت یہ قرآن کیسا کہ ایمان ہے ؛ مسلمانونکو
یہ بمنزلہ جان ہے ؛ اور سو صحیفے یہ ہین حضرت آدم علیہ السلام پر دس صحیفے اور حضرت شیث علیہ السلام
پر پچاس صحیفے اور حضرت ادریس علیہ السلام پر تیس صحیفے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام پر دس صحیفے
ورود فرمایا سو جمیع مسلمانونکو لازم بلکہ الزم ہے کہ ان سب کتابون پر بخوبی اعتقاد رکھین اور یقین
لاوین کہ یہ تمام کتابین اللہ کی برحق ہین اسمین کچھ شک نہین اور حضرت محمد مصطفے نبینا علیہ السلام کی جب عمر
مبارک چالیس برس کی ہوئی تب اللہ جل شانہ نے پیغمبری عطا فرمائی بعد پیغمبر ہونے کے دس برس آپنے
مکہ معظمہ مین تشریف شریف رکھی بعدہ بحکم خداوند کریم تیرہ برس مدینہ منورہ مین رونق افروز رہے جب
ترسٹھ برس کی عمر مبارک ہوئی تب آپنے اس دنیا فانی سے بدار البقا ماوائے جنت کو رحلت فرما ہوے

اسی تیئیس ۲۳ برس کے اندر چھ ہزار چھ سے چھیاسٹھ ۶۶ آیتیں نازل ہوئیں تفصیل ان سب آیتوں کی منسوخ ساٹھ آیت وعدہ کی
ہزار وعید کی ہزار مثل کی ہزار قصص کی ہزار امر کی ہزار نہی کی ہزار تسبیح کی سو حلت کی دو سو پچاس حرمت کی دو سو پچاس
سوال آیتوں کے تیس پارہ اور ایک سو چودہ سورتیں ہوئیں اسمین کلماتہا انہتر ہزار پانچ سو دس حروفہا تین
لاکھ بیس ہزار چھ سو چھپن اور فتحہ یعنے زبر ترپن ہزار چار سو تینتالیس ۲۴۳ کسرہ یعنے زیر آٹھ ہزار آٹھ سے چار ضمہ
یعنے پیش انتالیس ہزار پانچ سے او نقاط ایک لاکھ ستاسی ہزار چھ سے اکیاسی مدات ایک ہزار سات سو اکتیس تشدید
ایک ہزار دو سو تریپن رکوع پانچ سے چالیس تفصیل تعداد حرفوں کی موافق قول عبد العزیز بن عبد اللہ کہ بستان فقیہ
ابو اللیث اور مجموعہ خانی سے اسطور پر لکھا ہے کہ ا تالیس ہزار آٹھ سے بہتر ب گیارہ ہزار چار سے اٹھائیس ت
ایک ہزار ایک سو ننانوے ث ایک ہزار دو سو چھہتر ج تین ہزار دو سو تہتر ح تین ہزار دو سو بہتر خ دو ہزار
چار سو سولہ د پانچ ہزار چھ سو بیالیس ذ چار ہزار چھ سو ستانوے ر گیارہ ہزار سات سو بانوے ز
ایک ہزار پانچ سو نوے س پانچ ہزار آٹھ سو اکانوے ش دو ہزار دو سو اکاون ص دو ہزار
دو سو تیرہ ض ایک ہزار چھ سو سات ط ایک ہزار دو سو چوہتر ظ آٹھ سو بیالیس ع نو ہزار دو سو
بیس غ دو ہزار دو سو آٹھ ف آٹھ ہزار چار سو ننانوے ق چھ ہزار آٹھ سو تیرہ ک نو ہزار پانچ
سو چھتیس ل تین ہزار چار سو بیس م چھتیس ہزار پانچ سو پینتیس ن چھتیس ہزار پانچ سو نوے و پندرہ ہزار پانچ
سو چھتیس ہ نو ہزار ستر لا چار ہزار سات سو بیس ے پچیس ہزار نو سو انیس یہ بندۂ احقر العباد و ضعیف البناد ابراہیم علیخان
ولد جنگ بہادر خان زمیندار سواضعات مانا پار وغیرہ پرگنہ اترولہ نے واسطے فائدہ بھائی مسلمانوں کے
جو کہ کلمات اور حروفات ونقاط وغیرہ ارکان قران مجید میں ہیں سب کو بجستجوئے کمال و مساعی مالا مال از جمیع
من الوجوہ معتبر کتابوں سے نکال کر ان اوراق میں لکھا اسکے پڑھنے والوں دیکھنے والوں کی خدمت میں ملتجی
ہے کہ اس خاکسار گنہگار کے حق میں دعاے خیر کریں بیت خداوندا بہ برکت ذات پاک مصطفےٰ گناہم
را از فضل خویش بخشے اے خدا ۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ بِالتَّوْبَةِ الصَّادِ
بحرمتِ النبیّ وآلہ الامجادِ ۔ اس منتخب احکام القران نے ۱۲۸۲ ہجری میں تکمیل پایا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بیحد خالق کون و مکان کو جسنے کلمہ کن فیکون سے پیدا کیا ہر دو جہان کو اور درود نامحدود جناب ہدایت مآب سید مرسلان والا شان حضرت محمد مصطفے صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم بعد اسکے سنا چاہئے کہ اللہ تعالے جلشانہ نے جو آیتین کہ تاکید شرک اور ہدایت و شفاعت وغیرہ قرآن مجید فرقان حمید مین نازل فرمائی ہین سو اون سب آیتون کو یہ بندہ خاکسار العبد ابراہیم علیخان لدھیانوی حسب فرمایش حضرت ذی جاہ بہادر خان سید ابو اضعاف مالک پاک پڑہو وغیرہ محلہ پرگنہ اترولہ نے حسب الفرمایش عمدۃ السادات آثار نجابت آثار بلند اقبال عالی الشان انیس اعظم میان سرفراز خان ولد خدا بخش خان رئیس محلہ پیپہ عزتی از القاب کو جمع کر کے رسالہ ہذا بنایا ہر ایک کیواسطے تمام بندہ بے التماس کیا کہ ایک کتاب جسمین درمیان منع شرک و بدعت کے اور احوال شفاعت وغیرہ کے تحریر فرمائیے تاکہ عام لوگ بادیۂ ضلالت کو بشناخت الحاصل ہوتب پہنچی یہ رسالہ مشتمل تمام قرآن شریف کلام لطیف سے انتخاب کیا گویا دریا کو عظیم کو ایک کوزہ مین لاکر ان اوراق طہارت مین تفسیر اسکے نام اسکا منتخب احکام القرآن رکھا بیت مشرکون کے حق مین یہ لوازم ہے ٭
جو قرآن پہلے فی النار ہے ٭ یہ آیت سورۂ جن کے دوسرے رکوع مین اللہ فرماتی ہین وَمَنْ يَعْصِ اللهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ لَهُ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ترجمہ اور جو کوئی حکم نہ مانے اللہ کا اور اسکے رسول کا سو اسکو آگ دوزخ رہا کرین اوسمین ہمیشہ سو سب بھائی مسلمانون کلمہ گو محمدی و شفاعت خواہ احمدی کی خدمت مین عرض کرتا ہون کہ جو کوئی مطابق ان آیتون کے عمل کریگا اوسکا دنیا و آخرت مین بہتر ہوگا اور جو کہ بیخوف ہو کر خلاف اسکے چلیگا تو اوسکی خرابی دارین مین ہوگی اور عقبٰی سبحانہ تعالے کے نزدیک گنہگار ہوگا سو ایسے شخصون کے واسطے تو اللہ تعالے نے عذاب شدید فرمایا ہے یہ آیت سورۂ نسا کے چودھوین رکوع مین ہے فَأُولَٰئِكَ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَسَاءَتْ مَصِيرًا ترجمہ سو ایسون کا ٹھکانا دوزخ ہے اور بہت بری جگہ پہونچے نعوذ باللہ منہا جن شخصون کا ٹھکانا خبار کبریا دوزخ فرماوے پھر بھلا اونکی نجات کیونکر ہو یا الٰہی اپنے کرم و فضل سے ہمکو اور سب مسلمانونکو عذاب دوزخ سے بچاوے آمین ثم آمین یا رب العالمین بحرمت حضرت سید المرسلین

خاتم النبیین شفیع المذنبین محمد مصطفے صلے اللہ علیہ و علے آلہ واصحابہ وسلم اجمعین

یہ وہ آیتین ہین کہ جو اللہ صاحب نے شرک کرنے کی برائی مین فرمائی ہین ٭

شرک کرنا اللہ تعالے کے نزدیک اسطرح کا زبون ہے کہ شروع قرآن مجید کا سورۂ فاتحہ ہے اوسمین اپنے بندونسے جلشانہ کہا کہ اسطرح کہا کرو یہ آیت سورہ فاتحہ مین ہے إِيَّاكَ نَعْبُدُ ترجمہ تجھی کو بندگی کرین وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ ترجمہ تجھی سے مدد چاہین فائدہ جب اللہ نے فرمایا بندون کی زبان سے کہ اسطرح کہا کرین تب اور کسی سے مدد مانگنا تو صاف شرک ہے اور شرک کا ٹھکانا دوزخ ہے آیت سورہ بقر کے بیسوین رکوع مین ہے وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَتَّخِذُ مِنْ دُونِ اللَّهِ أَنْدَادًا يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللَّهِ ترجمہ اور بعضے لوگ ہین جو پکڑتے ہین اللہ کے برابر اور ونکو اور اونکی محبت رکھتے ہین جیسے محبت اللہ کی آیت سورہ بقر کے بیسوین رکوع مین ہے إِذْ تَبَرَّأَ الَّذِينَ اتُّبِعُوا مِنَ الَّذِينَ اتَّبَعُوا وَرَأَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْأَسْبَابُ

ترجمہ جب الگ ہو جاویں جنکے ساتھ ہوئے تھے اپنے ساتھ والوں سے اور دیکھیں عذاب اور ٹوٹ جاویں اونکے سب طرح علاقے
آیت سورہ بقر کے بیسوین رکوع مین ہے وَقَالَ الَّذِينَ اتَّبَعُوا لَوْ أَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّأَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوا مِنَّا
ترجمہ اور کہنے لگے ساتھ پکڑنے والے کاشکے ہمکو دوسری بار زندگی ہو تو ہم الگ ہو جاویں انسے جیسے یہ الگ ہو گئے ہمسے یہ آیت
سورہ بقر کے اکیسوین رکوع مین ہے وَإِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنْزَلَ اللَّهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا أَلْفَيْنَا عَلَيْهِ
آبَاءَنَا أَوَلَوْ كَانَ آبَاؤُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ شَيْئًا وَلَا يَهْتَدُونَ ترجمہ اور جو کہیے اونکو چلو اسپر جو نازل کیا اللہ نے
کہیں ہم نہیں چلیں گے اوسپر جسپر دیکھا اپنے باپ دادا کو بھلا اگرچہ اونکے باپ دادے نہ عقل رکھتے ہوں کچھ نہ راہ کی
خبر فائدہ یعنے جب معلوم ہوا کہ باپ دادونکی رسم خلاف حکم خدا کے ہے پھر اوسپر نہ چلے یہ آیت سورہ بقر کے ستائیسوین
رکوع مین ہے وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكَاتِ حَتَّى يُؤْمِنَّ وَلَأَمَةٌ مُؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِنْ مُشْرِكَةٍ وَلَوْ أَعْجَبَتْكُمْ وَ
لَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِينَ حَتَّى يُؤْمِنُوا وَلَعَبْدٌ مُؤْمِنٌ خَيْرٌ مِنْ مُشْرِكٍ وَلَوْ أَعْجَبَكُمْ أُولَئِكَ يَدْعُونَ إِلَى النَّارِ
وَاللَّهُ يَدْعُو إِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِإِذْنِهِ وَيُبَيِّنُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ ترجمہ اور نکاح مین نہ
لاؤ شرک والی عورتین جب تک ایمان نہ لاوین اور البتہ لونڈی مسلمان بہتر ہے کسی شرک والی عورت سے اگرچہ تمکو خوش آوے
اور نکاح نہ کر دو شرک والونکو جب تک ایمان نہ لاوین اور البتہ غلام مسلمان بہتر ہے کسی شرک والے سے اگرچہ تمکو خوش آوے
وہ لوگ بلاتے ہین دوزخ کی طرف اور اللہ بلاتا ہے جنت کی طرف اور بخشش کی طرف اپنے حکم سے اور بتاتا ہے اپنے حکم لوگونکو شاید وہ چوکس ہو جاوین
فائدہ پہلے مسلمان و کافر مین نسبت ناتا جاری تھا اس آیت سے حرام ٹھہرا اگر مرد نے یا عورت نے شرک کیا اوسکا نکاح ٹوٹ گیا شرک یہ
کہ اللہ کی صفت کسی اور مین جانے مثلاً کسی کو سمجھے کہ اوسکو ہر بات معلوم ہے یا وہ جو چاہے سو کر سکتا ہے ہمارا بھلا یا برا کرنا اوسکے اختیار میں ہے
اور یہ کہ اللہ کی تعظیم کسی اور پر خرچ کریں مثلاً کسی چیز کو سجدہ کرے یا اوس سے حاجت مانگے اوسکو مختار جانکر یا تی یہود و نصاری کی عورت سے نکاح درست
ہے اونکو شرک نہین فرمایا یہ آیت سورہ آل عمران کی نوین رکوع مین ہے إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَمَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ
فَلَنْ يُقْبَلَ مِنْ أَحَدِهِمْ مِلْءُ الْأَرْضِ ذَهَبًا وَلَوِ افْتَدَى بِهِ أُولَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ وَمَا
لَهُمْ مِنْ نَاصِرِينَ ترجمہ جو لوگ منکر ہوے اور مر گئے منکر ہی تو ہرگز قبول نہوگا کسی سے زمین بھر کر سونا اگرچہ بدلا دیوے یہ جو ہے اونکو
دکھ کی مار ہے اور کوئی نہیں اونکا مددگار فائدہ جو کہ اللہ صاحب کی وحدانیت سے منکر ہوئے بت سوا اللہ کے غیر سے مدد مانگتے ہیں یہ آیت
سورہ آل عمران کی سولہوین رکوع مین ہے بِمَا أَشْرَكُوا بِاللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا وَمَأْوَاهُمُ النَّارُ
ترجمہ انہون نے شریک ٹھہرایا اللہ کا جسکی اوسنے سند نہین اوتاری ہے اور اوسکا ٹھکانا دوزخ ہے فائدہ یعنے وہ جو عبادت
اللہ کے اور چیز کے دل مین ڈر ہوتا ہے اسواسطے کہ اونکی دلمین اللہ تعالی نے ہیبت ڈالیگا یہ آیت سورہ آل عمران کے
دوسرے رکوع مین ہے قُلْ لِلَّذِينَ كَفَرُوا سَتُغْلَبُونَ وَتُحْشَرُونَ إِلَى جَهَنَّمَ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ترجمہ کہدے منکرونکو اب
تم مغلوب ہو گئے اور ہانکے جاؤگے دوزخ کو اور کیا بری تیاری ہے یہ آیت سورہ نساء کے ساتوین رکوع مین ہے

إِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَاءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰى
إِثْمًا عَظِيْمًا ۝ ترجمہ تحقیق اللہ نہین بخشتا ہی یہ کہ اوسکا شریک کریے اور بخشتا ہی اس سے نیچے جسکو چاہی اور جسنے شریک ٹھیرایا اللہ کا
اوسنے بڑا طوفان باندھا یہ آیت سورہ مائدہ کی دسوین رکوع مین ہی إِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ
وَمَأْوٰىهُ النَّارُ ۖ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ أَنْصَارٍ ترجمہ مقرر جسنے شریک کیا اللہ کا سو حرام کی اللہ نے اوسپر جنت اور اوسکا ٹھکانا دوزخ ہی اور
کوئی نہین گنہگار کی مدد کرنیوالا یہ آیت سورہ نساء کی اٹھارہوین رکوع مین ہی إِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ أَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا
دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَاءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا بَعِيْدًا ۝ ترجمہ اللہ نہین بخشتا کہ اوسکا شریک
ٹھیرایے اور اوس سے نیچے بخشتا ہی جسکو چاہی اور جسنے اللہ کا شریک ٹھیرایا وہ دور پڑا بہکا یہ آیت سورہ مائدہ کی دوسرے رکوع
مین ہے وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۚ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ ترجمہ اور ڈرتے رہو اللہ سے اللہ جانتا ہی جیکی بات فائدہ
اللہ تعالے اہل کتاب کو یاد دلایا کرتا ہی کہ میرے عہد پر قائم رہو اسیطرح ہمکو تقید فرمایا کہ عہد یاد رکھو وہ یہ ہی کہ جب لوگ
مسلمان ہوئی تو حضرت سے بیعت کرتی یعنی ہاتھ پکڑکر قول دیتی بہت چیزون کا جیسے پانچ نمازین اور روزہ رمضان
اور زکات اور حج اور خیرخواہی ہر مسلمان کی اور بہت گناہ چھوڑتی ہین جیسے خون اور زنا اور چوری اور شرک چھوڑنے
اور تہمت لگانی بیگناہ کو اور سرداری مخالفت کرنی اسی عہد پر فرمایا کہ قائم رہو یہ آیت سورہ مائدہ کی دوسرے رکوع مین ہے
وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ ترجمہ اور ڈرتے رہو اللہ سے اور اللہ پر چاہیے بھروسا ایمان والونکو آیت
سورہ مائدہ کی چودھوین رکوع مین ہی وَإِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا إِلٰى مَا أَنْزَلَ اللّٰهُ وَإِلَى الرَّسُوْلِ
قَالُوْا حَسْبُنَا مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ آبَاءَنَا ۚ أَوَلَوْ كَانَ آبَاؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْئًا وَّ
لَا يَهْتَدُوْنَ ۝ ترجمہ اور جب کہیے اونکو آؤ اسطرف جو اللہ نے نازل کیا اور رسول کی طرف
کہین ہمکو کفایت ہے جسپر پایا ہمنے اپنے باپ دادا کو بھلا اگر اونکے باپ علم رکھتے
ہون کچھ اور نہ راہ جانتے تو بھی فائدہ یعنی باپ کا احوال معلوم ہو کہ حق کا تابع تھا اور صاحب
علم تھا تو اوسکی راہ پکڑے نہین تو عبث ہے یہ آیت سورہ مائدہ کے سولھوین رکوع مین
ہے وَإِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ أَأَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَأُمِّيَ إِلٰهَيْنِ
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۖ قَالَ سُبْحَانَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْ أَنْ أَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ بِحَقٍّ ۚ إِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ
تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَلَا أَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ ۚ إِنَّكَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝ ترجمہ اور جب کہیگا اللہ اے عیسی مریم کے
بیٹے تو نے کہا لوگون کو کہ ٹھیراؤ مجھکو اور میری ماں کو دو معبود سوا اللہ کے بولا تو پاک ہے مجھکو نہین بنتا کہ کہوں جو مجھکو نہین
پہنچتا اگر مینے یہ کہا ہوگا تو تجھکو معلوم ہوگا تو جانتا ہی جو میرے جی مین ہے اور مین نہین جانتا جو تیرے جی مین ہے تحقیق تو ہی ہے جانتا چھپی بات یہ آیت
سورہ انعام کی تیسرے رکوع مین ہی وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ أَشْرَكُوْا أَيْنَ شُرَكَاؤُكُمُ الَّذِيْنَ

تزعمون ۞ ترجمہ اور جس دن ہم جمع کرینگے اون سکو پھر کہینگے شریکوالونکو کہان ہین شریک تمھارے جنکا تم دعوی کرتے
تھے یہ آیت سورہ انعام کی تیسرے رکوع مین ہی ثم لم تکن فتنتهم الا ان قالوا واللہ ربنا ما کنا مشرکین ۞ ترجمہ پھر
نہ رہی اونکی شرارت مگر یہی کہ کہنے لگے قسم اللہ کی اپنے رب کی ہم شریک نکرتے تھے یہ آیت سورہ انعام کی تیسرے رکوع مین ہے و
ضل عنهم ما کانوا یفترون ۞ ترجمہ اور کھوئی گئین اونسے جو باتین بناتے تھے یہ آیت سورہ اعراف کی پہلے رکوع
مین ہے فلنقصن علیهم بعلم وما کنا غائبین ۞ ترجمہ پھر ہم احوال سناوینگے اونکو اپنے علم سے اور ہم کہین
غائب نتھے یہ آیت سورہ اعراف کی چوتھی رکوع مین ہی حتی اذا جاءتهم رسلنا یتوفونهم قالوا
این ما کنتم تدعون من دون اللہ قالوا ضلوا عنا وشهدوا علی انفسهم انهم
کانوا کافرین ۞ ترجمہ یہانتک کہ جب پہنچے اون پاس بھیجے ہماری جان لینے کو بولے کیا ہوے
جنکو تم پکارتے تھے سواے اللہ کے بولے بھٹکے گم ہوے اور قائل ہوے اپنی جان پر وہ تھے منکر یہ آیت
سورہ اعراف کی پانچوین رکوع مین ہے ولا یدخلون الجنة حتی یلج الجمل فی سم الخیاط ج
ترجمہ اور نہ داخل ہونگے جنت مین جب تک پیٹھے اونٹ سوئی کی ناکے مین یہ آیت سورہ اعراف کے
بائیسوین رکوع مین ہے وللہ الاسماء الحسنی فادعوه بها وذروا الذین یلحدون فی
اسمائه سیجزون ما کانوا یعملون ۞ ترجمہ اور اللہ کے ہین سب نام خاصے سو اوسکو پکارو وہ
کہکر اور چھوڑ دو انکو جو کج راہ چلتے ہین اوسکے نامون مین وہ بدلا پارہینگے اپنے کیے کا فائدہ یعنے اللہ نے
اپنے وصف بتلاے ہین کہ مناجات مین وہ کہکر پکارو کہ ہم پر متوجہ ہوا اور کج راہ یعنے کج رو یہ کہ جو وصف نہین
بتاے وہ کہے جیسے اللہ کو بڑا کہا ہے لنبا نہین کہا یا قدیم کہا پرانا نہین کہا اور ایک کج رو یہ کہ اون کو
سحر مین چلاوے وہ اپنے کیے کا بدلہ پاوینگے یعنی قرب خدا نہ ملیگا وہ مطلب ملیگا بھلا یا برا اور سوا خدا کے
اوروں سے مدد نہ مانگے یہ آیت سورہ اعراف کی چوبیسوین رکوع مین ہے فلما تغشاها حملت
حملا خفیفا فمرت به فلما اثقلت دعوا اللہ ربهما لئن آتیتنا صالحا لنکونن
من الشاکرین ۞ ترجمہ پھر جب مرد نے عورت کو ڈھانکا حمل رہا ہلکا سا حمل پھر چلتی رہی اوسکے ساتھ پھر جب
بوجھل ہوئی دونون نے پکارا اللہ نے اپنے رب کو اگر تو ہمکو بخشیگا بھلا تو ہم تیرا شکر کرین یہ آیت سورہ اعراف
کے چوبیسوین رکوع مین ہے فلما آتاهما صالحا جعلا له شرکاء فیما آتاهما فتعالی اللہ
عما یشرکون ۞ ترجمہ پھر جب دیا انکو چنگا بھلا ٹھیرانے لگے اوسکے شریک اوسکی بخشی چیز مین سو اللہ اوپر
ہے اونکے شریک بتانے سے فائدہ بعضے کہتے ہین حضرت آدم اور حوا پر گذرا اول جو حمل ہوا ابلیس ایک نیک مرد کی
صورت مین آیا اور ڈرایا کہ یہ تیرے پیٹ مین شاید کچھ بلا ہے جب دونو دعا کرنے لگے تب کہا کہ میری

دعا سے یہ بلا بدلکر بیٹا پیدا ہوگا اوسکا نام رکھیو عبد الحارث حارث شیطان کا نام تھا وہی کیا اس قصہ میں مفسرون
سے شرک ثابت ہوتا ہے یہ قصہ غلط ہے اس آیت میں مرد اور عورت کو فرمایا آدم اور حوا کو نہیں گو اول ذکر اونکا ہو
یا یون کہے کہ جو کچھ انسانون میں ہونا مقرر تھا وہ حضرت آدم میں اول ہو بکر گیا ہے وہ نمونہ تقدیر تھی اولاد کی گناہ
اون میں نظر آئی جیسے آئینہ میں صورت جیسا بچہ نفس کی خواہش کر اللہ کی حکمی دیکھ کر بھولجانا اور پھر منکر ہونا یہ سب
اولاد کی خوشین تھین نظر آگئین یہ آیت سورہ اعراف کے چوبیسوین رکوع مین ہے أَيُشْرِكُونَ مَا لَا يَخْلُقُ
شَيْئًا وَهُمْ يُخْلَقُونَ ۝ ترجمہ کیا انکو شریک بتاتے ہین جو پیدا نکرین ایک چیز اور آپ پیدا ہوتے ہین آیت سورہ اعراف کے چوبیسوین
رکوع مین ہے وَلَا يَسْتَطِيعُونَ لَهُمْ نَصْرًا وَلَا أَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُونَ ط ترجمہ اور نہ کرسکتے ہین انکو مدد اور نہ اپنی مدد کرین
یہ سورہ اعراف کے چوبیسوین رکوع مین ہے وَإِنْ تَدْعُوهُمْ إِلَى الْهُدَىٰ لَا يَتَّبِعُوكُمْ سَوَاءٌ عَلَيْكُمْ أَدَعَوْتُمُوهُمْ أَمْ أَنْتُمْ
صَامِتُونَ ۝ ترجمہ اور اگر اونکو پکارو راہ پر نہ چلین تمھاری پکار پر برابر ہے تمکو کہ اونکو پکارو یا چپکے رہو یہ سورہ
اعراف کے چوبیسوین رکوع مین ہے إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ عِبَادٌ أَمْثَالُكُمْ فَادْعُوهُمْ فَلْيَسْتَجِيبُوا
لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ ۝ ترجمہ جنکو تم پکارتے ہو اللہ کے سوا اونکے بندے ہین تمسے بھلا پکارو تو اونکو چاہئے قبول کرین تمہارا
پکارنا اگر تم سچے ہو یہ آیت سورہ اعراف کے چوبیسوین رکوع مین ہے أَلَهُمْ أَرْجُلٌ يَمْشُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ
أَيْدٍ يَبْطِشُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ أَعْيُنٌ يُبْصِرُونَ بِهَا أَمْ لَهُمْ آذَانٌ يَسْمَعُونَ بِهَا ط ترجمہ کیا اونکو پاؤن ہین
جنسے چلتے ہین یا اونکو ہاتھ ہین جنسے پکڑتے ہین یا اونکو آنکھین ہین جنسے دیکھتے ہین یا اونکو کان ہین جنسے سنتے ہین
یہ آیت سورہ اعراف کے چوبیسوین رکوع مین ہے وَالَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ لَا يَسْتَطِيعُونَ نَصْرَكُمْ وَلَا أَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُونَ
ترجمہ اور جنکو تم پکارتے ہو اوسکے سوا نہین کرسکتے تمہاری مدد اور نہ اپنی جان بچاسکین یہ آیت سورہ اعراف کے
پچیسوین رکوع مین ہے قُلْ لَا أَمْلِكُ لِنَفْسِي نَفْعًا وَلَا ضَرًّا إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ وَلَوْ كُنْتُ أَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ
وَمَا مَسَّنِيَ السُّوءُ إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ وَبَشِيرٌ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُونَ ترجمہ تو کہہ مین مالک نہین اپنی جان کی بھلے کا نہ برے کا
مگر جو اللہ چاہے اور اگر مین جانا کرتا غیب کی بات تو بہت خوبیان لیتا اور مجھکو برائی کبھی نہ پہونچتی مین تو یہی ہون
ڈراتا اور خوشی سنانے والا ماننے لوگون کو یہ آیت سورہ انفال کے تیسرے رکوع مین ہے
وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ ۝ ترجمہ اور جان لو کہ اللہ کا عذاب سخت ہے یہ آیت سورہ توبہ
کے ساتوین رکوع مین ہے قُلْ أَنْفِقُوا طَوْعًا أَوْ كَرْهًا لَنْ يُتَقَبَّلَ مِنْكُمْ إِنَّكُمْ كُنْتُمْ قَوْمًا
فَاسِقِينَ ۝ ترجمہ تو کہہ مال خرچ کرو خوشی سے یا ناخوشی سے ہرگز قبول نہوگا تم سے تحقیق تم ہو سے
لوگ بے حکم فائدہ جو منافق بے اعتقاد خرچ کرتے تھے سو اونکو جواب ملا کہ بے اعتقاد کا مال قبول نہین یہ آیت
سورہ توبہ کے دسوین رکوع مین ہے وَمَا لَهُمْ فِي الْأَرْضِ مِنْ وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ ۝ [illegible]

اونکا روے زمین پر کوئی حمایتی نہ مددگار ۔ یہ آیت سورۂ توبہ کے دسوین رکوع مین ہے اِسْتَغْفِرْ
لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ ترجمہ تو اونکے
حق مین بخشش مانگ یا نہ مانگ اگر اونکے واسطے ستر بار بخشش مانگے تو بھی ہرگز نہ بخشیگا اونکو اللہ **فائدہ** ستر
کسی کے بخشانے سے نہ بخشے جائینگے یہ آیت سورۂ یونس کے دوسرے رکوع مین ہے وَاِذَا مَسَّ
الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖۤ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا ۚ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَاۤ
اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۔ ترجمہ اور جب پہونچے انسانکو تکلیف ہمکو پکارے
پڑا ہوا یا بیٹھا یا کھڑا پھر جب ہمنے کھولدی اوس سے وہ تکلیف چلا گیا گویا کبھی نہ پکارا تھا ہمکو کسی تکلیف پہونچی
اسیطرح بھلا دکھایا ہے بیباک لوگون کو جو کچھ کرتے ہین یہ آیت سورۂ یونس کے دوسرے رکوع مین ہے
وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ هٰۤؤُلَاۤءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ ترجمہ
اور پوجتے ہین اللہ سے نیچے جو چیز نہ برا کرے اونکا اور نہ بھلا اور کہتے ہین یہ ہمارے سفارشی ہین اللہ کے پاس
فائدہ جو شرک ہے سو یہی کہتا ہے کہ اللہ ایک چھوڑ یہ شریک اوسیکی طرف سے ہم پر مختار ہین سو فرمایا
کہ اگر اوسنے مختار کئے ہوتے تو آپ اوسنے کیون منع کیا اور جو کہین کہ ہمارے دین مین منع نہین کیا
تمکو منع کیا ہوگا تو اگلی آیت مین اسکا جواب ہے کہ دین اللہ کا ایک ہے جب لوگ بچل گئے ہین پھر اونکو
تباہ پاسے اعتقا دین کچھ فرق نہین اور جو کہین کہ اگر تم سچے ہوتے تو ہم پر دنیا مین عذاب آتا اسکا
جواب بھی آگے ہے کہ فیصلہ کا دن آتا ہے یہ آیت سورۂ یونس کے تیسرے رکوع مین ہے هُوَ الَّذِيْ يُسَيِّرُكُمْ
فِى الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ حَتّٰۤى اِذَا كُنْتُمْ فِى الْفُلْكِ ۚ وَجَرَيْنَ بِهِمْ بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا بِهَا جَآءَتْهَا
رِيْحٌ عَاصِفٌ وَّجَآءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّظَنُّوْۤا اَنَّهُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ
لَهُ الدِّيْنَ ۚ ترجمہ وہی تمکو پھراتا ہے جنگل اور دریا مین یہانتک کہ جب تم ہو کشتی مین
اور لیکر چلیان لوگونکو اچھی باد سے اور خوش ہوے اوس سے آئی ان پر جھوکے کی باد اور آئی
اونپر ہر جگہ سے اور اٹکلی کہ وہ گھر گئے پکارنے لگے اللہ کو نیرے ہوکر اوسکی بندگی مین یہ آیت سورۂ
یونس کے تیسرے رکوع مین ہے لَىِٕنْ اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ۔ ترجمہ اگر تو
بچا دے ہمکو اس سے تو بیشک ہم رہین شکرگذار یہ آیت سورۂ یونس کے تیسرے رکوع مین ہے فَلَمَّآ
اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ يَبْغُوْنَ فِى الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ ۙ مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ
الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۔ ترجمہ پھر جب بچا دیا اونکو
اللہ نے اوسیوقت شرارت کرنے لگے زمین مین ناحق کی سنو لوگو تمہاری شرارت ہے تمہی پر برتلو

دنیا کے جیتے پھر ہمارے پاس ہے تمکو پھر انا پھر ہم جتاوینگے جو کچھ تم کرتے تھے یہ آیت سورۂ یونس
کے تیسرے رکوع مین ہے وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا مَكَانَكُمْ أَنْتُمْ
وَشُرَكَاؤُكُمْ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَقَالَ شُرَكَاؤُهُمْ مَا كُنْتُمْ إِيَّانَا تَعْبُدُونَ ترجمہ
اور جسدن جمع کرینگے ہم اون سب کو پھر کہینگے شریک والونکو کھڑے ہو اپنی اپنی جگہ تم اور تمہارے
شریک پھر توڑ دوینگے آپس مین اونکو اور کہینگے اونکے شریک تم ہمکو بندگی نہ کرتے تھے یہ آیت
سورۂ یونس کے تیسرے رکوع مین ہے فَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ إِنْ كُنَّا عَنْ
عِبَادَتِكُمْ لَغَافِلِينَ ترجمہ سو اللہ بس ہے شاہد ہمارے تمہارے بیچ مین ہم تمہاری بندگی
کی خبر نہین رکھتے فائدہ جتنے مشرک ہین اپنی خیال کو پوجتے ہین یا شیطان کو او ناکو نام کرتے
ہین تصویر بنا کر وہ اس کام سے بیزار ہین آخرت مین معلوم ہوگا یہ آیت سورۂ یونس کے پانچوین رکوع
مین ہے ثُمَّ قِيلَ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا ذُوقُوا عَذَابَ الْخُلْدِ هَلْ تُجْزَوْنَ إِلَّا بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُونَ
ترجمہ پھر کہینگے گنہگارونکو چکھو عذاب ہمیشہ کا وہی بدلا پاتے ہو جو کچھ کماتے تھے فائدہ یعنی
مشرک ہمیشہ دوزخ مین رہیگا یہ آیت سورۂ یونس کے ساتوین رکوع مین ہے وَمَا يَعْزُبُ عَنْ
رَبِّكَ مِنْ مِثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَلَا أَصْغَرَ مِنْ ذَٰلِكَ وَلَا أَكْبَرَ ترجمہ
اور غائب نہین رہتا تیرے رب سے ایک ذرہ بھر زمین مین نہ آسمان مین نہ اس سے چھوٹا نہ اس سے
بڑا یہ آیت سورۂ یونس کے ساتوین رکوع مین ہے يَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ شُرَكَاءَ
إِنْ يَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَخْرُصُونَ ترجمہ شریک پکارنے والے اللہ کے سوا کچھ نہین
چلتے مگر اپنے خیال کے اور کچھ نہین مگر اٹکلین دوڑاتے ہین یہ آیت سورۂ یونس کے
گیارھوین رکوع مین ہے وَلَا تَدْعُ مِنْ دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ فَإِنْ فَعَلْتَ
فَإِنَّكَ إِذًا مِنَ الظَّالِمِينَ ترجمہ اور مت پکار اللہ کے سوا ایسے کو کہ نہ بھلا کرے
تیرا نہ برا پھر اگر تو نے یہ کیا تو تو بھی اوس وقت ہے گنہگارونمین یہ آیت سورۂ یونس کے گیارھوین رکوع
مین ہے وَإِنْ يَمْسَسْكَ اللَّهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهُ إِلَّا هُوَ وَإِنْ يُرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَادَّ
لِفَضْلِهِ يُصِيبُ بِهِ مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَهُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ترجمہ اور اگر
پہونچاوے اللہ تجکو کچھ تکلیف تو کوئی نہین اوسکو کھولنے والا اوسکے سوا اور اگر چاہے تجھ
کچھ بھلائی تو کوئی پھیرنے والا نہین اوسکے فضل کو پہونچاوے وہ جسپر چاہے اپنے بندون مین اور وہی
ہے بخشنے والا مہربان یہ آیت سورۂ یوسف کے بارھوین رکوع مین ہے وَمَا يُؤْمِنُ أَكْثَرُهُمْ

بِاللّٰهِ اِلَّا وَهُمْ مُّشْرِكُوْنَ ۝ ترجمہ اور یقین نہین لاتے بہت لوگ اللہ پر مگر ساتھ شریک بھی کرتے
ہین فائدہ یعنی منہ سے کہتے ہین کہ خالق مالک سب کا وہی ہے پھر ساتھ اوسکے اورونکو شریک کرتے ہین یہ
آیت سورہ رعد کے دوسرے رکوع مین ہے لَهٗ دَعْوَةُ الْحَقِّ ؕ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ
لَهُمْ بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ؕ وَمَا دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا
فِيْ ضَلٰلٍ ۝ ترجمہ اوسیکو پکارنا سچ ہے اور جنکو پکارتے ہین اوسکے سوائے نہین پہونچتے اونکے
کام پر کچھ مگر جیسے کوئی پھیلا رہا دو ہاتھ طرف پانی کے کہ آپہونچے اوسکے منہ تک اور وہ کبھی نہ پہونچیگا
اور جتنی پکار ہے منکرون کی سب بھٹکتی ہے فائدہ شرک جنکو پکارتے ہین بعضے کو خیال نہین اور بعضے
جنکے خیال مین کچھ آتا ہے سو بسبب گمراہی کے سبکو پکارتے ہین یہ آیت سورہ رعد کے دوسرے رکوع
مین ہے قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ۝ ترجمہ کہہ پھر تمنے پکڑے
ہین اوسکے سوائے حمایتی جو مالک نہین اپنے بھلے برے کے یہ آیت سورہ رعد کے دوسرے رکوع مین ہے وَالَّذِيْنَ
لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ
سُوْٓءُ الْحِسَابِ ۝ ترجمہ اور جنہون نے اوسکا حکم نہ مانا اگر اون پاس ہو جتنا کچھ زمین مین ہے سارا اور
اوسکے برابر ساتھ اوسکے سب دین اپنی چھڑوائی مین اون لوگونکو ہے برا حساب یہ آیت سورہ نحل کے
پہلے رکوع مین ہے سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ ترجمہ وہ پاک ہے اور برے اونکے شریک بنانے سے
یہ آیت سورہ نحل کے دوسرے رکوع مین ہے اَفَمَنْ يَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝ ترجمہ
بھلا جو پیدا کرے برابر ہے اوسکے جو کچھ نہ پیدا کرے کیا تم سوچ نہین کرتے یہ آیت سورہ نحل کے دوسرے
رکوع مین ہے وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ۝ ترجمہ اور
جنکو پکارتے ہین اللہ کے سوائے کچھ پیدا نہین کرتے اور آپ پیدا ہوتے ہین یہ آیت سورہ نحل کے
دوسرے رکوع مین ہے اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ ۚ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۙ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ۝ ترجمہ مردے ہین
نہین جی نہین اور خبر نہین رکھتے کب اوٹھائے جائینگے فائدہ شاید یہ اونکو فرمایا جو مرے بزرگون کو پوجتے ہین
یہ آیت سورہ نحل کے تیسرے رکوع مین ہے اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ ترجمہ
معبود تمہارا معبود ہے اکیلا سو جو یقین نہین رکھتے یہ آیت سورہ نحل کے تیسرے رکوع مین ہے لِيَحْمِلُوْٓا اَوْزَارَهُمْ
كَامِلَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۙ وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ ۝ ترجمہ کہ اوٹھاوین بوجھ اپنے پورے دن قیامت کے
اور کچھ بوجھ اونکے جنکو بہکاتے ہین یہ آیت سورہ نحل کے چوتھے رکوع مین ہے ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ
وَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ فِيْهِمْ ؕ ترجمہ پھر دن قیامت کے رسوا کریگا اونکو اور

کہیگا کہان ہین میرے شریک جن پر تم ضد کرتے تھے یہ آیت سورہ نحل کے ساتوین رکوع مین ہے وقال اللہ لا تتخذوا الٰہین اثنین انما ہو الٰہ واحد فایای فارہبون ترجمہ اور کہا ہے اللہ نے نہ پکڑو معبود دو معبود ایک ہے سو مجھی سے ڈرو یہ آیت سورہ نحل کے ساتوین رکوع مین ہے ثم اذا مسکم الضر فالیہ تجئرون ترجمہ پھر جب لگتی ہے تمکو سختی تو اسیکی طرف چلاتے ہو یہ آیت سورہ نحل کے ساتوین رکوع مین ہے ثم اذا کشف الضر عنکم اذا فریق منکم بربہم یشرکون ترجمہ پھر جب کھول دے سختی تمسے تب ہی ایک فرقہ تم مین اپنے رب کے ساتھ لگتے ہین شریک بتانے یہ آیت سورہ نحل کے ساتوین رکوع مین ہے ویجعلون لما لا یعلمون نصیبا مما رزقنٰہم تاللہ لتسئلن عما کنتم تفترون ترجمہ اور ٹھیراتے ہین ایسونکو جنکی خبر نہین رکھتے ایک حصہ ہمارے دیے روزمین سے قسم اللہ کی تم سے پوچھنا ہے جو جھوٹ باندھتے تھے فائدہ یہ اونکو فرمایا جو اپنی کھیت مین مواشی مین تجارت مین اللہ کے سوا کسیکی نیاز ٹھیراتے ہین سب مال اللہ کا ہے اور کسی کا حق نہین مگر اللہ کی راہ مین دے اپنی ثواب کو پھر اپنی بدلی ثواب کسیکو دلوادے اسیطرح پرستش غیر اللہ کرنا شرک ہے یہ آیت سورہ نحل کے بارھوین رکوع مین ہے واذا رای الذین اشرکوا شرکاءہم قالوا ربنا ہؤلاء شرکاؤنا الذین کنا ندعوا من دونک فالقوا الیہم القول انکم لکٰذبون ترجمہ اور جب دیکھین شریک پکڑنے والے اپنے شریکون کو بولین اے رب یہ ہمارے شریک ہین جنکو ہم پکارتے تھے تیرے سوا تب وہ اونپر ڈالین بات کہ تم جھوٹے فائدہ جو لوگ پوجتے ہین بزرگون کو وہ بزرگ بیگناہ ہین ایک شیطان اپنا وہی نام رکھکر آپ کو پجواتا ہے اسی سے اونکو کہین گے کہ تم جھوٹے ہو یہ آیت سورہ بنی اسرائیل کے پہلے رکوع مین ہے الا تتخذوا من دونی وکیلا ترجمہ کہ نہ ٹھیراؤ میرے سوا کسی پر کام یہ آیت سورہ بنی اسرائیل کے تیسرے رکوع مین ہے وقضی ربک الا تعبدوا الا ایاہ وبالوالدین احسانا اما یبلغن عندک الکبر احدہما او کلاہما فلا تقل لہما اف ولا تنہرہما وقل لہما قولا کریما ترجمہ اور حکم دیا تیرے رب نے کہ نہ پوجو اوسکے سوا اور مان باپ سے بھلائی کبھی پہنچ جاوے تیرے سامنے بڑھاپے کو ایک یا دونون تو نہ کہہ اونکو ہون اور نہ جھڑک اونکو اور کہہ اونکو بات ادب کی یہ آیت سورہ بنی اسرائیل کے تیسرے رکوع مین ہے واخفض لہما جناح الذل من الرحمۃ وقل رب ارحمہما کما ربیٰنی صغیرا ترجمہ اور جھکا دے اگے کندھے عاجزی کر کر پیار سے اور کہہ اے رب اونپر رحم کر جیسا پالا او نھون نے مجکو چھوٹا یہ آیت سورہ بنی اسرائیل کے دوسرے رکوع مین ہے لا تجعل مع اللہ الٰہا

آخر فتقعد مذموما مخذولا ۞ ترجمہ پھر اللہ کے ساتھ دوسرا حاکم پھر بیٹھ رہیگا تو اولاہنا
پاکر بیکس ہوکر یہ آیت سورہ بنی اسرائیل کے چھٹے رکوع میں ہے، قل ادعوا الذین زعمتم من دونہ
فلا یملکون کشف الضر عنکم ولا تحویلا ۞ ترجمہ کہہ پکارو جنکو سمجھتے ہو سوائے اوسکے
سو نہیں اختیار رکھتے کہ تکلیف کھول دیں تمسے اور نہ بدل دیں فائدہ یعنی تمسے کسی اور پر ڈالدیں یہ
آیت سورہ بنی اسرائیل کے چھٹے رکوع میں ہے، اولئک الذین یدعون یبتغون الی ربہم الوسیلۃ
ایہم اقرب ویرجون رحمتہ ۞ ترجمہ وہ لوگ جنکو یہ پکارتے ہیں ڈھونڈتے ہیں اپنے رب تک وسیلہ
کہ کون بندہ بہت نزدیک ہے اور امید رکھتے ہیں اوسکی مہر کی فائدہ یعنی جنکو پوجتے ہیں وہ آپ بھی
اللہ صاحب کی جناب میں وسیلہ ڈھونڈتے ہیں کہ جو بندہ بہت نزدیک ہے اوسی کا وسیلہ ڈھونڈیں یعنی جسکی
سفارش آخرت میں یعنی شفاعت ہوگی یہ آیت سورہ کہف کے چوتھے رکوع میں ہے، ولا تقولن لشیء انی فاعل
ذلک غدا الا ان یشاء اللہ واذکر ربک اذا نسیت ۞ ترجمہ اور نہ کہیو کسی کام کو کہ میں یہ کرونگا کل
مگر یہ کہہ کہ اللہ چاہے اور یاد کرلے اپنے رب کو جب بھول جاوے یہ آیت سورہ کہف کے چوتھے
رکوع میں ہے، ما لہم من دونہ من ولی ولا یشرک فی حکمہ احدا ۞ ترجمہ کوئی نہیں انکا
اوسکے سوائے مختار اور نہیں شریک کرتا اپنے حکم میں کسیکو یہ آیت سورہ کہف کے
بارھویں رکوع میں ہے، افحسب الذین کفروا ان یتخذوا عبادی من دونی اولیاء ط
انا اعتدنا جہنم للکفرین نزلا ۞ ترجمہ کیا سمجھتے ہیں منکر کہ ٹھیراویں میرے بندوں کو میرے سوا حمایتی ہمنے
رکھی ہے دوزخ منکروں کی مہمانی یہ آیت سورہ انبیاء کے دوسرے رکوع میں ہے، بل عباد مکرمون ۞
لا یسبقونہ بالقول وہم بامرہ یعملون ۞ ترجمہ لیکن وہ بندے ہیں جنکو عزت دی ہے اوس سے
بڑھکر نہیں بول سکتے اور وہ اوسی کے حکم پر کام کرتے ہیں یہ آیت سورہ انبیاء کے چوتھے
رکوع میں ہے، قل من یکلؤکم باللیل والنہار من الرحمن ط بل ہم عن ذکر ربہم معرضون ۞
ترجمہ تو کہہ کون چوکی دیتا ہے تمہاری رات میں اور دن میں رحمن سے کوئی نہیں وہ اپنے رب کے
ذکر سے ٹال کرتے ہیں یہ آیت سورہ انبیاء کے پانچویں رکوع میں ہے، افتعبدون من
دون اللہ ما لا ینفعکم شیئا ولا یضرکم ۞ ترجمہ کیا پھر تم پوجتے ہو اللہ سے ورے
ایسے کو کہ تمہارا کچھ بھلا کرے نہ برا یہ آیت سورہ حج کے دوسرے رکوع میں ہے یدعوا من
دون اللہ ما لا یضرہ وما لا ینفعہ ط ذلک ہو الضلل البعید ۞ ترجمہ پکارتا ہے اللہ کے سوا
ایسی چیز کو اوسکا برا نہیں کرتے اور ایسے کہ اوسکا بھلا نہیں کرتے یہی ہے دور پڑنا بھول کر یہ آیت

سورۂ حج کے دوسرے رکوع میں ہے اِنَّ اللّٰہَ یَفْعَلُ مَا یَشَآءُ ۝ ترجمہ اللہ کرتا ہے جو چاہے
یہ آیت سورۂ حج کے چوتھے رکوع میں ہے وَمَنْ یُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ ترجمہ اور جو
شخص شریک بنایا اللہ کا سو جیسے گر پڑا آسمان سے فائدہ یعنی جیسے کسی کا جسم ہی نوچ لیا حرام اور جو کوئی شرک کرے اوسکی
مثال یہی ہے اس واسطے کہ جسکی نسبت اللہ سے قائم ہے اور جہاں نسبت بہت ہلکی ہو گئی وہ سب اوسکو راہ میں اور جگہ لیگئے پاس سے
سنکر ہو گیا یہ آیت سورۂ حج کے دسویں رکوع میں ہے اِنَّ الَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ
یَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ؕ وَاِنْ یَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَیْـًٔا لَّا یَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ؕ ترجمہ
جنکو تم پوجتے ہو اللہ کے سوا ہرگز نہ بنا سکیں ایک مکھی اگرچہ سارے جمع ہوں اور اگر کچھ چھین لے
اون سے مکھی پھیر نہ سکیں وہ اوس سے یہ آیت سورۂ حج کے آٹھویں رکوع میں ہے هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ
مَا یَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِیُّ الْكَبِیْرُ ۝ ترجمہ وہی ہے صحیح اور
جسکو پکارتے ہیں اوسکے سوائے وہی ہے غلط اور اللہ وہی ہے اوپر بڑا یہ آیت سورۂ حج کے دسویں
رکوع میں ہے مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِیٌّ عَزِیْزٌ ۝ ترجمہ اللہ کی قدر نہیں سمجھے جیسی
اوسکی قدر ہے بیشک اللہ زور آور ہے زبردست یہ آیت سورۂ حج کے دسویں رکوع میں ہے وَاِلَی اللّٰهِ
تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝ ترجمہ اور اللہ تک پہنچ ہر کام کی فائدہ یعنی وہ بھی اختیار نہیں رکھتے
اختیار ہر چیز میں اللہ کا ہے یہ آیت سورۂ نور کے دوسرے رکوع میں ہے یَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ
تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖۤ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۝ ترجمہ اللہ تم کو سمجھاتا ہے کہ پھر نہ کرو ایسا کام کبھی اگر تم
یقین رکھتے ہو یہ آیت سورۂ فرقان کے پہلے رکوع میں ہے وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً لَّا
یَخْلُقُوْنَ شَیْـًٔا وَّهُمْ یُخْلَقُوْنَ وَلَا یَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّلَا یَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّلَا
حَیٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ۝ ترجمہ اور لوگوں نے پکڑے ہیں اوس سے ورے کتنے حاکم جو نہیں بناتے
کچھ چیز اور آپ بنتے ہیں اور نہیں مالک اپنے حق میں برے کے نہ بھلے کے اور نہیں مالک مرنے کے نہ جینے کے
اور نہ جی اوٹھنے کے یہ آیت سورۂ فرقان کے دوسرے رکوع میں ہے وَیَوْمَ یَحْشُرُهُمْ وَمَا
یَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَیَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِیْ هٰۤؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِیْلَ ۝ ترجمہ
اور جس دن جمع کر بلاوے گا اونکو اور جنکو پوجتے ہیں اللہ کے سوائے پھر اونسے کہے گا کیا تمنے بہکایا میرے
ان بندوں کو یا وہ آپ بہکے راہ سے یہ آیت سورۂ فرقان کے دوسرے رکوع میں ہے قَالُوْا
سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ یَنْۢبَغِیْ لَنَاۤ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ اَوْلِیَآءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰی
نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَكَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا ۝ ترجمہ بولیں گے تو پاک ہے ہم کو بن نہ آتا تھا کہ پکڑیں تیرے بغیر

کوئی رفیق لیکن تونے انکو بڑھنے دیا اور اونکے باپ دادون کو یہان تک کہ بھول گئے یاد اور یہ تھے
لوگ کھپنے والے یہ آیت سورہ فرقان کے پانچوین رکوع مین ہے وَیَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ مَا لَا یَنْفَعُھُمْ
وَلَا یَضُرُّھُمْ ترجمہ اور پوجتے ہین اللہ کو چھوڑ کر وہ چیز کہ نہ بھلا کرے اونکا نہ برا یہ آیت سورہ شعرا کے گیارہوین
رکوع مین ہے فَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰہِ اِلٰھًا اٰخَرَ فَتَکُوْنَ مِنَ الْمُعَذَّبِیْنَ ترجمہ سو تو مت پکار اللہ
کے ساتھ دوسرا حاکم پھر تو پڑے عذاب مین فائدہ یہ فرمایا رسول کو اور سنایا اورون کو یہ آیت
سورہ نمل کے پانچوین رکوع مین ہے اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ ترجمہ
بھلا کون پہونچتا ہے پھنسے کی پکار کو جب اوسکو پکارتا ہے اور اوٹھا دیتا ہے برائی یہ آیت سورہ نمل کے
چھٹے رکوع مین ہے اِنَّکَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی وَلَا تُسْمِعُ الصُّمَّ الدُّعَآءَ ترجمہ تو نہین سنا سکتا مردون کو
اور نہین سنا سکتا بہرون کو پکار یہ آیت سورہ عنکبوت کے پہلے رکوع مین ہے اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ
یُّتْرَکُوْٓا اَنْ یَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَھُمْ لَا یُفْتَنُوْنَ ترجمہ کیا یہ سمجھے ہین لوگ کہ چھوٹ جاوینگے اتنا کہکر کہ
ہم یقین لائے اور اونکو جانچ نہ لین گے یہ آیت سورہ عنکبوت کے دوسرے رکوع مین ہے
وَمَا لَکُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ ترجمہ کوئی نہین تمہارا اللہ سے ورے حمایتی اور مددگار یہ آیت
سورہ عنکبوت کے ساتوین رکوع مین ہے فَاِذَا رَکِبُوْا فِی الْفُلْکِ دَعَوُا اللّٰہَ مُخْلِصِیْنَ لَہُ الدِّیْنَ ترجمہ
پھر جب سوار ہوئے کشتی مین پکارنے لگے اللہ کو نری اوسی پر رکھکر نیت یہ آیت سورہ عنکبوت کے ساتوین رکوع
مین ہے فَلَمَّا نَجّٰھُمْ اِلَی الْبَرِّ اِذَا ھُمْ یُشْرِکُوْنَ ترجمہ پھر جب بچا لایا اونکو زمین کیطرف اوسوقت لگے شریک
پکڑنے یہ آیت سورہ روم کے دوسرے رکوع مین ہے وَلَمْ یَکُنْ لَّھُمْ مِّنْ شُرَکَآئِھِمْ شُفَعٰٓؤُا
وَکَانُوْا بِشُرَکَآئِھِمْ کٰفِرِیْنَ ترجمہ اور نہ ہون گے انکے شریکون مین کوئی اونکے سفارش والے اور یہ ہو جاوینگے
اپنے شریکون سے منکر فائدہ یعنی جنکو شریک اللہ کا بتاتے تھے یہ آیت سورہ روم کے
چوتھے رکوع مین ہے اَمْ اَنْزَلْنَا عَلَیْھِمْ سُلْطٰنًا فَھُوَ یَتَکَلَّمُ بِمَا کَانُوْا بِہٖ یُشْرِکُوْنَ ترجمہ کیا
ہمنے اونپر اوتاری ہے کوئی سند سو وہ بولتی ہے جو یہ شریک بتاتے ہین یہ آیت سورہ روم کے چوتھے
رکوع مین ہے اَللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ ثُمَّ رَزَقَکُمْ ثُمَّ یُمِیْتُکُمْ ثُمَّ یُحْیِیْکُمْ ط ھَلْ مِنْ شُرَکَآئِکُمْ مَّنْ
یَّفْعَلُ مِنْ ذٰلِکُمْ مِّنْ شَیْءٍ سُبْحٰنَہٗ وَتَعٰلٰی عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ترجمہ اللہ وہی ہے جسنے تمکو
بنایا پھر تمکو روزی دی پھر تمکو مارتا ہے پھر تمکو جلاویگا کوئی ہے تمہارے شریکون مین جو کرسکے ان
کامون مین ایک کام وہ نرالا ہے اور بہت اوپر ہے اس سے جو شریک بتاتے ہین یہ آیت سورہ لقمان کے
دوسرے رکوع مین ہے وَاِنْ جَاھَدٰکَ عَلٰٓی اَنْ تُشْرِکَ بِیْ مَا لَیْسَ لَکَ بِہٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْھُمَا

وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوفًا ۃ ترجمہ اور اگر وہ دونون تجھسے اڑین اسپر کہ شریک بنا میرا جو تجھکو معلوم نہین تو او نکا کہا نمان اور ساتھ دے او نکا دنیا مین دستور سے فائدہ شریک نہ ماننا جو معلوم نہین یعنی شبہ ہو تو نہ مان اور یقین سمجہ کر تو کیون مانے یہ آیت سورۂ لقمان کے تیسرے رکوع میں ہے ذٰلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّ مَا يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ الْبَاطِلُ وَأَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ ۃ ترجمہ یہ اسپر کہ اللہ وہی ٹھیک ہے اور جو پکارتے ہین اوسکے سوا سو وہی جھوٹ ہے اور اللہ وہی ہے سب سے اوپر بڑا یہ آیت سورۂ الم سجدہ کے پہلے رکوع میں ہے مَا لَكُمْ مِنْ دُونِهِ مِنْ وَلِيٍّ وَلَا شَفِيعٍ أَفَلَا تَتَذَكَّرُونَ ۃ ترجمہ کوئی نہین تمھارا اوسکے سوا حمایتی نہ سفارشی پھر کیا تم سوچ نہین کرتے آیت سورۂ الم سجدہ کے دوسرے رکوع میں ہے أَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ فَاسِقًا لَا يَسْتَوُونَ ترجمہ بھلا ایک جو ایمان پر ہے برابر اوسکے جو بے حکم ہے نہین برابر ہوتے یہ آیت سورۂ احزاب کے دوسرے رکوع مین ہے قُلْ مَنْ ذَا الَّذِي يَعْصِمُكُمْ مِنَ اللّٰهِ إِنْ أَرَادَ بِكُمْ سُوءًا أَوْ أَرَادَ بِكُمْ رَحْمَةً وَلَا يَجِدُونَ لَهُمْ مِنْ دُونِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا ۃ ترجمہ تو کہہ کون ہے کہ تمکو بچاوے اللہ سے اگر چاہے تمپر برائی یا چاہے تم پر مہر اور نہ پاوینگے اپنے واسطے اللہ کے سوائے کوئی حمایتی نہ مددگار یہ آیت سورہ سبا کے تیسرے رکوع مین ہے قُلِ ادْعُوا الَّذِينَ زَعَمْتُمْ مِنْ دُونِ اللّٰهِ لَا يَمْلِكُونَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ وَمَا لَهُمْ فِيهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَمَا لَهُ مِنْهُمْ مِنْ ظَهِيرٍ ترجمہ تو کہہ پکارو اونکو جنکو دعوے کرتے سوائے اللہ کے وہ نہین مالک ایک ذرہ بھر آسمانون مین نہ زمین مین اور نہ اونکا ان دونوں مین ساجھا اور نہ اونمین کوئی اوسکا مددگار یہ آیت سورۂ فاطر کے دوسرے رکوع مین ہے ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ وَالَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِهِ مَا يَمْلِكُونَ مِنْ قِطْمِيرٍ ۃ ترجمہ یہ اللہ ہے تمھارا رب اوسکی بادشاہی اور جنکو تم پکارتے ہو اوسکے سوائے مالک نہین چھلکے کے یہ آیت سورۂ فاطر کے دوسرے رکوع مین ہے إِنْ تَدْعُوهُمْ لَا يَسْمَعُوا دُعَاءَكُمْ وَلَوْ سَمِعُوا مَا اسْتَجَابُوا لَكُمْ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكْفُرُونَ بِشِرْكِكُمْ ۃ ترجمہ اگر تم اونکو پکارو سنین نہین تمھاری پکار اور اگر سنین پہونچین نہین تمھاری کام پر اور دن قیامت کے منکر ہونگے تمھارے شریک ٹھرانے سے فائدہ یعنی اللہ سے زیادہ احوال کون جانے وہی فرماتا ہے کہ یہ شریک غلط ہین یہ آیت سورۂ فاطر کے تیسرے رکوع مین ہے وَمَا يَسْتَوِي الْأَحْيَاءُ وَلَا الْأَمْوَاتُ ۃ إِنَّ اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ يَشَاءُ وَمَا أَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَنْ فِي الْقُبُورِ ۃ ترجمہ اور برابر نہین جیتے نہ مردے اللہ سناتا ہے جسکو چاہے تو نہین سنانے والا قبر مین پڑونکو یہ آیت سورہ

فاطر کے پانچوین رکوع مین ہے قُلْ أَرَأَيْتُمْ شُرَكَاءَكُمُ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ أَرُونِي
مَاذَا خَلَقُوا مِنَ الْأَرْضِ أَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمَاوَاتِ أَمْ آتَيْنَاهُمْ كِتَابًا فَهُمْ عَلَىٰ بَيِّنَتٍ مِنْهُ ترجمہ
تو کہہ بھلا دیکھو تو اپنے شریک جنکو پکارتے ہو اللہ کے سوا دکھاؤ تو مجھکو کیا بنایا انھون نے زمین مین یا انکی
رنکا ساجھا ہے آسمانون مین یا ہمنے دی ہے انکو کوئی کتاب سو یہ سند رکھتے ہین اوسکی یہ آیت سورہ
صافات کے تیسرے رکوع مین ہے وَلَقَدْ نَادَانَا نُوحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيبُونَ ترجمہ اور
ہمکو پکارا تھا نوح نے سو کیا خوب پہنچنے والے ہین ہم یہ آیت سورہ صافات کے تیسرے رکوع
مین ہے أَتَعْبُدُونَ مَا تَنْحِتُونَ ترجمہ کیون پوجتے ہو جو آپ تراشتے ہو یہ آیت سورہ زمر کے پہلے رکوع
مین ہے وَالَّذِينَ اتَّخَذُوا مِنْ دُونِهِ أَوْلِيَاءَ مَا نَعْبُدُهُمْ إِلَّا لِيُقَرِّبُونَا إِلَى اللَّهِ زُلْفَىٰ
ترجمہ اور جنھون نے پکڑے ہین اوس سے ورے حمایتی ہم انکو پوجتے ہین سو اسی کہ ہمکو پہنچا دین
اللہ کی طرف پاس کے درجہ یہ آیت سورہ زمر کے پہلے رکوع مین ہے وَإِذَا مَسَّ الْإِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا
رَبَّهُ مُنِيبًا إِلَيْهِ ثُمَّ إِذَا خَوَّلَهُ نِعْمَةً مِنْهُ نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُو إِلَيْهِ مِنْ قَبْلُ وَجَعَلَ لِلَّهِ أَنْدَادًا
لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيلِهِ ترجمہ اور جب لگے انسان کو سختی پکارے اپنے رب کو رجوع ہوکر اوسکی طرف پھر جب
بخشے اوسکو نعمت اپنی طرف سے بھول جاوے جو پکارتا تھا اوس کام کو پہلے سے اور ٹھہراوے اللہ کے
برابر اور تاکو بہکاوے اوسکی راہ سے یہ آیت سورہ زمر کے پہلے رکوع مین ہے إِنْ تَكْفُرُوا
فَإِنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ عَنْكُمْ وَلَا يَرْضَىٰ لِعِبَادِهِ الْكُفْرَ وَإِنْ تَشْكُرُوا يَرْضَهُ لَكُمْ وَلَا تَزِرُ
وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَىٰ ترجمہ اگر تم منکر ہوے تو اللہ پروا نہین رکھتا تمھاری اور پسند نہین
کرتا اپنے بندون کے منکری اور اگر حق مانوگے تو پسند کریگا تمھارا اور نہ اوٹھاویگا کوئی اوٹھانے والا
بوجھ دوسرے کا فائدہ جو کوئی وحدانیت سے منکر ہو جاوے تو اللہ کچھ پروا نہین رکھتا تمھاری اور یہ منکری نہین
پسند کرتا یہ آیت سورہ زمر کے چوتھے رکوع مین ہے قُلْ أَفَرَأَيْتُمْ مَا تَدْعُونَ
مِنْ دُونِ اللَّهِ إِنْ أَرَادَنِيَ اللَّهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كَاشِفَاتُ ضُرِّهِ أَوْ أَرَادَنِي بِرَحْمَةٍ
هَلْ هُنَّ مُمْسِكَاتُ رَحْمَتِهِ ترجمہ تو کہہ بھلا دیکھو تو جنکو پوجتے ہو اللہ کے سوا اگر چاہے اللہ مجھپر
تکلیف وہ ہین کہ کھولدین تکلیف اوسکی ڈالی یا وہ چاہے مجھپر مہر وہ ہین کہ روکدین اوسکی مہر یہ آیت
سورہ زمر کے پانچوین رکوع مین ہے وَلَوْ أَنَّ لِلَّذِينَ ظَلَمُوا مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَمِثْلَهُ مَعَهُ
لَافْتَدَوْا بِهِ مِنْ سُوءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ترجمہ اور اگر گنہگارون کے پاس ہو جتنا کچھ ہے
زمین مین سارا اور اتنا ہی اور اوسکے ساتھ سب دیدے ڈالین اپنی چھڑائی مین بُری طرح کی

مارے دن قیامت کے یہ آیت سورہ زمر کے ساتوین رکوع مین ہے وَلَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيْكَ وَاِلَى
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ج لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ترجمہ اور حکم ہو چکا ہے
تجکو اور تجھسے اگلونکو اگر تونے شریک مانا اکارت جاوینگے تیرے کیے اور تو ہوگا ٹوٹے
مین آیا یہ آیت سورہ زمر کے ساتوین رکوع مین ہے بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ الشّٰكِرِيْنَ
ترجمہ نہ بلکہ اللہ ہی کو پوج اور رہ حق ماننے والون مین یہ آیت سورہ زمر کے ساتوین رکوع مین ہے وَمَا
قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ترجمہ اور نہین سمجھے اللہ کو جیسا کچھ وہ ہے یہ آیت سورہ مومن کے چھٹے رکوع مین ہے
قَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ترجمہ اور کہتا ہے تمہارا رب مجکو پکارو کہ پہونچون تمہاری پکار کو یہ آیت سورہ
حٰم سجدہ کے پہلے رکوع مین ہے قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ
فَاسْتَقِيْمُوْٓا اِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوْهُ ط وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ ترجمہ تو کہہ مین بھی آدمی ہون جیسے تم
حکم آتا ہے مجکو کہ تم پر بندگی ایک حاکم کی ہے سو سیدھے رہو اوسکی طرف اور اوس سے گناہ بخشواؤ اور خرابی
ہے شریک والونکو یہ آیت سورہ حٰم کے پانچوین رکوع مین ہے اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ اِنَّهٗ
بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ترجمہ کرتے جاؤ جو چاہو بیشک جو کرتے ہو وہ دیکھتا ہے یہ آیت سورہ شوریٰ
کے پہلے رکوع مین ہے وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ اللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ وَمَآ اَنْتَ
عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ترجمہ اور جنھون نے پکڑے ہین اوسکے سوائے رفیق اللہ کو وہ یاد ہین اور تجھ پر نہین
اونکا ذمہ یہ آیت سورہ شوریٰ کے پہلے رکوع مین ہے اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ج
فَاللّٰهُ هُوَ الْوَلِيُّ وَهُوَ يُحْيِ الْمَوْتٰى وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ترجمہ کیا انھون نے پکڑی
ہین اس سے ورے کام بنانے والے سو اللہ جو ہے وہی ہے کام بنانے والا اور وہی جلاتا ہے مردے
اور وہ ہر چیز کرسکتا ہے یہ آیت سورہ شوریٰ کے چوتھے رکوع مین ہے وَمَا لَكُمْ مِّنْ
دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ترجمہ اور کوئی نہین تمکو اللہ کے سوائے کام بنانے والا نہ مددگار
یہ آیت سورہ شوریٰ کے پانچوین رکوع مین ہے يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ط يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ اِنَاثًا وَّ
يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ترجمہ پیدا کرتا ہے جو چاہے بخشتا ہے جسکو چاہے بیٹیان اور بخشتا ہے جسکو چاہے بیٹے
یہ آیت سورہ شوریٰ کے پانچوین رکوع مین ہے اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ج وَيَجْعَلُ مَنْ
يَّشَآءُ عَقِيْمًا ط اِنَّهٗ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ترجمہ یا اونکو دیتا ہے جوڑے بیٹے اور بیٹیان اور کرتا ہے جسکو چاہے بانجھ
وہ سب جانتا کرسکتا یہ آیت سورہ احقاف کے پہلے رکوع مین ہے قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ

ترجمہ تو کہہ بھلا دیکھو تو جنکو پکارتے ہو اللہ کے سوائے دکھاؤ تو مجکو انہوں نے کیا بنایا زمین میں یا کچھ اونکا
ساجھا ہے آسمانوں میں یہہ آیت سورۂ احقاف کے پہلے رکوع میں ہے وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ
يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗۤ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ترجمہ اوس
سے بہکا کون جو پکارے اللہ کے سوائے ایسے کو کہ نہ پہنچے اوسکے پکار کو دن قیامت تک اور انکو
خبر نہیں انکے پکارنے کی یہ آیت سورۂ احقاف کے پہلے رکوع میں ہے وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ
كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ترجمہ اور جب لوگ جمع ہون گے وہ ہونگے اونکے دشمن
ہونگے اون کے پوجنے سے منکر یہ آیت سورۂ فتحنا کے پہلے رکوع میں ہے وَيُعَذِّبَ
الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ
وَغَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَهَنَّمَ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا
ترجمہ اور تا عذاب کرے دغاباز مردوں کو اور عورتوں کو اور شرک والے مردوں کو اور عورتوں کو جو اٹکلتے ہیں
اللہ پر بری اٹکلیں انہیں پر پڑے مصیبت کا اور غصے ہوا اللہ اون پر اور اونکو پھٹکارا اور رکھا اون
کے واسطے دوزخ اور بری جگہہ ہو پہنچے یہ آیت سورہ فتحنا کے دوسرے رکوع میں ہے قُلْ فَمَنْ
يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
خَبِيْرًا ترجمہ تو کہہ کسکا کچھ چلتا ہے اللہ سے تمہارے واسطے اگر وہ چاہے تم پر تکلیف یا چاہے تمکو
فائدہ بلکہ اللہ ہے تمہارے کام سے خبردار یہ آیت سورۂ طور کے دوسرے رکوع میں ہے
اَمْ لَهُمْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ترجمہ کیا اونکا کوئی حاکم ہے اللہ کے سوائے
وہ اللہ نرالا ہے انکے شریک بتانے سے یہ آیت سورۂ نجم کے تیسرے رکوع میں ہے وَتَضْحَكُوْنَ
وَلَا تَبْكُوْنَ ترجمہ اور ہنستے ہو اور روتے نہیں یہ آیت سورۂ نجم کے تیسرے رکوع میں ہے
وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ترجمہ اور تم کھلاڑیاں کرتے ہو یہ آیت سورۂ ذاریات کے تیسرے رکوع
میں ہے وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ترجمہ اور نہ ٹھہراؤ اللہ کے
ساتھ اور کوئی پوجنے کا میں تمکو اوسکی طرف سے ڈر سناتا ہوں کھول کر یہ آیت سورۂ قمر کے تیسرے رکوع میں ہے
يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ ترجمہ جس دن گھسیٹے جاوینگے آگ میں
اوندھے منہ چکھو مزہ آگ کا فائدہ اللہ صاحب کے نزدیک مشرکون کی سخت خرابی ہے یہ آیت
سورۂ قاف کے دوسرے رکوع میں ہے الَّذِيْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ
فِي الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ترجمہ جسنے ٹھہرایا اللہ کے ساتھ اور کوئی پوجنا تو ڈالو اوسکو سخت

ما ہین یہ آیت سورۂ تغابن کے دوسرے رکوع میں ہے مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ ترجمہ نہین پڑی کوئی تکلیف بن حکم اللہ کے اور جو کوئی یقین لاوے اللہ راہ بتاوے اوسکے دلکو یہ آیت سورۂ معارج کے دوسرے رکوع مین ہے وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ترجمہ اور ہمسے چڑھ نہ جاوینگے

یہ آیتین ہدایت کے مقدمہ مین اللہ تعالے جلشانہ نے فرمائی ہین انہی کہی

یہ آیت سورۂ بقر کے سترھوین رکوع مین ہے يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ترجمہ چلاوے جسکو چاہے سیدھی راہ یہ آیت سورۂ بقر کے چھبیسوین رکوع مین ہے وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ترجمہ اور اللہ چلاوے جسکو چاہے سیدھی راہ فائدہ یعنے اللہ نے کتابین اونبی متعدد بھیجے اسواسطے نہین کہ ہر فرقہ کو جدی راہ فرمائی اللہ کے ہان سے سب خلق کو ایک ہی حکم ہے جسوقت وہ اس راہ سے کسی طرف بچلے ہین اللہ نے نبی بھیجا کہ سمجھاوے اور کتاب بھیجی اوسپر چلے جاوین پھر کتاب والے کتاب مین بچلے تب دوسری کتاب کی حاجت ہوئی سب نبی اور سب کتابین اوسی ایک راہ کے قایم کرنیکو آئی ہین اسکے مثال جیسے تندرستی ایک ہے اور مرض بیشمار جب ایک مرض پیدا ہوا ایک دوا اور پرہیز اوسکے موافق فرمایا جب دوسرا مرض پیدا ہو دوسری دوا اور پرہیز اوسکے موافق فرمایا اب آخری کتاب مین ایسی راہ فرمائی کہ مرض سے بچاو ہی ہے یہ سب بدلے کفایت ہوئی یہ آیت سورۂ بقر کے سینتیسوین رکوع میں ہے لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ترجمہ تیرا ذمہ نہین اونکو راہ پرلانا لیکن اللہ راہ پرلاوے جسکو چاہے یہ آیت سورۂ آل عمران کے تیرھوین رکوع مین ہے لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ ترجمہ تیرا اختیار کچھ نہین یا اونکو توبہ دیوے یا اونکو عذاب کرے فائدہ حق تعالے نے پیغمبر کو تربیت فرمائی کہ بندے کو اختیار نہین اللہ تعالے جو چاہے سو کرے یہ آیت سورۂ نسا کے بارھوین رکوع مین ہے اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ اللّٰهُ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ترجمہ کیا تم چاہتے ہو راہ پر لاؤ جسکو بچلایا اللہ نے اور جسکو اللہ راہ نہ دے پھر تو نہ پاوے اوسکے واسطے کہین راہ یہ آیت سورۂ نسا کے اکیسوین رکوع مین ہے وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ترجمہ اور جسکو بھٹکاوے اللہ پھر تو نہ پاوے اوسکے واسطے کہین راہ یہ آیت سورۂ انعام کے چوتھے رکوع مین ہے مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ يُضْلِلْهُ وَمَنْ يَّشَاْ يَجْعَلْهُ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ترجمہ جسکو چاہے اللہ گمراہ کرے اور جسکو چاہے ڈال دے سیدھی راہ پر یہ آیت سورۂ انعام کے دسوین رکوع مین ہے ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ترجمہ یہ اللہ کی

ہدایت ہے اسپر راہ دے جسکو چاہے اپنے بندونمین یہ آیت سورہ اعراف کی بائیسوین رکوع مین ہے
مَن یَّھدِ اللّٰہُ فَھُوَ المُھتَدِی ۚ وَمَن یُّضلِل فَاُولٰئِکَ ھُمُ الخٰسِرُونَ ۝ ترجمہ جسکو اللہ راہ
دے وہی پاوے راہ اور جسکو وہ بھٹکاوے سو وہی ہین زیان مین یہ آیت سورہ اعراف کے تئیسوین[۲۳]
رکوع مین ہے مَن یُّضلِلِ اللّٰہُ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ ترجمہ جس کو اللہ بھٹکاوے اوسے کوئی نہین راہ
دینے والا یہ آیت سورہ انفال کے تیسرے رکوع مین ہے وَاعلَمُوٓا اَنَّ اللّٰہَ یَحُولُ بَینَ المَرءِ
وَقَلبِہٖ ترجمہ اور جان لو کہ اللہ روک لیتا ہے آدمی سے اوسکے دلکو یہ آیت سورہ رعد کے چوتھے
رکوع مین ہے قُل اِنَّ اللّٰہَ یُضِلُّ مَن یَّشَآءُ وَیَھدِیٓ اِلَیہِ مَن اَنَابَ ۝ ترجمہ کہہ اللہ بچلاتا ہے
جسکو چاہے اور راہ دیتا ہے اپنی طرف اوسکو جو رجوع ہوا فائدہ یعنے حق تعالے کو ضرور نہین کہ سب
کو راہ پر لاوے یا نشانیان بھیج کر ہر طرح ہدایت دی بلکہ یہی منظور ہے کہ کوئی بچلے اور کوئی راہ پاوے جسکے
دل مین رجوع آئے نشان ہے کہ اوسکو سوجھانا پایا یہ آیت سورہ رعد کے پانچوین رکوع مین ہے
وَمَن یُّضلِلِ اللّٰہُ فَمَا لَہٗ مِن ھَادٍ ترجمہ اور جسکو بچلاوے اللہ سو کوئی نہین اوسکو سوجھانے والا یہ آیت
سورہ ابراہیم کے پہلے رکوع مین ہے فَیُضِلُّ اللّٰہُ مَن یَّشَآءُ وَیَھدِی مَن یَّشَآءُ ؕ وَھُوَ العَزِیزُ
الحَکِیمُ ۝ ترجمہ پھر بھٹکاتا ہے اللہ جسکو چاہے اور راہ دیتا ہے جسکو چاہے اور وہی زبردست حکمتون
والا یہ آیت سورہ نحل کے پانچوین رکوع مین ہے اِن تَحرِص عَلٰی ھُدٰھُم فَاِنَّ اللّٰہَ
لَا یَھدِی مَن یُّضِلُّ وَمَا لَھُم مِّن نّٰصِرِینَ ۝ ترجمہ اگر تو للچاوے اونکو راہ لانے کو تو اللہ راہ
نہین دیتا جسکو بچلاتا ہے اور کوئی نہین اونکے مددگار یہ آیت سورہ نحل کے تیرھوین[۱۳] رکوع مین ہے
وَلَو شَآءَ اللّٰہُ لَجَعَلَکُم اُمَّۃً وَّاحِدَۃً وَّلٰکِن یُّضِلُّ مَن یَّشَآءُ وَیَھدِی مَن یَّشَآءُ ؕ ترجمہ
اور اللہ چاہتا تو تم سب کو ایک ہی فرقہ کرتا لیکن بہکاتا ہے جسکو چاہے اور سوجھاتا ہے جسکو چاہے یہ آیت
سورہ کہف کے دوسرے رکوع مین ہے ذٰلِکَ مِن اٰیٰتِ اللّٰہِ ؕ مَن یَّھدِ اللّٰہُ فَھُوَ المُھتَدِ ۚ
وَمَن یُّضلِل فَلَن تَجِدَ لَہٗ وَلِیًّا مُّرشِدًا ۝ ترجمہ یہ ہے قدرتونسے اللہ کی جسکو راہ دے اللہ
وہی آوے راہ پر اور جسکو وہ بچلاوے پھر تو نہ پاوے اوسکا کوئی رفیق راہ پر لانے والا یہ آیت سورہ
کہف کے آٹھوین رکوع مین ہے اِنَّا جَعَلنَا عَلٰی قُلُوبِھِم اَکِنَّۃً اَن یَّفقَھُوہُ وَفِیٓ اٰذَانِھِم
وَقرًا ؕ وَاِن تَدعُھُم اِلَی الھُدٰی فَلَن یَّھتَدُوٓا اِذًا اَبَدًا ۝ ترجمہ ہمنے رکھی ہے اونکے دلون پر
اوٹ کہ اوسکو نہ سمجھین اور اونکے کانون مین بوجھ اور جو تو اونکو بلاوے راہ پر تو ہرگز نہ آوین راہ پر دوسوقت
کبھی یہ آیت سورہ یونس کے چھٹے رکوع مین ہے وَاللّٰہُ یَھدِی مَن یَّشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّستَقِیمٍ

ترجمہ اور اللہ لاوے جسکو چاہے سیدھی راہ پر۔ یہ آیت سورۂ قصص کے چھٹے رکوع میں ہے وَاِذَا
سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَقَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ لَا نَبْتَغِي الْجٰهِلِيْنَ ٭
ترجمہ اور جب سنیں نکمی بات اوس سے کنارہ کریں اور کہیں ہمکو ہمارے کام اور تمکو تمہارے کام سلامت رہو تم ہمکو نہیں چاہیں بے سمجھ
فائدہ یہ حبشہ کے نصاریٰ تھے نجاشی کے بھیجے ہوئے قرآن سنکر یقین لاتے اور جب جاہلوں سے توقع ہو
کہ بہکائے پر لگیگا اوس سے کنارہ ہی بہتر ہے۔ یہ آیت سورۂ قصص کے چھٹے رکوع میں ہے
اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ٭ ترجمہ تو راہ پر نہیں لاتا جسکو چاہے پر اللہ راہ
لاوے جسکو چاہے اور وہی خوب جانتا ہے جو راہ پر آوینگے فائدہ حضرت نے اپنے چچا ابو طالب کے
واسطے سعی کی کہ مرتے وقت کلمہ پڑھ لیں اونہوں نے قبول نہیں کیا اوس پر یہ آیت اوتری۔ یہ آیت سورۂ
شعراء کے چھٹے رکوع میں ہے اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ٭ ترجمہ میں تو یہی ڈر سنا دینے والا ہوں کھولکر
یہ آیت سورۂ شعراء کے چھٹے رکوع میں ہے اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ٭ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ٭
ترجمہ میں تمہارے پاس پیغام لانے والا ہوں معتبر سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو۔ یہ آیت سورۂ عنکبوت
کے دوسرے رکوع میں ہے وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ٭ ترجمہ اور رسول کا ذمہ یہی ہے
پہونچا دینا کھولکر۔ یہ آیت سورۂ الم سجدہ کے دوسرے رکوع میں ہے وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ
هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ٭ ترجمہ اور اگر
ہم چاہتے تو دیتے ہر جی کو سوجھ اسکی راہ کی لیکن ٹھیک پڑی میری کہی بات کہ مجھکو بھرنی دوزخ جنوں سے
اور آدمیوں سے اکٹھی۔ یہ آیت سورۂ احزاب کے چھٹے رکوع میں ہے يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ
شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ٭ ترجمہ اے نبی ہمنے تجکو بھیجا بتانے والا اور خوشی سنانے والا اور ڈرانیوالا۔ یہ آیت
سورۂ سبا کے تیسرے رکوع میں ہے وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا
وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ٭ ترجمہ اور تجکو جو ہمنے بھیجا سو سارے لوگوں کے واسطے خوشی
اور ڈر سنانے کو لیکن بہت لوگ نہیں سمجھتے۔ یہ آیت سورۂ فاطر کے دوسرے رکوع میں ہے فَاِنَّ
اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ٭ ترجمہ کیونکہ اللہ بھٹکاتا ہے جسکو چاہے اور سوجھاتا
ہے جسکو چاہے۔ یہ آیت سورۂ فاطر کے تیسرے رکوع میں ہے اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا
وَّنَذِيْرًا ٭ ترجمہ ہمنے تجکو بھیجا سچا دین دیکر خوشی اور ڈر سنانے والا فائدہ ڈرانیوالا خواہ نبی ہو خواہ
نبی کا نائب ہو۔ یہ آیت سورۂ یٰس کے پہلے رکوع میں ہے وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ
تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ٭ ترجمہ اور برابر ہے تو نے انکو ڈرایا نہ ڈرایا یقین نہیں کرتے

آیت سورۂ یٰس کے دوسرے رکوع میں ہے وَمَا عَلَیْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ ترجمہ اور ہمارا ذمہ
بس ہے پہونچا دینا کھولکر یہ آیت سورۂ زمر کے تیسرے رکوع میں ہے ذٰلِکَ ھُدَی اللّٰہِ
یَھْدِیْ بِہٖ مَنْ یَّشَآءُ وَمَنْ یُّضْلِلِ اللّٰہُ فَمَا لَہٗ مِنْ ھَادٍ ترجمہ راہ دینا اللہ کا اسطرح راہ
دیتا ہے جسکو چاہے اور جسکو راہ بہلا دے اللہ اوسکو کوئی نہیں سوجہانے والا یہ آیت سورۂ زمر
کے چوتھے رکوع میں ہے وَمَنْ یُّضْلِلِ اللّٰہُ فَمَا لَہٗ مِنْ ھَادٍ وَمَنْ یَّھْدِ اللّٰہُ فَمَا لَہٗ مِنْ
مُّضِلٍّ ترجمہ اور جسکو راہ بہلاوے تو کوئی نہیں اوسکو راہ دینے والا اور جسکو راہ سوجہاوے اوسکو
کوئی نہیں بہلانیوالا یہ آیت سورۂ مومن کے چوتھے رکوع میں ہے مَا لَکُمْ مِّنَ اللّٰہِ مِنْ عَاصِمٍ
وَمَنْ یُّضْلِلِ اللّٰہُ فَمَا لَہٗ مِنْ ھَادٍ ترجمہ کوئی نہیں تمکو اللہ سے بچانیوالا اور جسکو غلطی میں ڈالے
اللہ تو کوئی نہیں اوسکو سوجہانے والا یہ آیت سورۂ شورے کے دوسرے رکوع میں ہے
اَللّٰہُ یَجْتَبِیْٓ اِلَیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَیَھْدِیْٓ اِلَیْہِ مَنْ یُّنِیْبُ ترجمہ اللہ چن لیتا ہے اپنی طرف جسکو چاہے
اور راہ دیتا ہے اپنی طرف جو رجوع لاوے یہ آیت سورۂ شورے کے پہلے رکوع میں ہے
وَلَوْ شَآءَ اللّٰہُ لَجَعَلَھُمْ اُمَّۃً وَّاحِدَۃً وَّلٰکِنْ یُّدْخِلُ مَنْ یَّشَآءُ فِیْ رَحْمَتِہٖ ترجمہ اور اگر چاہتا
اللہ تو سب لوگونکو کرتا ایک ہی فرقہ پر وہ داخل کرتا ہے جسکو چاہے اپنے مہر میں یہ آیت سورۂ شورے
کے چوتھے رکوع میں ہے وَمَا لَکُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰہِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِیْرٍ ترجمہ اور
کوئی نہیں تمکو اللہ کے سوائے کام بنانیوالا نہ مددگار یہ آیت سورۂ شورے کے پانچویں رکوع میں ہے
وَمَنْ یُّضْلِلِ اللّٰہُ فَمَا لَہٗ مِنْ وَّلِیٍّ مِّنْ بَعْدِہٖ اور جسکو راہ نہ دے اللہ تو کوئی نہیں اوس کا کام بنانے
والا یہ آیت سورۂ شورے کے پانچویں رکوع میں ہے وَمَنْ یُّضْلِلِ اللّٰہُ فَمَا لَہٗ مِنْ
سَبِیْلٍ ترجمہ اور جسکو بہٹکاوے اللہ اوسکو کہیں نہیں راہ یہ آیت سورۂ زخرف کے دوسرے رکوع
میں ہے وَکَذٰلِکَ مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِکَ فِیْ قَرْیَۃٍ مِّنْ نَّذِیْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْھَآ اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓی
اُمَّۃٍ وَّاِنَّا عَلٰٓی اٰثٰرِھِمْ مُّقْتَدُوْنَ ترجمہ اور اسیطرح جو بہیجا ہمنے تجہسے پہلے ڈرسنانیوالا کسی گاؤں میں
سو کہنے لگے وہاں کے آسودہ لوگ ہمنے پائے اپنے باپ دادے ایک راہ پر اور ہم اونہی کی قدموں پر چلتے ہیں
یہ آیت سورۂ زخرف کے چوتھے رکوع میں ہے اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ اَوْ تَھْدِی الْعُمْیَ وَمَنْ
کَانَ فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ ترجمہ سو کیا تو سناوے گا بہروں کو یا سوجہاوے گا اندہوں کو اور جو صریح غلطی
میں بہٹکتوں کو یہ آیت سورۂ روم کے چوتھے رکوع میں ہے فَمَنْ یَّھْدِیْ مَنْ اَضَلَّ اللّٰہُ
وَمَا لَھُمْ مِّنْ نّٰصِرِیْنَ ترجمہ کون سوجہاوے جسکو اللہ نے بہکایا اور کوئی نہیں اونکا مددگار

یہ آیت سورہ روم کے پانچوین رکوع مین ہے وَمَآ اَنْتَ بِھٰدِی الْعُمْیِ عَنْ ضَلٰلَتِھِمْ ترجمہ
اور نہ تو راہ سوجھاوے اندھون کو اونکے بھٹکنے سے یہ آیت سورہ صاد کے پانچوین رکوع مین ہے اِنْ یُّوْحٰٓی
اِلَیَّ اِلَّآ اَنَّمَآ اَنَا نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ترجمہ مجھکو تو یہی حکم آتا ہے کہ نہین مین مگر ڈر سنانے والا ہون کھولکر یہ آیت سورہ جاثیہ
کے تیسرے رکوع مین ہے فَمَنْ یَّھْدِیْہِ مِنْ بَعْدِ اللّٰہِ اَفَلَا تَذَکَّرُوْنَ ترجمہ پھر کون راہ پر لاوے اوسکو اللہ
کے سوائے کیا تم سوچ نہین کرتے یہ آیت سورہ حج کے دوسرے رکوع مین ہے وَاَنَّ اللّٰہَ یَھْدِیْ مَنْ یُّرِیْدُ
ترجمہ اور یہ ہے کہ اللہ سوجھا دیتا ہے جسکو چاہے یہ آیت سورہ ذاریات کے تیسرے رکوع مین ہے وَذَکِّرْ فَاِنَّ
الذِّکْرٰی تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِیْنَ ترجمہ اور سمجھاتا رہ کہ سمجھانا کام آتا ہے ایمان والونکو یہ آیت سورہ منافقون کے پہلے رکوع
مین ہے اِنَّ اللّٰہَ لَا یَھْدِی الْقَوْمَ الْفٰسِقِیْنَ ترجمہ مقرر اللہ راہ نہین دیتا بے حکم لوگون کو یہ آیت
سورہ انعام کے آٹھوین رکوع مین ہے قُلْ لَّسْتُ عَلَیْکُمْ بِوَکِیْلٍ لِکُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّ
سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ترجمہ تو کہہ مین نہین تم پر داروغہ ہر خبر کا ایک وقت ٹھہر رہا ہے اور آگے جان لوگے
یہ آیت سورہ بنی اسرائیل کے گیارھوین رکوع مین ہے وَمَنْ یَّھْدِ اللّٰہُ فَھُوَ الْمُھْتَدِ وَ
مَنْ یُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَھُمْ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِہٖ ترجمہ اور جسکو سوجھاوے اللہ وہی ہے سوجھا اور
جسکو بھٹکاوے پھر تو نہ پاوے اونکے کوئی رفیق اوسکے سوائے یہ آیت سورہ نازعات کے دوسرے
رکوع مین ہے اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ یَّخْشٰھَا ترجمہ تو تو ڈر سنانے کو ہے اوس کو جو اوس سے
ڈرتا ہے یہ آیت سورہ غاشیہ کے پہلے رکوع مین ہے فَذَکِّرْ اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَکِّرٌ ترجمہ
سو تو سمجھا تیرا کام یہی ہے سمجھانا یہ آیت سورہ غاشیہ کے پہلے رکوع مین ہے لَسْتَ عَلَیْھِمْ
بِمُصَیْطِرٍ ترجمہ تو نہین اونپر داروغہ یہ آیت سورہ مطففین کے پہلے رکوع مین ہے کَلَّا
بَلْ رَانَ عَلٰی قُلُوْبِھِمْ ترجمہ کوئی نہین پر زنگ پکڑ گیا اونکے دلونپر یہ آیت سورہ اعلی کے
پہلے رکوع مین ہے فَذَکِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّکْرٰی ترجمہ سو تو سمجھا اگر کام کرے سمجھانا یہ آیت سورہ
بنی اسرائیل کے چھٹے رکوع مین ہے وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ عَلَیْھِمْ وَکِیْلًا ترجمہ
اور تجھکو نہین بھیجا ہمنے اونپر ذمہ لینے والا فائدہ جو سمجھانے سے نہین سمجھا سو فرما دیا کہ تم پر اونکا ذمہ نہین اللہ جسکو
جانے جسکو چاہے راہ بتاوے

یہ آیتین شفاعت کے مقدمہ مین اللہ تعالے نے فرمایا ہے

یہ آیت سورہ بقر کے چھٹے رکوع مین ہے وَاتَّقُوْا یَوْمًا لَّا تَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَیْئًا
وَّلَا یُقْبَلُ مِنْھَا شَفَاعَةٌ وَّلَا یُؤْخَذُ مِنْھَا عَدْلٌ وَّلَا ھُمْ یُنْصَرُوْنَ ترجمہ

اور بچو اوس دن سے کہ کام نہ آوے کوئی شخص کسی کے ایک ذرہ اور قبول ہووے کسی طرف سے سفارش
اور نہ لیں اوسکے بدلے میں کچھ اور نہ اونکو مدد پہونچے یہ آیت سورۂ بقر کے چھٹے رکوع میں ہے
مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ترجمہ کون ایسا ہے کہ سفارش کرے اوسکے پاس مگر جسکے
حکم سے یہ آیت سورۂ انعام کے آٹھوین رکوع میں ہے لَیْسَ لَھَا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ وَلِیٌّ
وَّلَا شَفِیْعٌ وَاِنْ تَعْدِلْ کُلَّ عَدْلٍ لَّا یُؤْخَذْ مِنْھَا ترجمہ نہیں اوسکو اللہ کے سوائے حمایتی
نہ سفارش والا اور اگر بدلا دے سارے بدلے قبول نہ ہوں اوس سے یہ آیت سورۂ بنی اسرائیل
کے نوین رکوع میں ہے عَسٰٓی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ترجمہ شاید کھڑا
کرے تجکو تیرا رب تعریف کے مقام میں فائدہ یعنے نیند سے جاگ کر قران پڑھا کر یہ حکم سب سے
زیادہ تجھپر کیا ہے کہ تجکو مرتبہ بڑا دینا ہے وہ تعریف کا مقام ہے شفاعت کا جب کوئی کچھ
نہ بول سکیگا تب حضرت اللہ سے عرض کر کر خلق کو چھڑا اونکی تکلیف سے یہ آیت سورۂ
طٰہٰ کے چھٹے رکوع میں ہے یَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَۃُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَہُ
الرَّحْمٰنُ وَرَضِیَ لَہٗ قَوْلًا ترجمہ اوس دن کام نہ آوے گی سفارش مگر جسکو حکم دیا رحمٰن
نے اور پسند کی اوسکی بات فائدہ یعنے اوسکے سفارش چلے گی یہ آیت سورۂ انبیا کے
دوسرے رکوع میں ہے وَلَا یَشْفَعُوْنَ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰی وَھُمْ مِّنْ خَشْیَتِہٖ مُشْفِقُوْنَ
ترجمہ اور وہ سفارش نہیں کرتے مگر اوسکی جس سے وہ راضی ہوا اور وہ اوسکی ہیبت سے
ڈرتے ہیں یہ آیت سورۂ انبیا کے دوسرے رکوع میں ہے لَا یَسْبِقُوْنَہٗ بِالْقَوْلِ وَھُمْ
بِاَمْرِہٖ یَعْمَلُوْنَ ترجمہ اوس سے بڑھ کر نہیں بول سکتے اور وہ اوسکے حکم پر کام کرتے ہیں یہ آیت سورۂ
مریم کے چھٹے رکوع میں ہے لَا یَمْلِکُوْنَ الشَّفَاعَۃَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَھْدًا ترجمہ نہیں اختیار رکھتے لوگ سفارش کا
مگر جسنے لیا رحمٰن سے قرار فائدہ یعنے جسکو اللہ نے وعدہ دیا وہی سفارش کریگا آیت سورۂ سبا کے تیسرے رکوع میں ہے
وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَۃُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا لِمَنْ اَذِنَ لَہٗ ترجمہ اور کام نہیں آتی سفارش اوسکے پاس مگر اوسکو جسکے واسطے حکم دیا یہ
آیت سورۂ مومن کے دوسرے رکوع میں ہے مَا لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ حَمِیْمٍ وَّلَا شَفِیْعٍ یُّطَاعُ ترجمہ
کوئی نہیں گنہگاروں کا دوست اور نہ کوئی سفارشی جسکی بات مانی جاوے یہ آیت سورۂ زمر کے
دوسرے رکوع میں ہے اَفَمَنْ حَقَّ عَلَیْہِ کَلِمَۃُ الْعَذَابِ اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ
فِی النَّارِ ترجمہ بھلا جسپر ٹھیک ہو چکا عذاب کا حکم بھلا تو خلاص کریگا آگ میں پڑے کو
یہ آیت سورۂ زمر کے پانچوین رکوع میں ہے اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ شُفَعَآءَ

قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ شَيْئًا وَّلَا يَعْقِلُوْنَ ۞ ترجمہ کیا انھون نے پکڑے
ہین اللہ کے سوائے کوئی سفارش والے تو کہہ اگرچہ اونکو اختیار نہو کسی چیز کا نہ بوجھ تو بھی یہ آیت
سورہ زمر کے پانچوین رکوع مین ہے قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا ط لَهٗ
مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۞ ترجمہ تو کہہ اللہ کے اختیار ہے
سفارش ساری اوسیکا راج ہے آسمان و زمین مین پھر اوسیکی طرف پھیرے جاؤگے فائدہ
یعنے اللہ کے روبرو سفارش ہے پر اللہ کے حکم سے یہ آیت سورہ نجم کے دوسرے
رکوع مین ہے وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ
يَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَرْضٰى ۞ ترجمہ اور بہت فرشتے ہین آسمانون مین کام نہین
آتی اونکی سفارش کچھ مگر جب حکم دے اللہ جسکے واسطے چاہے اور پسند کرے یہ آیت
سورہ ممتحنہ کے پہلے رکوع مین ہے اِلَّا قَوْلَ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَآ
اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۞ ترجمہ مگر ایک کہنا ابراہیم کا اپنے باپ کو مین مانگونگا معافی
تیری اور مالک نہین مین تیرے بہلے کو اللہ کے ہاتھ سے کسی چیز کا یہ آیت سورہ جن کے دوسرے
رکوع مین ہے قُلْ اِنِّيْ لَنْ يُّجِيْرَنِيْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۞ ترجمہ تو کہہ مجکو نہ بچاویگا
اللہ کے ہاتھ سے کوئی یہ آیت سورہ مدثر کے دوسرے رکوع مین ہے فَمَا
تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشّٰفِعِيْنَ ۞ ترجمہ پھر کام نآویگی اونکو سفارش سفارش کرنیوالونکی فائدہ
بہت لوگ ایسے ہین کہ اونکی سفارش کوئی نہ کریگا اگر کرین تو نہ قبول ہوگی یہ آیت سورہ نبا کے دوسرے
رکوع مین ہے لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ۞ ترجمہ قدرت نہین کہ کوئی اوس سے بات کرے
فائدہ عوام لوگ جو اوسکو نہین دیکھتے جو چاہین اوس سے دنیا مین کہہ لین آخرت مین اوسکا جلال
روبرو ہے بن حکم کوئی نہین بول سکتا یہ آیت سورہ نبا کے دوسرے رکوع مین ہے
لَا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ۞ ترجمہ کوئی نہین بولتا مگر جسکو حکم دیا رحمن نے
اور بولا بات ٹھیک فائدہ یعنے جو قابل سفارش کے ہین مسلمان اوسی کے واسطے کہا

یہ آیت غسل و وضو و تیمم کے مقدمہ مین فرمایا ہے

یہ آیت سورہ مائدہ کے دوسرے رکوع مین ہے يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ
اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ
اِلَى الْكَعْبَيْنِ ط وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ

أَحَدٌ مِّنكُم مِّنَ الْغَائِطِ أَوْ لَامَسْتُمُ النِّسَاءَ فَلَمْ تَجِدُوا مَاءً فَتَيَمَّمُوا صَعِيدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوا
بِوُجُوهِكُمْ وَأَيْدِيكُم مِّنْهُ ط مَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيَجْعَلَ عَلَيْكُم مِّنْ حَرَجٍ وَلَٰكِن يُرِيدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَ
لِيُتِمَّ نِعْمَتَهُ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ۝ ترجمہ اے ایمان والو جب تم اٹھو نماز کو تو دھولو اپنے
منہ اور ہاتھ کہنیون تک اور مل لو اپنے سر کو اور پانوٗ ٹخنون تک اور اگر تمکو جنابت ہو تو خوب طرح پاک
ہو اور اگر تم بیمار یا سفر مین یا ایک شخص تم مین آیا ہے جاے ضرور سے یا لگے ہو عورتون سے
پھر نپاوٗ پانی تو قصد کرو زمین پاک کا اور مل لو اپنے منہ اور ہاتھ وہان سے اللہ نہین چاہتا کہ
تم پر کچھ مشکل رکھے لیکن چاہتا ہے کہ تمکو پاک کرے اور اپنا احسان پورا کیا چاہے تم پر کہ شاید تم احسان مانو

یہ آیتین نماز کے مقدمہ مین فرمائی ہے اور نماز فرض عین ہے

یہ آیت سورہ بقر کے پانچوین رکوع مین ہے وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ وَارْكَعُوا مَعَ الرَّاكِعِينَ
ترجمہ اور کھڑی کرو نماز اور دیا کرو زکوۃ اور جھکو ساتھ جھکنے والون کے یہ آیت
سورہ بقر کے اکتیسوین رکوع مین ہے حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوَاتِ وَالصَّلَاةِ
الْوُسْطَىٰ وَقُومُوا لِلَّهِ قَانِتِينَ ۝ ترجمہ خبردار رہو نمازون سے اور بیچ والی نماز
سے اور کھڑے رہو اللہ کے آگے ادب سے فائدہ بیچ والی نماز عصر ہے کہ دن اور
رات کے بیچ مین ہے اسکا تقید زیادہ کیا ہے اور طلاق کے حکمون مین نماز کا حکم فرمادیا کہ
دنیا کے معاملات مین غرق ہوکر بندگی نہ بھول جاوٗ اسی واسطے عصر کا تقید زیادہ ہے کہ اوس وقت
دنیا کا شغل اکثر ہے فائدہ فرمایا کھڑے رہو ادب سے تو جو حرکت جس سے آدمی معلوم ہو کہ
نماز مین نہین اوس سے نماز ٹوٹتی ہے جیسے کھانا پینا یا کسی سے بات کرنی سوائے اسکے
یہ آیت سورہ بقر کے اکتیسوین رکوع مین ہے فَإِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا أَوْ رُكْبَانًا
فَإِذَا أَمِنتُمْ فَاذْكُرُوا اللَّهَ كَمَا عَلَّمَكُم مَّا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ ۝ ترجمہ پھر اگر تمکو ڈر ہو تو پیادہ
پڑھ لو یا سوار پھر جسوقت چین پاوٗ تو یاد کرو اللہ کو جیسا تمکو سکھایا ہے جو تم نہ جانتے تھے
فائدہ یعنے لڑائی کا وقت ہو تو ناچاری کو سواری پر بھی اور پیادہ بھی اشارہ سے
نماز روا ہے گو کہ قبلہ کی طرف بھی نہو یہ آیت سورہ نسا کے بائیسوین رکوع
مین ہے وَالْمُؤْمِنُونَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنزِلَ مِن
قَبْلِكَ وَالْمُقِيمِينَ الصَّلَاةَ وَالْمُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَالْمُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ
أُولَٰئِكَ سَنُؤْتِيهِمْ أَجْرًا عَظِيمًا ۝ ترجمہ اور ایمان والے سو مانتے ہین جو اترا تجھ پر

جو ایمان اچھے ہیں اور آفرین نماز پر قائم رہنے والون کو اور دینے والون زکوۃ کو اور یقین رکھنے والون الله
پر اور پچھلے دن پر ہم انکو دینگے بڑا ثواب یہ آیت سورہ اعراف کے تیسرے رکوع مین ہے یَا بَنِیْ آدَمَ
خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ترجمہ اے اولاد آدم کی
لو رونق ہر نماز کے وقت اور کھاؤ اور پیو اور مت اڑاؤ اسکو خوش نہین آتے اڑانے والے فائدہ اپنی رونق
یعنے لباس نماز مین فرض ہے مرد کو کمر سے تا زانو ڈھانکنا اور عورت کو سارا بدن مگر لونڈی کو زانو سے نیچے
اور بغل سے کھلنا معاف ہے اور کپڑا باریک جسمین بدن یا بال نظر آوین معتبر نہین فرمایا کہ مت اڑاؤ
یعنے منع کام مین خرچ کرو یہ آیت سورہ نسا کے پندرھوین رکوع مین ہے
وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ
يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اِنَّ الْكٰفِرِيْنَ كَانُوْا لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ترجمہ اور جب سفر
کرو ملک مین تو تم پر گناہ نہین کہ کچھ کم کرو نماز مین سے اگر تمکو ڈر ہو کہ ستاوینگے تمکو کافر البتہ
کافر تمہارے دشمن ہین صریح فائدہ سفر جو تین منزل کا ہو اوسمین چار رکعت فرض مین سے دو ہی
پڑھنی چاہئین ہر کافرون کے ستانیکا ڈر اوسوقت تھا جب یہ حکم آیا اس تقریب سے معافی ہے
ہر وقت کو اور پوری نہ پڑھے کہ الله صاحب کی بخشش سے بے پروائی ہوتی ہے اور
اوس سنت کا تقید سفر مین نہین رہتا یہ آیت سورہ نسا کے پندرھوین رکوع مین ہے
فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ
فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ترجمہ پھر
جب نماز کر چکو تو یاد کرو الله کو کھڑے اور بیٹھے اور پڑے پھر جب خاطر جمع سے ہو تو درست
کرو نماز بیشک نماز ہے مسلمانون پر وقت باندھا حکم فائدہ یعنے خوف کیوقت اگر نماز مین کوتاہی ہو تو بعد
نماز اور طرح الله کو یاد کرو ایک نماز مین یہ قید ہے کہ وقت ہی پر چاہیے اور یاد الله
کی ہر حال مین درست ہے یہ آیت سورہ نسا کے اکیسوین رکوع مین ہے
اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ خَادِعُهُمْ وَاِذَا قَامُوْا اِلَى الصَّلٰوةِ
قَامُوْا كُسَالٰى يُرَاءُوْنَ النَّاسَ وَلَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ترجمہ منافق
جو ہین دغابازی کرتے ہین الله سے اور وہی انکو دغا دیگا اور جب کھڑے ہون نماز
کو تو کھڑے جی ہارے دکھانے لوگون کو اور یاد نکرین الله کو مگر کم یہ آیت سورہ بنی
اسرائیل کے نوین رکوع مین ہے اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيْلِ وَ

قُرْاٰنَ الْفَجْرِ اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ترجمہ کھڑی رکھہ نماز سورج کے ڈھلنے سے
رات کے اندھیرے تک اور قرآن پڑھنا فجر کا بیشک قرآن پڑھنا فجر کا ہوتا ہے روبرو یہ آیت
سورہ حجر کے چھٹے رکوع میں ہے وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ
الْعَظِيْمَ ترجمہ اور ہمنے دی ہیں تجھکو سات آیتیں وظیفہ اور قرآن بڑے درجہ کا
فائدہ یعنے یہ نعمت بڑی دیکھہ اور کافرون کی ضد سے خفا ہو سات آیتیں وظیفہ کہا سورہ
فاتحہ کو اور بڑا قرآن بھی اسیکو کہا ہر سورہ قرآن ہے یہ سب سے بڑا ہے درجے میں
رسول نے فرمایا جسکو اللہ نے قرآن دیا ہو پھر کسی کی اور نعمت دیکھکر ہوس کرے
اوسنے قرآن کی قدر نہ جانی یہ آیت سورہ طہ کے آٹھوین رکوع میں ہے
وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا وَمِنْ اٰنَآءِ الَّيْلِ فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ
النَّهَارِ لَعَلَّكَ تَرْضٰى ترجمہ اور پڑھتا رہ خوبیان اپنے رب کی سورج نکلنے سے
اور ڈوبنے سے پہلے اور کچھہ گھڑیوں میں رات کے پڑھا کر اور دن کی حدون شاید
تو راضی ہوگا فائدہ دن کی حدون پہر پہر وقت میں نماز دن کے سوا پہلے پہر کے
اور راضی ہوگا یعنے امت کو مدد ہوگی دنیا میں اور بخشش گناہون کی آخرت میں تیری سفارش
سے یہ آیت سورہ طہ کے آٹھوین رکوع میں ہے وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَ
اصْطَبِرْ عَلَيْهَا لَا نَسْئَلُكَ رِزْقًا نَحْنُ نَرْزُقُكَ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ترجمہ اور حکم کر اپنے گھر والون
کو نماز کا اور آپ قائم رہ اوسپر ہم نہیں مانگتے تجھسے روزی ہم روزی دیتے ہیں تجھکو اور آخر بھلا ہے پرہیزگار کا
فائدہ اور خاوند غلام سے روزی کمواتے ہیں وہ خاوند بندگی چاہتا ہے روزی آپ دیتا ہے
یہ آیت سورہ حج کے دوسرے رکوع میں ہے اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي
السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَكَثِيْرٌ مِّنَ
النَّاسِ ترجمہ تونے دیکھا کہ اللہ کو سجدہ کرتے ہیں جو کوئی آسمان میں ہے اور جو کوئی زمین میں ہے
اور سورج اور چاند اور تارے اور پہاڑ اور درخت اور جانور اور بہت آدمی فائدہ ایک سجدہ ہے
کہ سب اوس میں شامل ہیں آسمان زمین میں جو کوئی ہے وہ یہ کہ اللہ کی قدرت میں بے بس ہیں اور ایک سجدہ ہے
ہر ایک کا جدا وہ یہ کہ اوسکو جس کام بنایا اوس کام میں لگے بہت آدمی کرتے ہیں بہت نہیں کرتے اور خلق
ساری کرتے ہیں یہ آیت سورہ عنکبوت کے پانچوین رکوع میں ہے وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ
اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَلَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَصْنَعُوْنَ

ترجمہ اور کھڑی رکھ نماز بیشک نماز روکتی ہے بے حیائی سے اور بری بات سے اور اللہ کی یاد
ہے سب سے بڑی اور اللہ کو خبر ہے جو کرتے ہو فائدہ یعنی وہ نماز میں لگے اتنی دیر گناہ سے
بچے امید ہے کہ آگے بھی بچتا رہے اور اللہ کی یاد کرنا اس سے زیادہ ہے اپنے گناہ سے بچے اور اسلئے رجوع ہوتے
یہ آیت سورہ روم کے چوتھے رکوع میں ہے مُنِيبِينَ إِلَيْهِ وَاتَّقُوهُ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَلَا
تَكُونُوا مِنَ الْمُشْرِكِينَ ترجمہ سب رجوع ہو کر اسکی طرف اور اس سے ڈرتے رہو اور کھڑی رکھو نماز اور مت ہو
شرک والوں میں فائدہ یعنے اصل دین پکڑو اسکی طرف رجوع ہو کر اگر صلاح دنیا کی واسطے کام کرو تو بھی
ہو یہ آیت سورہ لقمان کے دوسرے رکوع میں ہے يَا بُنَيَّ أَقِمِ الصَّلَاةَ وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوفِ
وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلَىٰ مَا أَصَابَكَ إِنَّ ذَٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْأُمُورِ ترجمہ اے بیٹے کھڑی رکھ نماز اور
سکھلا بھلی بات اور منع کر برائی سے اور سہار جو تجھ پر پڑے بیشک یہ ہیں ہمت کے کام فائدہ نماز
کے ساتھ زکوٰۃ نہیں فرمایا کہ ایسے لوگوں پاس مال کہاں رہتا ہے یہ آیت سورہ الرحمن کے پہلے رکوع
میں ہے وَالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدَانِ ترجمہ اور جھاڑ اور درخت سجدہ کرتے ہیں فائدہ نماز کو فرض
جان کر سب مخلوقات ادا کرتے ہیں کوئی غافل نہیں یہ آیت سورہ حدید کے پہلے رکوع میں ہے
سَبَّحَ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ترجمہ اللہ کی پاکی بولتا ہے
جو کچھ ہے آسمانوں میں اور زمین میں اور وہی ہے زبردست حکمت والا یہ آیت سورہ معارج
کے پہلے رکوع میں ہے إِلَّا الْمُصَلِّينَ الَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ صَلَاتِهِمْ دَائِمُونَ ترجمہ مگر وہ
نمازی جو اپنی نماز پر قائم ہیں یہ آیت سورہ معارج کے پہلے رکوع میں ہے وَالَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ صَلَاتِهِمْ
يُحَافِظُونَ ترجمہ اور جو اپنی نماز سے خبردار ہیں یہ آیت سورہ معارج کے پہلے رکوع میں ہے أُولَٰئِكَ فِي جَنَّاتٍ
مُكْرَمُونَ ترجمہ وہ ہیں باغوں میں عزت سے یہ آیت سورہ دہر کے دوسرے رکوع میں ہے وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَأَصِيلًا
ترجمہ اور یاد کر نام اپنے رب کا صبح اور شام یہ آیت سورہ دہر کے دوسرے رکوع میں ہے وَمِنَ اللَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهُ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا طَوِيلًا
ترجمہ اور کچھ رات میں سجدہ کر اسکو اور پاکی بول اسکی بڑی رات تک فائدہ اس آیت میں عشا اور تہجد کا اشارہ ہے یہ آیت سورہ
شوریٰ کے چوتھے رکوع میں ہے وَالَّذِينَ اسْتَجَابُوا لِرَبِّهِمْ وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَأَمْرُهُمْ شُورَىٰ بَيْنَهُمْ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ
يُنْفِقُونَ ترجمہ اور جنہوں نے حکم مانا اپنے رب کا اور کھڑی کی نماز اور ان کا کام ہے مشورے سے آپس کے
اور ہمارا دیا کچھ خرچ کرتے ہیں فائدہ مشورہ سے کام کرنا پسند ہے دین کا یا دنیا کا

ان آیتوں میں جو نذر و نیاز غیر اللہ کے لئے ہیں منع فرمایا

یہ آیت سورہ بقر کے اکیسویں رکوع میں ہے إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ

وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَلَآ اِثْمَ
عَلَيْهِ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۔ ترجمہ حرام کیا تم پر مردہ اور لوہو اور گوشت سور کا
اور جس پر نام پکارا اللہ کے سوا کا پھر جو کوئی پھنسا ہو نہ بے حکمی کرتا ہے نہ زیادتی تو اوس پر نہیں
گناہ اللہ بخشنے والا ہے مہربان فائدہ یعنے مواشی میں انہی ہی چیزیں حرام ہیں سو بھی جب آدمی بھوک
سے مرنے لگے تو یہ بھی معاف ہیں بشرطیکہ بے حکمی نکرے یعنے نوبت اضطرار کی نہیں پہونچی اور کھانے
لگا اور زیادتی بھی نکرے قدر ضرورت کھاوے یہ آیت سورۂ بقر کے بیسویں رکوع
میں ہے وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ۭ وَمَا
لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۔ ترجمہ اور جو خرچ کروگے کوئی خیرات یا قبول کروگے کوئی منت سو
اللہ کو معلوم ہے اور گنہگاروں کا کوئی نہیں مددگار فائدہ یعنے منت قبول کی تو واجب ہوگئی اب ادا
نکرے تو گنہگار ہے اور اللہ کے سوائے کسیکی نہ چاہیئے مگر یہ کہے کہ اللہ کے
واسطے فلانے شخص کو دونگا تو مختار ہے یہ آیت سورۂ مائدہ کے پہلے رکوع میں ہے
حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَ
الْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ
وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ۭ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ۭ ترجمہ حرام ہوا تم پر مردہ اور لوہو
اور گوشت سور کا اور جس چیز پر نام پکارا اللہ کے سوائے کا اور جو مر گیا گھٹ کر
یا چوٹ سے یا گر کر سینگ مارنے سے اور جسکو کھایا پھاڑنے والے نے مگر جو تم نے ذبح
کر لیا اور ذبح ہوا کسی تھان پر اور یہ کہ بانٹا کرو پانسے ڈال کر یہ گناہ کا کام ہے فائدہ مواشی میں یہی چیزیں
حرام فرمائیں سور اور یہ چیز کا لوہو اور آپ سے مرا یا کسی طرح بغیر ذبح کے اور جو خدا کے سوا کسی کے نام پر ذبح
کیا اور جو کسی مکان کی تعظیم پر ذبح کیا سوائے خانہ خدا اگر یہ چیزیں مضطر کو معاف ہیں بانٹا کرنا پانسوں
سے یہ عربوں کا ایک جوا تھا کہ شرط بد کر ایک جانور دس شخص نے خرید کر ذبح کیا اور دس پانسے تھے کسی پر لکھا اوس پر حصہ
یا کم زیادہ کوئی خالی پھر بانٹنے لگے تو ہر ایک کے نام پر جو پانسا آیا وہی حصہ اوسکو ملا یا خالی نکل گیا یہ شرط
بدنی تمام حرام ہے یہ بھی اوسمیں داخل ہے فائدہ اس سے معلوم ہوا کہ غیر خدا کے نام پر جانور ذبح ہوا یا غیر
خدا کی تعظیم پر وہ مردار ہے فائدہ یہ جو فرمایا کہ آج پورا دین تمہارا دے چکا یہ آیت آخر کو اوتری
ہے سب احکام اللہ کے نازل ہو چکے تھے اسکے بعد تین مہینے حضرت زندہ رہے ہیں یہ آیت سورۂ انعام
کے چودھویں رکوع میں ہے فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ترجمہ سو کھاؤ

ان مین سے جسپر نام لیا اللہ کا اگر تمکو اوسکے حکم پر یقین ہو یہ آیت سورہ انعام کے سولھوین رکوع مین ہے
فما كان لشركائهم فلا يصل الى الله ترجمہ سو اونکے شریکونکا ہے سو نہین پہنچے
اللہ کی طرف فائدہ یعنے جو چیز اللہ کو پہونچے اوسکا ثواب ونکے شریکونکو پہونچے گا یہ آیت
سورہ انعام کے اٹھارہوین رکوع مین ہے قُل لَّا اَجِدُ فِيْ مَا اُوْحِيَ اِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ
يَّطْعَمُهٗ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً اَوْ دَمًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ
ترجمہ تو کہہ مین نہین پاتا جس حکم مین کہ مجھکو پہونچا کوئی چیز حرام کھانے والے کو جو اوس کو
کھاوے مگر یہ کہ مردہ ہو یا لوہو پھینک دینے کا یا گوشت سور کا کہ وہ ناپاک ہے یا گناہ کی
چیز جسپر پکارا اللہ کے سوا کسیکا نام پھر جو کوئی عاجز ہو نہ زور کرتا نہ زیادتی تو تیرا رب معاف کرتا ہے
مہربان فائدہ یعنے جو جانور کھانے دستور ہین اونہین سے یہی حرام ہے یہ آیت سورہ نحل
کے پندرھوین رکوع مین ہے اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَا
اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ترجمہ یہی حرام کیا ہے تم پر مردہ اور لوہو اور سور کا گوشت اور جسپر نام
پکارا اللہ کے سوا کسی کا یہ آیت سورہ حج کے پانچوین رکوع مین ہے اَلَّذِيْنَ
اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَا اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِي الصَّلٰوةِ وَمِمَّا
رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ترجمہ وہ کہ جب نام لیجے اللہ کا ڈر جاوین اونکے دل اور سہنے والے
جو اونپر پڑے اور کھڑی رکھنے والے نماز کے اور ہمارا دیا کچھ خرچ کرتے ہین فائدہ
یعنے مواشی ذبح کرتے نیاز اللہ کے ہر دین مین عبادت رکھا ہے اوسکے سوا اور کی نیاز
ذبح کرنا اوسکی عبادت ہوگئی تو شرک ہوا یہ آیت سورہ مائدہ کے چودھوین رکوع
مین ہے مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْ بَحِيْرَةٍ وَّلَا سَآئِبَةٍ وَّلَا وَصِيْلَةٍ وَّلَا حَامٍ وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَاَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ترجمہ نہین ٹھہرایا اللہ نے بحیرہ اور نہ سائبہ
اور نہ وصیلہ اور نہ حامی ولیکن کافر باندھتے ہین اللہ پر جھوٹ اور اونمین بہتون کو عقل نہین
فائدہ یہ کفر کی رسمین تھین کہ مواشی مین کوئی بچہ نیاز رکھتے بت کی تو اوسکا کان پھاڑ دیتے
نشان کو اور اوسکو بحیرہ کہتے ہین اور کوئی جانور بت کی نام پر آزاد کرتے اوسکو اوسکے
اختیار پر چھوڑ دیتے وہ سائبہ تھا اور بعض شخص ٹھہرا لیتے جو بچہ نر ہو وہ بت کی نیاز دینگے اور
جو مادہ ہو ہم کھاوین پھر اگر نر و مادہ ملی ہوئی تو نر بھی نہ کاٹتا اوسکو سناتے یہ وصیلہ تھا اور جس اونٹ کی پیٹھ
دس بچے پورے ہوتے لائق سواری کے اور بوجھ کے اسباب کو لادنا [illegible]

پھر سے وہان نکلتے وہ حامی تھا یہ سب غلط ہمین ڈال کر اوسکو

کہنا نا درست ہے کیونکہ ایسے ان باتونکو منع فرمایا ہے

ان آیتون مین حضرت صلی اللہ علیہ و آلہ [illegible]

یہ آیت سورہ شعرا کے گیارھوین رکوع مین ہے وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ
ترجمہ اور ڈر سنا وے اپنے نزدیک کے ناطے والون کو فائدہ جب یہ آیت اتری
سارے قریش کو پکار کر سنا دیا اپنی پھوپھی تک اور بیٹی تک اور اپنے چچا تک کہ سنا یا کہ
اپنی فکر کرو خدا کے ہان مین تمہارا کچھ نہین ہو سکتا آیت سورہ بنی اسرائیل کے رکوع
مین ہے قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ترجمہ تو کہہ سبحان اللہ مین کون ہون
مگر ایک آدمی ہون بھیجا ہوا یہ آیت سورہ حج کے دوسرے رکوع مین ہے
اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ترجمہ اللہ کرتا ہے جو چاہے یہ آیت سورہ شعرا کے گیارھوین
رکوع مین ہے فَاِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ترجمہ اگر تیری بے حکمی کرین تو کہہ دے
مین الگ ہون تمہارے کام سے فائدہ یعنے خلاف حکم خدا جو کوئی کرے اوس سے
بیزار ہو جانا ہوا یہ آیت سورہ احزاب کے چھٹے رکوع مین ہے يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ
اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ترجمہ اے نبی ہمنے بھیجا تجھکو بتانے والا اور خوشی سنانے والا اور ڈر
یہ آیت سورہ تحریم کے پہلے رکوع مین ہے يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا
وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ترجمہ اے
ایمان والو بچاؤ اپنی جان کو اور اپنے گھر والون کو اوس آگ سے جسکی چھپٹیان آدمی اور پتھر
ہین فرشتے تند زبردست بے حکمی نہین کرتے اللہ کی جو بات اونکو فرمائی اور وہی کرتے
فائدہ جب آیت نازل ہوئی تب پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے سبکو سنایا اور بہت تاکید
اور فرمایا کہ اگر اپنا جینا مشکل تھا اب گھر والون کے بچانے کا فرض ہوا اسو ہر ایک کو لازم
اپنے گھر والون کو دین کی راہ پر لاوے لالچ دیکر ڈر دکھا کر پیار سے مار سے تو بھی اگر نہ آوین
تو اونکی کمبختی یہ بے گناہ ہے

ان آیتون مین خلاف دین اور مذہب والون سے دوستی کرنیسے منع فرمایا

یہ آیت سورہ آل عمران کے تیسرے رکوع مین ہے لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ
اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ

فِيْ شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْھُمْ تُقٰىةً ۭ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ
ترجمہ نہ پکڑیں مسلمان کافروں کو رفیق مسلمان چھوڑ کر اور جو کوئی یہ کام کرے وہ اللہ کا کوئی نہیں
مگر یہ کہ تم کیا چاہو بچاؤ اور اللہ تمکو ڈراتا ہے آپ سے اور اللہ ہی تک پہنچنا ہے یہ آیت سورہ
نساء کے بیسویں رکوع میں ہے اَلَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِ
الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَھُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ترجمہ وہ جو پکڑتے ہیں کافروں کو
رفیق مسلمان چھوڑ کر کیا ڈھونڈتے ہیں اونکے پاس عزت سو عزت اللہ کی ہے ساری یہ آیت سورہ
نساء کے اکیسویں رکوع میں ہے يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ دُوْنِ
الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ترجمہ اے ایمان والو نہ پکڑو کافروں
کو رفیق مسلمان چھوڑ کر کیا لیا چاہتے ہو اپنے اوپر اللہ کا الزام صریح یہ آیت سورہ مائدہ کے آٹھویں
رکوع میں ہے يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَھُوْدَ وَالنَّصٰرٰٓى اَوْلِيَاۗءَ ۘبَعْضُهُمْ اَوْلِيَاۗءُ
بَعْضٍ ۭ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ترجمہ اے ایمان والو مت پکڑو یہود و نصاریٰ
کو رفیق وہ آپس میں رفیق ہیں ایک دوسرے کے اور جو کوئی تم میں اون سے رفاقت کرے
وہ اونہیں میں ہے یہ آیت سورہ توبہ کے تیسرے رکوع میں ہے يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا اٰبَاۗءَكُمْ وَاِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَاۗءَ اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَي الْاِيْمَانِ ترجمہ اے ایمان
والو نہ پکڑو اپنے باپوں کو اور بھائیوں کو رفیق اگر وہ عزیز رکھیں کفر ایمان سے یہ آیت سورہ توبہ کے
بارھویں رکوع میں ہے فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْھُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ
ترجمہ سو اگر تم راضی ہوگے اون سے تو اللہ راضی نہیں بے حکم لوگوں سے فائدہ یعنے جس
شخص کا احوال معلوم ہو کہ منافق ہے اوسکی طرف سے تغافل روا ہے لیکن دوستی اور صحبت
اور یگانگی روا نہیں یہ آیت سورہ حج کے پہلے رکوع میں ہے كُتِبَ عَلَيْهِ اَنَّهٗ مَنْ
تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ يُضِلُّهٗ وَيَهْدِيْهِ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ترجمہ جسکی قسمت میں لکھا ہے
کہ جو کوئی اوسکا رفیق ہو سو وہ اوسکو بہکاوے اور لیجاوے عذاب میں دوزخ کے یہ آیت سورہ
قصص کے نویں رکوع میں ہے فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ ترجمہ سو تو نہو مددگار کافروں
کا فائدہ یعنے اپنی قوم کو اپنا سمجھ جنھوں نے تجھ سے بدی کی اب جو احسان دیوے اپنا

یہ آیتیں والدین کی حق ادا کرنے کو اور اونکی بزرگی کی بیان میں فرمایا

یہ آیت سورہ بقر کے دسویں رکوع میں ہے وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّذِي الْقُرْبٰى

وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ ترجمہ اور ماں باپ سے سلوک نیک اور قرابت والے سے اور یتیموں سے
اور محتاجوں سے یہ آیت سورۂ بقر کے چھبیسویں ۲۶ رکوع میں ہے قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ
فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ
بِهٖ عَلِيْمٌ ترجمہ تو کہہ جو چیز خرچ کرو فایدے کی سو ماں باپ کو اور نزدیک ناتے والوں کو اور
یتیموں کو اور محتاجوں کو اور راہ کے مسافر کو اور جو کرو گے بھلائی سو وہ اللہ کو معلوم ہے
فائدہ لوگوں نے پوچھا تھا کہ مالوں میں کس مال کا خرچ کرنا بہت ثواب ہے جواب فرمایا کہ مال
کوئی ہو لیکن جسقدر ٹھکانے پر خرچ ہو ثواب زیادہ ہے یہ آیت سورۂ بنی اسرائیل کے
تیسرے رکوع میں ہے وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ؕ
اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا
كَرِيْمًا ترجمہ اور چکا دیا تیرے رب نے کہ نہ پوجو اوسکے سوائے اور ماں باپ سے بھلائی
کبھی پہونچ جاوے تیرے سامنے بڑھاپے کو ایک یا دونوں تو نہ کہہ انکو ہوں اور نہ جھڑک انکو
اور کہہ انکو بات ادب کی یہ آیت سورہ بنی اسرائیل کے تیسرے رکوع میں ہے
وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ؕ
ترجمہ اور جھکا اونکے آگے کندھے عاجزی کر کر پیار سے اور کہہ اے رب ان پر رحم کر جیسا پالا
اونھوں نے مجکو چھوٹا یہ آیت سورہ بنی اسرائیل کے تیسرے رکوع میں ہے
رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ترجمہ تمہارا
رب خوب جانتا ہے جو تمہارے جی میں ہے جو تم نیک ہوگی تو وہ رجوع لانے والوں کو بخشتا ہے
فائدہ یعنے دل میں آوے کہ بوڑھے ماں باپ سے یہ معاملت نباہنی مشکل ہے تو فرمایا کہ
جسکی نیت نیکی پر ہے اگر خفا کرے اور پھر رجوع لاوے تو اللہ بخشنے والا ہے یہ آیت سورہ
عنکبوت کے پہلے رکوع میں ہے وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا ؕ وَاِنْ جٰهَدٰكَ
لِتُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا ؕ اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ترجمہ اور ہمنے
تقید کردیا انسان کو اپنے ماں باپ سے بھلے رہنا اور اگر وہ تجھسے زور کریں کہ تو شریک پکڑ میرا جسکی تجکو
خبر نہیں تو انکا کہا نہ مان مجھی تک پھر آنا ہے تمکو تو میں جتا دونگا تمکو جو کچھہ تم کرتے تھے **فائدہ** دنیا میں
ماں باپ سے زیادہ حق کسیکا نہیں پر اللہ کا حق اونسے زیادہ ہے اونکے خاطر دین نہ چھوڑے
یہ آیت سورہ احقاف کے دوسرے رکوع میں ہے وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسَانًا ؕ

حَمَلَتْهُ أُمُّهُ كُرْهًا وَوَضَعَتْهُ كُرْهًا وَحَمْلُهُ وَفِصَالُهُ ثَلَاثُونَ شَهْرًا حَتَّىٰ إِذَا بَلَغَ أَشُدَّهُ
وَبَلَغَ أَرْبَعِينَ سَنَةً قَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَىٰ وَالِدَيَّ ترجمہ
اور ہمنے تقید کیا ہے انسان کو اپنے ماں باپ سے بھلائی پیٹ میں رکھا اوسکو اوسکی ماں نے تکلیف
سے اور جنا اوسکو تکلیف سے اور حمل میں رہنا اوسکا اور دودھ چھوڑنا تیس مہینے میں ہے یہانتک
کہ جب پہونچا اپنی قوت کو اور پہونچا چالیس برس کو کہنے لگا اے رب میرے میری قسمت میں کر کہ شکر
کروں احسان تیرے کا جو تجھ پر کیا اور میرے ماں باپ پر فائدہ پیٹ میں رہنا اور دودھ چھوڑنا
تیس مہینے میں اگر لڑکا قوی ہو تو اکیس مہینے میں دودھ چھوڑنا ہے اور نو مہینے میں حمل کے آیت کے
حال کا بیان نہیں حضرت نے ماں باپ کے حق میں دعا نہیں کی صدیق اکبر چالیس برس کی عمر میں مسلمان
ہوئے اور اونکے ماں باپ بھی مسلمان ہوئے یہ بات اور کسی صحابی کو نہیں میسر ہوئی لیکن باپ ابو قحافہ
نہیں مسلمان ہوا اللہ یہ احوال غرضی ہے یعنے سعادتمند لوگ ایسے ہی ہوتے ہیں یہ آیت سورہ لقمان
کے دوسرے رکوع میں ہے وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ حَمَلَتْهُ أُمُّهُ وَهْنًا عَلَىٰ وَهْنٍ
وَفِصَالُهُ فِي عَامَيْنِ أَنِ اشْكُرْ لِي وَلِوَالِدَيْكَ إِلَيَّ الْمَصِيرُ ترجمہ اور ہمنے تقید کیا انسان کو
اوسکے ماں باپکے واسطے پیٹ میں رکھا اوسکو اوسکی ماں نے تھک تھک کر اور دودھ چھوڑنا ہے
اوسکا دو برس میں کہ حق مان میرا اور اپنے ماں باپکا آخر مجھی تک آنا ہے فائدہ یہ کلام بیچ میں اللہ صاحب
نے فرمایا ہے لقمان نے بیٹے کو ماں باپ کا حق کہا تھا کہ اپنی غرض معلوم ہوئی اللہ صاحب نے شرک
سے بچو اور نصیحتوں سے پہلے ماں باپ کا حق فرمادیا کہ بعد اللہ کے حق کے ماں باپ کا حق ہے باپنے
اللہ کا حق بتایا اللہ نے باپ کا اور رسول رشد کا حق اللہ ہی کیطرف ہو کر ادا کرنا ہے

ان آیتوں میں اللہ صاحب نے نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اور جمیع مسلمانوں کی بیبیوں کو حجاب کرنیکو اور ستر پوشی کو تقید فرمایا

یہ آیت سورہ نور کے چوتھے رکوع میں ہے قُل لِّلْمُؤْمِنَاتِ يَغْضُضْنَ مِنْ أَبْصَارِهِنَّ
وَيَحْفَظْنَ فُرُوجَهُنَّ وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلَىٰ
جُيُوبِهِنَّ وَلَا يُبْدِينَ زِينَتَهُنَّ إِلَّا لِبُعُولَتِهِنَّ أَوْ آبَائِهِنَّ أَوْ آبَاءِ بُعُولَتِهِنَّ أَوْ أَبْنَائِهِنَّ أَوْ أَبْنَاءِ بُعُولَتِهِنَّ
أَوْ إِخْوَانِهِنَّ أَوْ بَنِي إِخْوَانِهِنَّ أَوْ بَنِي أَخَوَاتِهِنَّ أَوْ نِسَائِهِنَّ أَوْ مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُنَّ أَوِ التَّابِعِينَ
غَيْرِ أُولِي الْإِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ أَوِ الطِّفْلِ الَّذِينَ لَمْ يَظْهَرُوا عَلَىٰ عَوْرَاتِ النِّسَاءِ
وَلَا يَضْرِبْنَ بِأَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِينَ مِن زِينَتِهِنَّ وَتُوبُوا إِلَى اللَّهِ جَمِيعًا

اَیُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ ترجمہ اور کہہ دے ایمان والیون کو نیچی رکھین ٹک اپنی
آنکھین اور تھامے رہین اپنے ستر اور نہ دکھاوین اپنا سنگار مگر جو کھلی چیز ہے اوس مین سے
اور ڈالین اپنی اوڑھنی اپنے گریبان پر اور نہ کھولین اپنا سنگار مگر اپنے خاوند کے آگے یا اپنے
باپ یا خاوند کے باپ یا اپنے بیٹے کے یا خاوند کے بیٹے کے یا اپنے بھائی کے یا اپنے بھتیجون
کے یا اپنے بھانجون کے یا اپنی عورتون کے یا اپنے ہاتھ کے مال کے یا کمیرن کے جو مرد کچھ
غرض نہین رکھتے یا ایسے لڑکون کے جنھون نے نہین پہچانے عورتون کے بھید اور نہ دھمکاوین
اپنے پاؤن سے کہ جانا پڑے جو چھپاتی ہین اپنا سنگار اور توبہ کرو اللہ کے آگے سب ملکر اے
ایمان والو شاید بھلا پاؤ فائدہ سنگار مین سے کھلی چیز یا ایسی چیز کو کہا جیسے چیتی کپڑے
اوڑھنی یا پوش یا یہ کہا عورت کو منہ تھوڑا سا اور ہاتھ کی اونگلیان اور پاؤن کا پنجہ کھولنا درست
ہے ناچاری کو پھر ہاتھ کی مہندی کھلے گی یا آنکھ کا کاجل یا انگلی کا چھلا اور باقی بدن
اور گہنا ڈھانکنا ضرور ہے غیر سے مگر اپنے محرمون سے چھاتی سے زانون تک اور اپنی
عورتین جو نیک چال کی ہون اون سے بھی اتنا ضرور ہے اور بدراہ عورتون سے کنارہ پکڑنا اور کمیرے
جنکو غرض نہین وہ کہ کھانے اور سونے مین غرق ہین شوخی نہین رکھتے اور لڑکا دس برس تک
اور اپنا غلام بھی محرم ہے بہت علما کے نزدیک اور پاؤن کی جھنکی سے معلوم ہوتی ہین گھونگرو
یا گوجری اور باریک کپڑا جس سے بدن نظر آوے ننگے برابر ہے اور اتنا بھی نہ کھلے تو بہتر ہے
یہ آیت سورہ نور کے چوتھے رکوع مین ہے قُلْ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ یَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ
وَیَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ خَبِیْرٌ بِمَا یَصْنَعُوْنَ ۝ ترجمہ کہہ دے ایمان
والون کو نیچے رکھین ٹک اپنی آنکھین اور تھامے اپنے ستر اسمین خوب ستھرائی ہے اونکی اللہ کو خبر
ہے جو کرتے ہین فائدہ تھامے رہین ستر یعنے نہ کسی کا ستر دیکھین نہ اپنا دکھاوین
اور خبر ہے جو کرتے ہین کفر کی رسم مین اس بات کی قید نہ تھی یہ آیت سورہ احزاب کے
ساتوین رکوع مین ہے لَا جُنَاحَ عَلَیْهِنَّ فِیْ اٰبَآئِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآئِهِنَّ وَلَآ اِخْوَانِهِنَّ
وَلَآ اَبْنَآءِ اِخْوَانِهِنَّ وَلَآ اَبْنَآءِ اَخَوٰتِهِنَّ وَلَا نِسَآئِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ اَیْمَانُهُنَّ ج
وَاتَّقِیْنَ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدًا ۝ ترجمہ گناہ نہین اون عورتون کو سامنے
کا اپنے باپون سے اور نہ اپنے بیٹون سے اور نہ اپنے بھائیون سے اور نہ اپنے بھائی کے بیٹون
سے اور نہ اپنے بہن کے بیٹون سے اور اپنی عورتون سے اور اپنے ہاتھ کے مال سے

اور ڈرتیان رہو اللہ سے بیشک اللہ کے سامنے ہے ہر چیز **فائدہ** اپنی عورتون کا اور ہاتھ کے
مال کا ذکر ہو چکا سورہ نور مین یہ آیت سورۂ احزاب کے آٹھوین رکوع مین ہے
یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَ بَنٰتِكَ وَ نِسَآءِ الْمُؤْمِنِیْنَ یُدْنِیْنَ عَلَیْهِنَّ مِنْ جَلَابِیْبِهِنَّ ذٰلِكَ
اَدْنٰۤى اَنْ یُّعْرَفْنَ فَلَا یُؤْذَیْنَ ط ترجمہ اے نبی کہدے اپنی عورتون کو اور اپنی بیٹیون کو اور مسلمان
کی عورتون کو نیچے لٹکا لین اپنے اوپر تھوڑی سی اپنی چادرین اسمین لگتا ہے کہ پہچانی پڑین
تو کوئی نہ ستاوے **فائدہ** پہچانی پڑین کہ لونڈی نہین بی بی ہے صاحب ناموس بدذات
نہین نیک بخت ہے تو بدنیت لوگ اوس سے نہ اولجھین گھونگھٹ اسکا نشان ٹھہرا یہ حکم ہے پہر کاہے
آگے فرمایا اور ہا اللہ بخشنے والا مہربان

ان آیتون مین بغیر پروانگی غیر کے گھر مین جانے کو منع فرمایا

یہ آیت سورۂ نور کے چوتھے رکوع مین ہے یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتًا غَیْرَ
بُیُوْتِكُمْ حَتّٰى تَسْتَاْنِسُوْا وَ تُسَلِّمُوْا عَلٰۤى اَهْلِهَا ذٰلِكُمْ خَیْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ترجمہ اے ایمان والو مت
جایا کرو کسی کے گھرون مین اپنے گھرون کے سوا جب تک بول چال نکرو اور سلام دے لو اوس
گھر والونپر یہ بہتر ہے تمھارے حق مین شاید تم یاد رکھو **فائدہ** یعنے بے خبر کسی کے گھر مین نہ گھس
جاؤ کیا جانے وہ کس حال مین ہے اول آواز دلوے سب سے بہتر آواز سلام کی ہے یہ آیت
سورۂ نور کے چوتھے رکوع مین ہے فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِیْهَاۤ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى
یُؤْذَنَ لَكُمْ وَ اِنْ قِیْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ وَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِیْمٌ ترجمہ پھر اگر
نپاؤ اوسمین کوئی تو اوس مین نجاؤ جب تک پروانگی نہو تمکو اور اگر تمکو کہے کہ پھر جاؤ تو پھر جاؤ اسی مین خوب
ستھرائی ہے تمھاری اور اللہ جو کرتے ہو جانتا ہے **فائدہ** کوئی گھر مین نہو تو پروانگی دے
رکھی ہو کہ خالی گھر مین چلے جاؤ اور نہ دے تو نہ جاؤ اور پھر جاؤ کہے سے برا نہ مانو اس مین آپس
مین ملاقات صاف رہتی ہے ایک کا دوسرے پر بوجھ نہین پڑتا یہ آیت سورہ نور کے چوتھے
رکوع مین ہے لَیْسَ عَلَیْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا بُیُوْتًا غَیْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِیْهَا مَتَاعٌ لَّكُمْ وَ اللّٰهُ
یَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَ مَا تَكْتُمُوْنَ ۝ ترجمہ نہین گناہ تم پر اسمین کہ جاؤ اون گھرونمین جہان کوئی نہین
بستا اوسمین کچھ چیز ہو تمھاری اللہ کو معلوم ہے جو کھولتے اور جو چھپاتے ہو **فائدہ** شاید یہ شبہ
والون کے دل مین آیا ہو گا کہ جس گھر مین کوئی نہین بستا تو کس سے پروانگی لیوے یہ ہر وقت
پوچھ کر جانا حد ہے گھر والونکو ہے اور جو ایک گھر کے لوگ ہین جیسے لونڈی غلام یا اولاد اونکو ہر وقت پوچھنا

...ونہین مگر تین وقت خلوت کرو اس صورت کے آخر میں ہے

یہ آیتین ایمان لانے کے مقدمہ مین فرمایا

یہ آیت سورہ بقر کے آٹھوین رکوع مین ہے اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِیْنَ ھَادُوْا وَالنَّصٰرٰی وَالصَّابِئِیْنَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَھُمْ اَجْرُھُمْ عِنْدَ رَبِّھِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ۝ ترجمہ یون ہے کہ جو لوگ مسلمان ہوے اور جو لوگ یہودی ہوے اور نصارے اور صابئین جو کوئی یقین لایا اللہ پر اور پچھلے دن پر اور کام کیا نیک تو انکو ہے مزدوری اونکی اپنے رب کے پاس اور نہ اونکو ڈر ہے اور نہ وہ غم کھاوین فائدہ یعنے کسی فرقے پر موقوف نہین یقین لانا شرط ہے اور نیک عمل اپنے اپنے وقت جسنے یہ کیا ثواب پایا یہ اسواسطے فرمایا کہ بنی اسرائیل اسی پر مغرور تھے کہ ہم پیغمبرون کے اولاد مین ہم ہر طرح خدا کے ہان بہتر ہین یہودی کہتے ہین حضرت موسے کی امت کو نصارے حضرت عیسے کی امت صابئین بھی ایک فرقہ ہین حضرت ابرہیم کو مانتے ہین یہ آیت سورہ بقر کے پندرھوین رکوع مین ہے مَنْ اٰمَنَ مِنْھُمْ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ ترجمہ جو کوئی اون مین یقین لاوے اللہ پر پچھلے دن یہ آیت سورہ یونس کے چھٹے رکوع مین ہے یٰاَیُّھَا النَّاسُ قَدْ جَاۗءَتْکُمْ مَّوْعِظَۃٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَشِفَاۗءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ترجمہ اے لوگو تمکو آئی ہے نصیحت تمہارے رب سے اور چنگی کرنے جیون کے روگ یہ آیت سورہ عنکبوت کے پہلے رکوع مین ہے وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَنُکَفِّرَنَّ عَنْھُمْ سَیِّاٰتِھِمْ وَلَنَجْزِیَنَّھُمْ اَحْسَنَ الَّذِیْ کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝ ترجمہ اور جو لوگ یقین لاے اور کیے بھلے کام ہم اوتار دینگے اونسے برائیان اونکی اور بدلا دینگے اونکو بہتر سے بہتر کامونکا فائدہ یعنے ایمان کی برکت نیکیان ملینگی اور برائیان معاف ہونگی یہ آیت سورہ عنکبوت کے پہلے رکوع مین ہے اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُّتْرَکُوْا اَنْ یَّقُوْلُوْا اٰمَنَّا وَھُمْ لَا یُفْتَنُوْنَ ۝ ترجمہ کیا یہ سمجھتے ہین لوگ کہ چھوٹ جاوینگے اتنا کہکر ہم یقین لائے اونکو جانچ نلینگے یہ آیت سورہ عنکبوت کے پہلے رکوع مین ہے وَلَیَعْلَمَنَّ اللّٰہُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَلَیَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ ۝ ترجمہ اور البتہ معلوم کریگا اللہ جو لوگ یقین لاے ہین اور البتہ معلوم کریگا جو لوگ دغاباز ہین یہ آیت سورہ شورے کے تیسرے رکوع مین ہے وَیَسْتَجِیْبُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَیَزِیْدُھُمْ مِّنْ فَضْلِہٖ ترجمہ اور دعا سنتا ہے ایمان والونکی جو بھلے کام کرتے ہین اور زیادتی دیتا ہے اونکو اپنے فضل سے یہ آیت سورہ حجرات کے دوسرے رکوع مین ہے قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا وَلٰکِنْ قُوْلُوْا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا یَدْخُلِ الْاِیْمَانُ فِیْ قُلُوْبِکُمْ

وَاِنْ تُطِیْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا یَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ شَیْئًا اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ترجمہ کہتے ہیں
گنوار ہم ایمان لائے تو کہہ تم ایمان نہیں لائے پر کہو مسلمان ہوئے اور ابھی نہیں گیا ایمان تمھارے دلوں میں اور
اگر حکم پر چلو گے اللہ کے اور اوسکے رسول کے کاٹ نہ لے گا تمھارے کاموں میں سے کچھ
اللہ بخشتا ہے مہربان **فائدہ** ایک کہتا ہے کہ ہم مسلمان ہیں یعنی دین مسلمانی ہمنے قبول کیا
اسکا مضائقہ نہیں پر ایک کہتا کہ ہمکو پورا یقین ہے جو یقین پورا ہے تو اوسکے آثار کہاں جسکو
سچ یقین ہے اوسکو دعوے سے ڈراتا یہ **آیت سورہ حجرات کے دوسرے رکوع میں ہے**
اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ یَرْتَابُوْا ترجمہ ایمان والے وہ ہیں جو یقین لائے
اللہ پر اور اوسکے رسول پر پھر شبہہ نہ لائے **یہ آیت سورہ حدید کے پہلے رکوع میں ہے**
اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِیْنَ فِیْهِ ترجمہ یقین لاؤ اللہ پر اور اوسکے رسول
پر اور خرچ کرو جو کچھ تمھارے ہاتھ میں دیا اپنا نائب کر کر **یہ آیت سورہ حدید کے پہلے**
رکوع میں ہے وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّیْقُوْنَ وَالشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ
ترجمہ اور جو لوگ یقین لائے اللہ اور سب اوسکے رسولوں پر وہی ہیں سچے ایمان والے اور احوال بتانے والے
اپنے رب کے پاس

ان آیتوں میں سوائے اللہ صاحب کے دوسرے کی تعظیم کو منع فرمایا

یہ آیت سورہ بقر کے اکتیسویں رکوع میں ہے وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِیْنَ ترجمہ اور کھڑے رہو اللہ کے
آگے ادب سے **فائدہ** کھڑے ہونا تعظیم کو خاص اللہ کے واسطے ہے اور کو منع ہے **یہ آیت سورہ مائدہ**
کے دوسرے رکوع میں ہے یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِیْنَ لِلّٰهِ ترجمہ اے ایمان والو
کھڑے ہو جایا کرو اللہ کے واسطے

ان آیتوں میں اللہ صاحب نے اپنے احسان کا بیان فرمایا

یہ آیت سورہ بقر کے چھٹے **رکوع میں ہے** وَاَنِّیْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِیْنَ ترجمہ اور جو ہمنے تمکو بڑا کیا
جہان کے لوگوں سے **یہ آیت سورہ بقر کے چھبیسویں رکوع میں ہے** وَاللّٰهُ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ
بِغَیْرِ حِسَابٍ ترجمہ اور اللہ روزی دیوے جسکو چاہے بے شمار **یہ آیت سورہ بنی اسرائیل کے ساتویں رکوع میں ہے**
وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِیْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِیْلًا
ترجمہ اور ہم نے دی ہے عزت آدم کی اولاد کو اور سواری دی اونکو جنگل دریا میں اور روزی
دی ہمنے اونکو ستھری چیزوں سے اور زیادہ کیا اونکو اپنے بنائے ہوئے بہت مخلوق سے

بخشتی ہے کہ فائدہ جانوروں کو سواری نہیں زمین پر نہ دریا آدمی کو دیتا ہے اور دوسری
روزی ہے کہ میوے کا چھلکا دور کرنا اور اناج کی بھوسی اور پیسنا اور پکا کر کھانا اسکو سکھایا یہ آیت
سورۂ نحل کے پہلے رکوع میں ہے وَالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ لِتَرْكَبُوهَا وَزِينَةً ۚ وَيَخْلُقُ مَا لَا
تَعْلَمُونَ ترجمہ اور گھوڑے بنائے اور خچریں اور گدھے کہ ان پر سوار ہو اور رونق اور بناتا ہے جو تم
نہیں جانتے یہ آیت سورۂ ابراہیم کے پانچویں رکوع میں ہے وَآتَاكُمْ مِنْ كُلِّ مَا سَأَلْتُمُوهُ
وَإِنْ تَعُدُّوا نِعْمَتَ اللَّهِ لَا تُحْصُوهَا ۗ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَظَلُومٌ كَفَّارٌ ترجمہ اور دیا تمکو ہر چیز سے
جو تم نے مانگی اور اگر گنو احسان اللہ کے نہ پورے کر سکو بیشک آدمی بڑا بے انصاف ناشکر ہے یہ
آیت سورۂ فرقان کے پانچویں رکوع میں ہے فَأَبَىٰ أَكْثَرُ النَّاسِ إِلَّا كُفُورًا ترجمہ نہیں
رہتے بہت لوگ بن ناشکری کیے یہ آیت سورۂ لقمان کے تیسرے رکوع میں ہے وَلَوْ أَنَّمَا فِي الْأَرْضِ
مِنْ شَجَرَةٍ أَقْلَامٌ وَالْبَحْرُ يَمُدُّهُ مِنْ بَعْدِهِ سَبْعَةُ أَبْحُرٍ مَا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ اللَّهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ
ترجمہ اور اگر جتنے درخت ہیں زمین میں قلم ہوں اور سمندر ہو اسکی سیاہی اسکے پیچھے سات سمندر
نہ نپٹیں باتیں اللہ کی اللہ بیشک زبردست ہے حکمتوں والا یہ آیت سورۂ طلاق کے دوسرے
رکوع میں ہے اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ وَمِنَ الْأَرْضِ مِثْلَهُنَّ ترجمہ اللہ وہ ہے جس نے
بنائے سات آسمان اور زمینیں بھی اتنی یہ آیت سورۂ عادیات میں ہے إِنَّ الْإِنْسَانَ
لِرَبِّهِ لَكَنُودٌ ترجمہ بیشک آدمی اپنے رب کا ناشکر ہے

ان آیتوں میں قرآن مجید کا ادب اور پڑھنے کی ترکیب فرمایا

یہ آیت سورۂ نسا کے آٹھویں رکوع میں ہے إِنَّ اللَّهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ كَانَ سَمِيعًا
بَصِيرًا ترجمہ اللہ اچھی نصیحت کرتا ہے تمکو اللہ ہے سنتا دیکھتا یہ آیت سورۂ اعراف کے
چوبیسویں رکوع میں ہے وَإِذَا قُرِئَ الْقُرْآنُ فَاسْتَمِعُوا لَهُ وَأَنْصِتُوا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ
ترجمہ جب قرآن پڑھا جاوے تو اس طرف کان رکھو اور چپ رہو شاید تم پر رحم ہو فائدہ یعنے
جب کوئی قرآن پڑھے اور نیز ادب واجب ہے کہ باتیں نکریں دھیان سے سنیں شاید لائیں
ہدایت پڑھے اور اگر پڑھنے والا باتوں کی مجلس میں پڑھنے لگے بیکار تو اسکی خطا ہے یہ آیت
سورۂ انعام کے چھٹے رکوع میں ہے وَإِذَا جَاءَكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِآيَاتِنَا فَقُلْ
سَلَامٌ عَلَيْكُمْ ۖ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلَىٰ نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۖ أَنَّهُ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوءًا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْ
بَعْدِهِ وَأَصْلَحَ فَأَنَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ترجمہ اور جب آویں تیرے پاس ہماری آیتیں

ماننے والے تو کہ سلام ہے تم پر تمہارے رب نے لکھی ہے اپنے اوپر مہر کرنے کہ جو کوئی
کرے تم مین برائی نادانی سے پھر اوسکے بعد توبہ کی اور سنوار پکڑے تو یون ہے کہ وہ ہے بخشنے
والا مہربان فائدہ یعنے غریب مسلمانونکا دل بڑھا اور خوشی سنا یہ آیت سورۂ نحل کے
تیرھوین رکوع مین ہے فَاِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ترجمہ
سو جب تو پڑھنے لگے قرآن تو پناہ لے اللہ کی شیطان مردود سے یہ آیت سورۂ بنی اسرائیل
کے پہلے رکوع مین ہے اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ
الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ترجمہ یہ قرآن بتاتا ہے وہ راہ جو سب سے
سیدھی اور خوشی سناتا ہے اونکو جو یقین لائے اور کین نیکیان کہ اونکو ہے ثواب بڑا یہ آیت
سورۂ بنی اسرائیل کے دسوین رکوع مین ہے وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ
ترجمہ اور ہمنے پھیر پھیر سمجھائی لوگون کو اس قرآن مین ہر کہاوت یہ آیت سورۂ بنی اسرائیل کے
پانچوین رکوع مین ہے وَاِذَا قَرَأْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ
بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا وَّجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ترجمہ
اور جب تو پڑھتا ہے قرآن کر دیتے ہین ہم بیچ مین تیرے اور اون لوگونکے جو نہین مانتے پچھلا جینا
ایک پردہ وہانکا فائدہ یعنے اس قرآن مین ایسی تاثیر ہے اور کافرونپر اثر نہین ہوتا ہے واسطے
کہ اوٹ مین آفتاب سے جہان روشن ہے اور جسکی اوسطرف پیٹھ ہے اوسکے حساب مین نہین
نہین اور رکھی ہین اونکے دلون پر اوٹ کہ اوسکو نہ سمجھین اور اونکے کانونمین بوجھ یہ آیت
سورۂ طٰہٰ کے ساتوین رکوع مین ہے قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ
تُنْسٰى ترجمہ فرمایا یون ہی پہونچین تجھکو ہماری آیتین پھر تو نے اونکو بھلا دیا اور اسی طرح
آج تجھکو بھلا دینگے فائدہ آیتون کو بھلا دیا یعنے عمل نہ کیا اور یقین نہ لایا اور پیغمبر نے فرمایا میری
امت کے سارے گناہ مجھکو دکھائے ہیں نے بڑا گناہ نہ دیکھا کہ قرآن کی کوئی آیت شخص کو یاد
ہوئی پھر اوسنے بھلا دی یہ آیت سورۂ حجرات کے دوسرے رکوع مین ہے
اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰكُمْ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ترجمہ مقرر عزت اللہ کے ہان اوسی کو
بڑی جسکو ادب بڑا اللہ سب جانتا ہے خبردار فائدہ یعنے بڑائیان ذات کی اور قوم کی عبث ہین صفت
نیک چاہیے ذات کس کام کی یہ آیت سورۂ قمر کے پہلے رکوع مین ہے وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ
لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ترجمہ اور ہمنے آسان کیا قرآن سمجھنے کو پھر ہے کوئی سوچنے والا

یہ آیت سورۂ مزمل کے دوسرے رکوع میں ہے فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ترجمہ
سو پڑھو جتنا آسان ہو قرآن سے یہ آیت سورۂ واقعہ کے تیسرے رکوع میں ہے لَا یَمَسُّهٗ
اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ترجمہ اوسکو وہی چھوتے ہیں جو پاک بنے ہیں فائدہ یعنے فرشتے اوس
کتاب کو ہاتھ لگاتے ہیں وہ کتاب جس میں قرآن لکھا ہوا ہے فرشتوں کے ہاتھ میں یا لوح محفوظ میں

یہ آیتیں اللہ تعالے نے اون لوگونکے حق میں فرمایا جو قرآن کی آیتیں ہرانے کے واسطے اپنی عقل سے دلیل کرتے ہیں

یہ آیت سورۂ آل عمران کے پہلے رکوع میں ہے اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِیْدٌ
ترجمہ جو لوگ منکر ہیں اللہ کی آیتوں سے اون کو سخت عذاب ہے یہ آیت سورۂ انعام کے بیسویں
رکوع میں ہے فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَّبَ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ عَنْهَا سَنَجْزِی الَّذِیْنَ یَصْدِفُوْنَ ترجمہ
اب اوس سے بے انصاف کون جو جھٹلاوے اللہ کی آیتیں اور اون سے کتراوے ہم سزا دینگے
کترانے والونکو یہ آیت سورۂ اعراف کے چھٹے رکوع میں ہے فَالْیَوْمَ نَنْسٰىهُمْ كَمَا نَسُوْا لِقَآءَ
یَوْمِهِمْ هٰذَا وَمَا كَانُوْا بِاٰیٰتِنَا یَجْحَدُوْنَ ترجمہ سو آج ہم اونکو بھلا دینگے جیسے وہ بھولے اپنے اس دن کا ملنا
اور جیسے تھے ہماری آیتوں سے جھگڑتے یہ آیت سورۂ یونس کے چوتھے رکوع میں ہے وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ
یُّفْتَرٰی مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ترجمہ اور وہ نہیں یہ قرآن کہ کوئی بنالے اللہ کے سوا یہ آیت سورہ یونس کے چوتھے
رکوع میں ہے اَمْ یَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ
صٰدِقِیْنَ ترجمہ کیا لوگ کہتے ہیں یہ بنا لایا تو کہہ تم لے آؤ ایک سورت ایسی اور پکارو جسکو پکار سکو اللہ کے سوا اگر تم سچے
یہ آیت سورۂ بنی اسرائیل کے پانچویں رکوع میں ہے وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِیْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِیَذَّكَّرُوْا ترجمہ اور پھیر
پھیر سمجھایا ہمنے اس قرآن میں تا وہ سوچیں یہ آیت سورہ بنی اسرائیل کے دسویں رکوع میں ہے
قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰۤى اَنْ یَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا یَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِیْرًا
ترجمہ کہ اگر جمع ہوویں آدمی اور جن اسپر کہ لاویں ایسا قرآن نہ لاوینگے ایسا اور پڑی مدد کریں ایک کی
ایک یہ آیت سورۂ حج کے ساتویں رکوع میں ہے وَالَّذِیْنَ سَعَوْا فِیْۤ اٰیٰتِنَا مُعٰجِزِیْنَ
اُولٰٓىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِیْمِ ترجمہ اور جو دوڑے ہماری آیتوں کو ہرانے کو وہ ہیں لوگ دوزخ کے
یہ آیت سورہ حج کے پہلے رکوع میں ہے وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یُّجَادِلُ فِی اللّٰهِ بِغَیْرِ عِلْمٍ
وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ مُّنِیْرٍ ترجمہ اور بعض شخص وہ ہے جو جھگڑتا ہے اللہ کی بات میں بن خبر اور بن سوجھ اور بن
کتاب چمکتی یہ آیت سورہ سبا کے پہلے رکوع میں ہے وَالَّذِیْنَ سَعَوْ فِیْۤ اٰیٰتِنَا مُعٰجِزِیْنَ اُولٰٓىِٕكَ لَهُمْ

عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝ ترجمہ اور جو لوگ دوڑے ہماری آیتون کے ہرانے کو اونکو بلا کی مار ہے
دکھ والی یہ آیت سورۂ سبا کے پانچوین رکوع مین ہے وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ فِيْ
اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ترجمہ اور جو لوگ دوڑتے ہین ہماری آیتون کے ہرانے کو وہ
مار مین پکڑے آتے ہین یہ آیت سورۂ احقاف کے پہلے رکوع مین ہے اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ
اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا تَمْلِكُوْنَ لِيْ مِنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا ۭ ترجمہ کیا کہتے ہین یہ بنا لایا تو کہہ اگر مین یہ بنا لایا ہون تو تم میرا
بھلا نہین کر سکتے اللہ کے سامنے کچھ یہ آیت سورۂ حشر کے تیسرے رکوع مین ہے لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ
عَلٰي جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۭ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ
يَتَفَكَّرُوْنَ ۝ ترجمہ اگر ہم اوتارتے یہ قران ایک پہاڑ پر تو تو دیکھتا وہ دب جاتا پھٹ جاتا اللہ کے ڈر سے
اور یہ کہاوتین ہم سناتے ہین لوگونکو شاید وہ دھیان کرین

ان آیتون مین محتاج فقیرونکے دینے کے واسطے فرمایا

یہ آیت سورۂ بقر کے ستائیسوین رکوع مین ہے وَيَسْــَٔـلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ڛ قُلِ الْعَفْوَ ۭ
كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُوْنَ ۝ ترجمہ اور پوچھتے تجسے کیا خرچ کرین تو کہہ جو افزود ہو
اسیطرح بیان کرتا ہے اللہ تمہارے واسطے حکم شاید تم دھیان کرو یہ آیت سورہ بقر کے سینتسوین
رکوع مین ہے اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا ھِىَ ۚ وَاِنْ تُخْفُوْھَا وَتُؤْتُوْھَا الْفُقَرَاۗءَ فَھُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ
مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ترجمہ اگر کھلے دو خیرات تو کیا اچھی بات اور اگر چھپاؤ اور فقیرونکو
پہنچاؤ تو تمکو بہتر ہے اور اوتارتا ہے کچھ گناہ تمہارے اور اللہ تمہارے کام سے واقف ہے فائدہ دیکھاوے
کی نہو تو خیرات کھلی بھی بہتر کہ اورون کو شوق آوے اور چھپے بھی بہتر ہے کہ لینے والا نہ شرماوے یہ آیت سورہ
بقر کے سینتیسوین رکوع مین ہے لِلْفُقَرَاۗءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا
فِي الْاَرْضِ ۡ يَحْسَبُھُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَاۗءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُھُمْ بِسِيْمٰھُمْ ۚ لَا يَسْــَٔـلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ۭ وَمَا تُنْفِقُوْا
مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ترجمہ دینا ہے اون مفلسون کو جو اٹک رہے ہین اللہ کی راہ مین چل پھر نہین سکتے
ملک مین سمجھے اونکو بیخبر محفوظ اونکی نہ مانگنے سے تو پہچانتا ہے اونکو اونکے چہرے سے نہین مانگتے لوگون سے لپٹ کر اور جو خرچ
کروگے کام کی چیز وہ اللہ کو معلوم ہے فائدہ یعنے بڑا ثواب ہے اونکا دینا جو اللہ کی راہ مین اٹک گئے ہین کما نہین سکتے
اور اپنی حاجت ظاہر نہین کرتے جیسے حضرت کے اصحاب تھے اہل صفہ گھر بار چھوڑ کر حضرت کی صحبت پکڑی تھی علم سیکھنے کو اور جہاد
کرنیکو اسیطرح اب بھی جو کوئی حفظ کرے قران کو یا علم دین مین مشغول ہو لوگونکو لازم ہے اونکی مدد یہ آیت سورہ بنی
اسرائیل کے تیسرے رکوع مین ہے وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا

مَّحْسُوْرًا ۝ ترجمہ اور نہ رکھ اپنا ہاتھ بندھا اپنی گردن کے ساتھ اور نہ کھول دے اوسکو نرا کھول دینا پھر تو بیٹھ
رہے الزام کھایا ہارا فائدہ یعنے سب لٹا دین کہ اتنا کیون دیا کہ آپ محتاج رہ گیا یہ آیت سورہ
دہر کے پہلے رکوع مین ہے وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّاَسِيْرًا ۝
ترجمہ اور کھلاتے ہین کھانا اوسکی محبت پر محتاج کو اور بن باپ کے لڑکے کو اور قیدی کو یہ آیت
سورہ بلد کے پہلے رکوع مین ہے اَوْ اِطْعَامٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ مَسْغَبَةٍ ۝ ترجمہ یا کھلانا بھوک
کے دن مین یہ آیت سورہ بلد کے پہلے رکوع مین ہے يَّتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ترجمہ بن باپ
کے لڑکے کو جو ناتے دار ہے فائدہ یتیم کا ایک حق ناتے دار کا ایک حق جو دونون ہوئی تو دو حق یہ آیت
سورہ بلد کے پہلے رکوع مین ہے اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ ترجمہ یا محتاج کو جو خاک
مین رلتا ہے یہ آیت سورہ بلد کے پہلے رکوع مین ہے ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ترجمہ
پھر ہوا ایمان والون مین یہ آیت سورہ ضحے کے پہلے رکوع مین ہے وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝
ترجمہ اور جو مانگتا ہو اوسکو نہ جھڑک

ان آیتون مین ناتے والون کا حق دینے کو فرمایا ہے

یہ آیت سورہ بقر کے بائیسوین ۲۲ رکوع مین ہے لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ
وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ج وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى
حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ ج وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ
وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ج وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ج وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ
الْبَاْسِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ط وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ۝ ترجمہ نیکی یہی نہین کہ منہ کرو اپنے مشرق
کی طرف یا مغرب کی لیکن نیکی وہ ہے جو کوئی ایمان لاوے اللہ پر اور پچھلے دن پر اور فرشتون پر اور
کتاب پر اور نبیون پر اور دیوے مال اوسکی محبت پر ناتے والون کو اور یتیمون کو اور محتاجون کو
اور راہ کے مسافر کو اور مانگنے والون اور گردنین چھڑانے مین اور کھڑی رکھے نماز اور دیا کرے
زکوۃ اور پورا کرنے والے اپنے اقرار کو جب قول کرین اور ٹھہرنے والے سختی مین اور تکلیف مین اور وقت
لڑائی کے وہی لوگ ہین جو سچے ہوئے اور وہی بچاؤ مین آئے یہ آیت سورہ نحل کے تیرھوین رکوع مین ہے
اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ج يَعِظُكُمْ
لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ۝ ترجمہ اللہ حکم کرتا ہے انصاف کو اور بھلائی کو اور دینے کو ناتے والے کو اور
منع کرتا ہے بیحیائی کو اور نامعقول کام کو اور سرکشی کو تمکو سمجھاتا ہے شاید تم یاد رکھو فائدہ غیر کے مقدمہ مین

انصاف چاہیے یعنے برابر رکھنا اور اپنی طرف سے بھلائی یہ آیت سورۂ بنی اسرائیل کے تیسرے
رکوع مین ہے وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰی حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ترجمہ اور دے
ناتے والے کو اوسکا حق اور محتاج کو اور مسافر کو اور مت اوڑا بکھیر کر فائدہ یعنے مال بے جگہہ خرچ کر
خراب نکر یہ آیت سورۂ فرقان کے چھٹے رکوع مین ہے وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ
بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ترجمہ اور وہ جب خرچ کرنے لگین نہ اوڑاوین اور نہ تنگی کرین اور ہے اسکے بیچ ایک
سیدھی گذران یہ آیت سورۂ بلد کے پہلے رکوع مین ہے يَّتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ترجمہ یتیم
باپ کے لڑکے کو جو ناتے دار ہے فائدہ یتیم کا ایک حق ناتے دار کا ایک حق دو دو ہوئے تو دو حق یہ
آیت سورۂ ضحے کے پہلے رکوع مین ہے فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ترجمہ جو یتیم ہو اوسکو نہ دبا

اللہ صاحب نے ان آیتون مین اونکا حال فرمایا جو اپنا مال جہاد مین خرچ کرتے ہین

یہ آیت سورۂ بقر کے بتیسوین ۳۲ رکوع مین ہے مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ
لَهٗٓ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْصُطُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ترجمہ کون شخص ہے ایسا کہ
دے اللہ کو اچھا قرض کہ وہ اوسکو دونا کر دے کتنے برابر اور اللہ تنگی کرتا ہے اور کشایش اور اوسی پاس الٹے
جاؤگے فائدہ اللہ کو قرض دے یعنے جہاد مین خرچ کرے اسطرح فرمایا مہربانی سے اور تنگی کا اندیشہ
نرکھے اللہ کی البتہ کشائش ہے یہ آیت سورۂ بقر کے سینتیسوین ۳۷ رکوع مین ہے يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّآ اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ مِنْهُ
تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ترجمہ اے ایمان والو
خرچ کرو ستھری چیزین اپنی کمائی مین سے اور جو ہمنے نکال دیا تمکو زمین مین سے اور نیت نرکھو گندی
چیز پر کہ خرچ کرو اور تم آپ وہ نہ لوگے مگر جو انکھین موندلو اور جان رکھو کہ اللہ بے پرواہ ہے خوبیون والا
فائدہ یعنے خیرات قبول ہونے کی یہ بھی شرط ہے کہ مال حلال کمایا ہو حرام نہو اور بہتر چیز اللہ کی
راہ مین دیوے یہ نہین کہ بری چیز خیرات مین لگا دے کہ لینے دینے مین آپ ویسی چیز قبول نہ کرے
مگر ناچار ہو کیونکہ اللہ بے پروا ہے محتاج نہین اور خوبیون والا ہے خوب سے خوب پسند کرتا ہے
یہ آیت سورۂ حدید کے پہلے رکوع مین ہے مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا
فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗٓ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ترجمہ کون ہے ایسا کہ قرض دے اللہ کو اچھی طرح قرض پھر وہ
اوسکو دونا کر دے اوسکے واسطے اور اوسکو نیک عزت کا فائدہ قرض کے معنے یہ کہ جسکو
دے اوس سے پھر پاوے سو جو کوئی اپنا مال جہاد مین خرچ کرے یا محتاج کو دے اوسکا ثواب

دونا اللہ دیوے یہ نہ سمجھو کہ اللہ قرض مانگتا ہے کیا سبب ہے سو اللہ سب خواہش سے پاک ہے
یہ اپنے بندے کی بہتری کے واسطے فرماتا ہے

اس آیت مین اونکا حال ہے کہ کسیکی سفارش کرکے کچھ دلوا دیوی

یہ آیت سورہ نسا کے گیارھوین رکوع مین ہے مَنْ یَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً یَّكُنْ لَّهٗ نَصِیْبٌ مِّنْهَا ۚ وَ مَنْ یَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَیِّئَةً یَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ مُّقِیْتًا ترجمہ جو کوئی سفارش کرے نیک بات مین اوسکو بھی ملے اوسمین سے ایک حصہ اور جو کوئی سفارش کرے بری باتمین اوسپر بھی ہے ایک بوجھہ اوسمین سے اور اللہ ہے ہر چیز کا حصہ بانٹنے والا فائدہ مثلاً کوئی محتاج کی سفارش کرکر دولت مند سے کچھہ دلوا دے یہ بھی شریک ہوا ثواب خیرات مین اور کافر یا مفسد کو سفارش کرکر چھڑا دے کہ پھر وہ فساد کرے یہ بھی شریک ہوا اوس فساد مین اسی طرح سب نیک بد مین جو کوئی سفارش کرے یا خود دیوے شراب خور وغیرہ کو لگا دیگے فعل مین شریک ہوا

اس آیت مین اونکا حال ہے جو اپنا مال بیجا خرچ کرتے ہین

یہ آیت سورہ بنی اسرائیل کے تیسرے رکوع مین ہے اِنَّ الْمُبَذِّرِیْنَ كَانُوْۤا اِخْوَانَ الشَّیٰطِیْنِ ؕ وَ كَانَ الشَّیْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ترجمہ بیشک اوڑانے والے بھائی ہین شیطانونکے اور شیطان ہے اپنے رب کا ناشکر فائدہ یعنے مال بڑی نعمت ہے اللہ کی جس سے خاطر جمع ہو عبادت مین اور درجے بڑے ملین بہشت مین اوسکو بیجا اوڑانا ناشکری ہے

یہ آیتین گناہ کرنے والونکے حق مین فرمائین ہین

یہ آیت سورہ بقر کے ستائیسوین رکوع مین ہے یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَ الْمَیْسِرِ ؕ قُلْ فِیْهِمَاۤ اِثْمٌ كَبِیْرٌ وَّ مَنَافِعُ لِلنَّاسِ ۘ وَ اِثْمُهُمَاۤ اَكْبَرُ مِنْ نَّفْعِهِمَا ؕ وَ یَسْـَٔلُوْنَكَ مَا ذَا یُنْفِقُوْنَ ترجمہ تجسے پوچھتے ہین حکم شراب کا اور جوے کا تو کہہ ان مین گناہ بڑا ہے اور فائدے بھی ہین لوگون کو اور اونکا گناہ فائدے سے بڑا اور پوچھتے ہین تجسے کیا خرچ کرین یہ آیت سورہ آل عمران کے اونیسوین رکوع مین ہے وَ مَا الْحَیٰوةُ الدُّنْیَاۤ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ترجمہ اور دنیا کی زندگی تو یہی ہے دغا کی جنس یہ آیت سورہ بنی اسرائیل کے چوتھے رکوع مین ہے وَ لَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَ لَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا ترجمہ اور نہ چل زمین پر اتراتا تو پھاڑ نہ ڈالیگا زمین کو اور نہ پہونچیگا پہاڑون تک لنبا ہو کر یہ آیت سورہ ابراہیم کے ساتوین رکوع مین ہے وَ تَرَى الْمُجْرِمِیْنَ یَوْمَىٕذٍ مُّقَرَّنِیْنَ فِی الْاَصْفَادِ سَرَابِیْلُهُمْ

مِنْ قَطِرَانٍ وَّتَغْشٰى وُجُوْهَهُمُ النَّارُ ترجمہ اور دیکھو تو گنہگار اوس دن جوڑی ہوئی زنجیروں مین کرتے
اونکے ہین گندھک کے اور ڈھانکے لیتی ہے اونکے منہ کو آگ یہ آیت سورہ قصص کے آٹھوین رکوع
مین ہے لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفَرِحِيْنَ ترجمہ اترا مت اللہ کو نہین بہاتے اترانے والے یہ آیت
سورہ عنکبوت کے پہلے رکوع مین ہے اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ
ترجمہ کیا سمجھے ہین جو لوگ کرتے ہین برائیان کہ ہمسے چھٹ جاوین بری بات چکاتے ہین یہ آیت سورہ لقمان
کے دوسرے رکوع مین ہے وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ
مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ترجمہ اور اپنے گال نہ پھلا لوگون کی طرف اور مت چل زمین پر اتراتا بیشک اللہ کو نہین بہاتا کوئی اتراتا
بڑائیان کرتا فائدہ گال نہ پھلا یعنے غرور سے نہ دیکھا کرو یہ آیت سورہ زمر کے پہلے رکوع مین ہے
فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ ترجمہ پھر اس سے بہت ظالم جسنے جھوٹھ بولا اللہ پر اور جھٹلایا
سچی بات کو فائدہ یعنے اگر نبی نے جھوٹھ خدا کا نام لیا تو اوس سے برا کون اور اگر وہ سچا تھا اور تمنے جھٹلایا
تو تم سے برا کون یہ آیت سورہ مومن کے پانچوین رکوع مین ہے مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزٰى
اِلَّا مِثْلَهَا ترجمہ جسنے کی ہے برائی تو وہی بدلا پاویگا اوسکے برابر یہ آیت سورہ قلم کے دوسرے
رکوع مین ہے اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ كَالْمُجْرِمِيْنَ ترجمہ کیا ہم کرینگے حکم بردارونکو برابر گنہگارونکے
یہ آیت سورہ نجم کے دوسرے رکوع مین ہے وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ لِيَجْزِيَ
الَّذِيْنَ اَسَآءُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى ترجمہ اور اللہ کا ہے جو کچھ ہے آسمانون
مین اور زمین مین تا وہ بدلا دیوے برائی والون کو اونکے کیے کا اور بدلا دے بھلائی والونکو بھلائی

ان آیتون مین گناہون سے توبہ کرنے کو اللہ تعالیٰ نے فرمایا

یہ آیت سورہ بقر کے اٹھائیسوین رکوع مین ہے اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ
الْمُتَطَهِّرِيْنَ ترجمہ اللہ کو خوش آتے ہین توبہ کرنے والے اور خوش آتے ہین
ستھرائی والے یہ آیت سورہ آل عمران کے نوین رکوع مین ہے
اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ترجمہ مگر جنہون نے
توبہ کی اسکے بعد اور سنوار پکڑی تو البتہ اللہ بخشنے والا مہربان ہے یہ آیت سورہ نسا
کے تیسرے رکوع مین ہے وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ حَتّٰى اِذَا
حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّيْ تُبْتُ الْاٰنَ ترجمہ اور ایسی توبہ نہین جو کرتے جاتے ہین برے
کام جب تک سامنے آئے ایکے کسو کو موت کہنے لگا مینے توبہ کی اب یہ آیت

سورہ نسا کے سولھوین رکوع مین ہے وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ
يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ترجمہ اور جو کوئی کرے گناہ یا اپنا برا کرے پھر اللہ سے بخشواوے
پاوے اللہ کو بخشتا مہربان فائدہ گناہ فرمایا کبیرہ کو اور اپنا برا فرمایا صغیرہ کو یعنی ان دونو کو حکم ہے کہ توبہ کرین
تو قبول ہے یہ آیت سورہ نسا کے اکیسوین رکوع مین اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا
وَاعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ
الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ترجمہ مگر جنھون نے توبہ کی اور سنوار آپ کو اور مضبوط پکڑا اللہ کو اور نرے
حکم بردار ہوئے اللہ کے سو وہ ہین ایمان والون کے ساتھ اور آگے دیگا اللہ ایمان
والون کو بڑا ثواب یہ آیت سورہ آل عمران کے دوسرے رکوع مین ہے
اَلصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْمُنْفِقِيْنَ وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ بِالْاَسْحَارِ ترجمہ محنت
اوٹھانے والے اور سچے اور بندگی مین لگے رہتے اور خرچ کرتے اور گناہ بخشواتے پچھلی رات کو
یہ آیت سورہ نحل کے پندرھوین رکوع مین ہے اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ
عَمِلُوا السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْٓا اِنَّ رَبَّكَ مِنْ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ
ترجمہ پھر یون ہے کہ تیرا رب ان لوگون پر جنھون نے برائی کی نادانی سے پھر توبہ کی اوسکے
پیچھے اور سنوار پکڑے تیرا رب ان باتون کے پیچھے بخشنے والا مہربان ہے فائدہ یعنے حلال
حرام مین جھوٹھا بنایا تھا جب مسلمان ہوے بخشے گئے یہ آیت سورہ مریم کے چوتھے
رکوع مین ہے اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ
شَيْئًا ترجمہ مگر جسنے توبہ کی اور یقین لایا اور کی نیکی سو وہ لوگ جاوینگے بہشت مین اور اونکا حق نہ رہیگا
کچھ یہ آیت سورہ نور کے پہلے رکوع مین ہے اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا
فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ترجمہ مگر جنھون نے توبہ کی اس پیچھے اور سنوار پکڑی تو اللہ بخشتا ہے مہربان
یہ آیت سورہ فرقان کے چھٹے رکوع مین ہے اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا
فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ترجمہ مگر جسنے توبہ کی اور یقین لایا
اور کیا کچھ کام نیک سو اونکو بدل دیگا اللہ برائیون کی جگہ بھلائیان اور ہے اللہ بخشنے والا مہربان
فائدہ بدل دیگا یعنے گناہونکی جگہ نیکیونکی توفیق دیگا اور کفر کے گناہ معاف کریگا یہ آیت سورہ فرقان کے چھٹے رکوع
مین ہے وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا ترجمہ اور جو کوئی توبہ کرے اور کرے کام
نیک سو پھر آتا ہے اللہ کی طرف پھر آنے کی جگہ فائدہ پہلا ذکر تھا کفر کے گناہون کا جو پیچھے ایمان لایا ذکر ہے

اسلام مین گناہ کرنیکا وہ بھی جب توبہ کر کے پھر بیٹھے پھر اپنے کام سے سو اللہ کے یہان جگہہ یاد رہے یہ آیت سورہ
قصص کے ساتوین رکوع مین ہے فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَعَسٰى اَنْ یَّكُوْنَ
مِنَ الْمُفْلِحِیْنَ ترجمہ سو جسنے توبہ کی ہے اور یقین لایا اور کی بھلائی سو امید ہے کہ ہووے چھوٹنے والون مین
یہ آیت سورہ شوریٰ کے چوتھے رکوع مین ہے جَزٰٓؤُا سَیِّئَةٍ سَیِّئَةٌ مِّثْلُهَا فَمَنْ عَفَا وَ
اَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الظّٰلِمِیْنَ ترجمہ اور برائی کا بدلا برائی ویسی ہی ہے پھر جو کوئی معاف
کرے اور سنوارے سو اسکا ثواب ہے اللہ کے ذمے بیشک اوسکو خوش نہین آتے گنہگار

**ان آیتون سے صاف ظاہر ہے کہ غیب کی بات سواے اللہ تعالیٰ
کے دوسرے کو نہین معلوم اگر دوسرے پر یقین لاوے تو مشرک ہوا**

یہ آیت سورہ انعام کے پانچوین رکوع مین ہے قُلْ لَّاۤ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِیْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَاۤ اَعْلَمُ الْغَیْبَ
وَلَاۤ اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّیْ مَلَكٌ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا یُوْحٰۤى اِلَیَّ ترجمہ تو کہہ مین نہین کہتا کہ مجھہ پاس ہین خزانے
اللہ کے نہ مین جانون غیب کی بات اور نہ مین کہون تمسے کہ مین فرشتہ ہون مین اوسی پر چلتا ہون
جو مجھکو حکم آتا ہے یہ آیت سورہ اعراف کے تئیسوین ۲۳ رکوع مین ہے قُلْ لَّاۤ اَمْلِكُ لِنَفْسِیْ
نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَیْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَیْرِ وَمَا مَسَّنِیَ السُّوْٓءُ
اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ وَّبَشِیْرٌ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ ترجمہ تو کہہ مین مالک نہین اپنی جان بھلے کا نہ برے کا
مگر جو اللہ چاہے اور اگر مین جانا کرتا غیب کی بات تو بہت خوبیان لیتا اور مجھکو برائی کبھی نہ پہنچتی
مین تو یہی ہون ڈر اور خوشی سنانے والا ماننے لوگون کو یہ آیت سورہ نحل کے
گیارھوین رکوع مین ہے وَلِلّٰهِ غَیْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَاۤ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ
الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ترجمہ اور اللہ پاس ہین بھید آسمانون کے اور
زمین کے اور قیامت کا کام ویسا ہے جیسے لپک نگاہ کی یا اوس سے قریب اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے
یہ آیت سورہ بنی اسرائیل کے نوین رکوع مین ہے وَیَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ
وَمَاۤ اُوْتِیْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِیْلًا ترجمہ اور تجھسے پوچھتے ہین روح کو تو کہہ روح ہے میرے رب کے حکم سے اور
تمکو خبر دی ہے تھوڑی سی فائدہ حضرت کے آزمانے کو یہود نے پوچھا سو اللہ نے نہ بتایا کہ انکو سمجھنے کا
حوصلہ نہ تھا آگے بھی پیغمبرون نے خلق سے باریک باتین نہین کہین اتنا جاننا بس ہے کہ اللہ کے حکم سے
ایک چیز بدن مین آپڑی وہ جی اوٹھا جب نکل گئی وہ مر گیا یہ آیت سورہ احزاب کے آٹھوین رکوع مین ہے یَسْئَلُكَ النَّاسُ
عَنِ السَّاعَةِ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَمَا یُدْرِیْكَ لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِیْبًا

ترجمہ لوگ پوچھتے ہین تجھ سے قیامت کو تو کہہ اوسکی خبر ہے اللہ ہی پاس اور تو کیا جانے شاید وہ گھڑی
پاس ہی ہو یہ آیت سورہ مومن کے آٹھوین رکوع مین ہے وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ
قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ
اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ترجمہ اور بھیجے ہین بہت رسول تجھ سے پہلے کوئی اون
مین کہ سنایا تجھکو اون کا احوال اور کوئی ہین کہ نہین سنایا اور کسی رسول کو کہ مقدور نہ تھا
کہ لے آتا کوئی نشانی مگر اللہ کے حکم سے یہ آیت سورہ سبا کے دوسرے
رکوع مین ہے فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ عَلٰى مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَآبَّةُ الْاَرْضِ تَاْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ
فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ
ترجمہ پھر جب تقدیر کی ہمنے اوسپر موت نہ جتایا اون کو اوس کا مرنا مگر کیڑی نے گھن کے
کھاتا رہا اوسکا عصا پھر جب وہ گر پڑا معلوم کیا جنون نے کہ اگر خبر رکھتے ہوتے غیب کی
نہ رہتے ذلت کی تکلیف مین فائدہ حضرت سلیمان جنون کے ہاتھ سے مسجد بیت المقدس بنواتے
تھے جب معلوم کیا کہ میرے موت پہنچی جنون کو عمارت کا نقشہ بتا کر آپ شیشے کے مکان مین در بند
کر کر بندگی مین مشغول ہوے بعد وفات کے برس دن تک جن بناتے رہے کہ لکڑی جن
ٹیکی تھی عصا یہ ٹیک کر کھڑے تھے گھن کے کھانے سے گر اتب سب پر وفات معلوم ہوئی اور
جن جو آدمیون پاس دعوے کرتے تھے علم غیب کا قائل ہوے یہ آیت سورہ ہود کے تیسرے رکوع مین ہے
وَلَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ اَقُوْلُ اِنِّيْ مَلَكٌ ترجمہ
اور مین نہین کہتا تمکو کہ میرے پاس ہین خزانے اللہ کے اور نہ مین خبر رکھون غیب کی اور نہ مین
کہون کہ فرشتہ ہون یہ آیت سورہ رعد کے چھٹے رکوع مین ہے وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ
اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ترجمہ اور نہ تھا کسی رسول کو کہ لے آوے کوئی نشانی مگر اللہ
کے اذن سے یہ آیت سورہ عنکبوت کے پانچوین رکوع مین ہے قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ
عِنْدَ اللّٰهِ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ترجمہ تو کہہ نشانیان تو ہین اختیار مین اللہ کے اور مین
تو یہی سنا دینے والا ہون کھولکر یہ آیت سورہ ملک کے دوسرے رکوع مین ہے
قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ترجمہ تو کہہ خبر تو ہے اللہ
ہی پاس اور مین تو یہی ہون ڈرانے والا ہون کھولکر یہ آیت سورہ جن کے دوسرے رکوع
مین ہے عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا ترجمہ جاننے والا بھید کا سو نہین خبر دیتا اپنے بھید کی کسیکو

ان آیتون مین نیکی کرنے کو فرمایا ہے

یہ آیت سورہ انعام کے بیسوین رکوع مین ہے مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا وَمَنْ جَاءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزَىٰ إِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ترجمہ جو کوئی لایا نیکی تو اسکو اوسکے دس برابر اور جو لایا برائی سو سزا پاویگا اوتنے ہی اور ان پر ظلم نہ ہوگا یہ آیت سورہ نمل کے تیسرے رکوع مین ہے وَمَنْ شَكَرَ فَإِنَّمَا يَشْكُرُ لِنَفْسِهِ وَمَنْ كَفَرَ فَإِنَّ رَبِّي غَنِيٌّ كَرِيمٌ ترجمہ جو کوئی شکر کرے سو کرے اپنے واسطے اور جو کوئی ناشکری کرے سو میرا رب بے پروا ہے نیک ذات یہ آیت سورہ روم کے پانچوین رکوع مین ہے وَكَانَ حَقًّا عَلَيْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِينَ ترجمہ اور حق ہے ہم پر مدد ایمان والون کی یہ آیت سورہ حٰم سجدہ کے چھٹے رکوع مین ہے مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهِ وَمَنْ أَسَاءَ فَعَلَيْهَا ترجمہ جنے کی بھلائی سو اپنے واسطے اور جنے کی برائی وہ بھی اوسی پر یہ آیت سورہ شوریٰ کے تیسرے رکوع مین ہے مَنْ كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ الْآخِرَةِ نَزِدْ لَهُ فِي حَرْثِهِ وَمَنْ كَانَ يُرِيدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهِ مِنْهَا وَمَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ نَصِيبٍ ترجمہ جو کوئی چاہتا ہو آخرت کی کھیتی بڑھاوین ہم اوسکو اوسکی کھیتی اور جو کوئی ہو چاہتا دنیا کی کھیتی اوسکو دین ہم کچھ اوس مین سے اور اوسکو نہین آخرت مین کچھ حصہ **فائدہ** دنیا کے واسطے جو محنت کرنے موافق قسمت کے ملے پھر اوس محنت کا فائدہ آخرت مین نہین

ان آیتون مین اللہ تعالیٰ نے بندون کو روزی دینے کو فرمایا ہے

یہ آیت سورہ بقر کے پچیسوین رکوع مین ہے وَاللَّهُ رَءُوفٌ بِالْعِبَادِ ترجمہ اور اللہ شفقت رکھتا ہے اپنے بندون پر یہ آیت سورہ بقر کے چھبیسوین رکوع مین ہے وَاللَّهُ يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ترجمہ اور اللہ رزق دیوے جسکو چاہے بے شمار یہ آیت سورہ توبہ کے ساتوین رکوع مین ہے وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ترجمہ اور اللہ ہی پر چاہئے بھروسا کرین مسلمان یہ آیت سورہ یونس کے چھٹے رکوع مین ہے قُلْ أَرَأَيْتُمْ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ لَكُمْ مِنْ رِزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِنْهُ حَرَامًا وَحَلَالًا قُلْ آللَّهُ أَذِنَ لَكُمْ أَمْ عَلَى اللَّهِ تَفْتَرُونَ ترجمہ تو کہہ بھلا دیکھو تو اللہ نے جو اتاری تمہارے واسطے روزی پھر تم نے ٹھہرالی اوس مین سے کوئی حلال اور کوئی حرام کہہ اللہ نے حکم دیا تمکو یا اللہ پر جھوٹھ باندھتے ہو یہ آیت سورہ رعد کے تیسرے رکوع مین ہے اللَّهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ترجمہ اللہ کشادہ کرتا ہے روزی جسکو چاہے اور تنگ یہ آیت سورہ بنی اسرائیل کے دوسرے رکوع مین ہے وَكُلَّ إِنْسَانٍ أَلْزَمْنَاهُ طَائِرَهُ فِي عُنُقِهِ وَنُخْرِجُ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كِتَابًا يَلْقَاهُ مَنْشُورًا

ترجمہ اور جو آدمی ہے لگادی ہے ہمنے اوسکی بری قسمت اوسکی گردن سے اور نکال دکھاوینگے اوسکو قیامت کے دن لکھا کہ پاویگا اوسکو کھلا فائدہ یعنے بری قسمت کے ساتھ برے عمل ہین کہ چھوٹ نہین سکتے یہی نظر آوینگے قیامت مین یہ آیت سورہ بنی اسرائیل کے دوسرے رکوع مین ہے وَيَدْعُ الْإِنسَانُ بِالشَّرِّ دُعَاءَهُ بِالْخَيْرِ وَكَانَ الْإِنسَانُ عَجُولًا ترجمہ اور مانگتا ہے آدمی برائی جیسے مانگتا ہے بھلائی اور ہے انسان اتاولا فائدہ یعنے گھبراتا ہے کہ میری دعا شتاب کیون نہین قبول ہوتی اور اوسکی دعا بعضی اوسکے حق مین بری ہے اگر قبول ہو تو انسان خراب ہو سو ہر طرح اللہ بہتر جانتا ہے اوسی کی رضا پر شاکر رہے یہ آیت سورہ فرقان کے پانچوین رکوع مین ہے وَأَنزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً طَهُورًا ترجمہ اور اوتارا ہمنے آسمان سے پانی ستھرائی کرنے کا یہ آیت سورہ حم سجدہ کے چھٹے رکوع مین ہے لَّا يَسْأَمُ الْإِنسَانُ مِن دُعَاءِ الْخَيْرِ وَإِن مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَئُوسٌ قَنُوطٌ ترجمہ نہین تھکتا آدمی مانگنے سے بھلائی اور اگر لگ جاوے اوسکو برائی تو آس توڑی ناامید ہو یہ آیت سورہ روم کے چوتھے رکوع مین ہے إِنَّ اللَّهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاءُ وَيَقْدِرُ ترجمہ اللہ پھیلاتا ہے روزی جسپر چاہے اور ماپ کر دیتا ہے یہ آیت سورہ شوری کے تیسرے رکوع مین ہے وَلَوْ بَسَطَ اللَّهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهِ لَبَغَوْا فِي الْأَرْضِ وَلَٰكِن يُنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا يَشَاءُ ترجمہ اور اگر پھیلا دے اللہ روزی اپنے بندونکو تو دھوم اوٹھاوین ملک مین پر اوتارتا ہے ناپ کر جتنی چاہتا ہے

یہ آیتین امانت رکھنے والون کو دینے کو تقید فرمایا

یہ آیت سورہ نسا کے آٹھوین رکوع مین ہے إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُكُمْ أَن تُؤَدُّوا الْأَمَانَاتِ إِلَىٰ أَهْلِهَا وَإِذَا حَكَمْتُم بَيْنَ النَّاسِ أَن تَحْكُمُوا بِالْعَدْلِ إِنَّ اللَّهَ نِعِمَّا يَعِظُكُم بِهِ إِنَّ اللَّهَ كَانَ سَمِيعًا بَصِيرًا ترجمہ اللہ تمکو فرماتا ہے پہونچاؤ امانتین امانت والون کو اور جب چکوتی کرنے لگو لوگون مین تو چکوتی کرو انصاف سے اللہ اچھی نصیحت کرتا ہے تمکو اللہ ہے سنتا دیکھتا فائدہ یعنے امانت مین خیانت مت کرو اور چکوتی مین خاطر مت کرو خواہ رشتون کے واسطے خواہ کسی کے واسطے یہ عادتین یہود مین بہت تھین اسی واسطے بعضے کچے مسلمان قضیہ چکانیکو حضرت پاس نہ آتے کہ یہ کسی کی خاطر نرکھین یہ آیت سورہ مومنون کے پہلے رکوع مین ہے وَالَّذِينَ هُمْ لِأَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُونَ وَالَّذِينَ هُمْ عَلَىٰ صَلَوَاتِهِمْ يُحَافِظُونَ ترجمہ اور جو اپنی امانتون سے اور قرار سے خبردار ہین اور جو اپنی نماز سے خبردار ہین یہ آیت سورہ معارج کے پہلے رکوع مین ہے وَالَّذِينَ هُمْ لِأَمَانَاتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رَاعُونَ ترجمہ اپنے دھروہرین تا قول نباہتے ہین

ان آیتون مین گواہی چھپانے کو منع فرمایا اور قرار پورا کرنیکو تقید شدید فرمایا

یہ آیت سورہ بقر کے اونتالیسوین رکوع مین ہے وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ وَمَنْ يَكْتُمْهَا فَإِنَّهُ آثِمٌ قَلْبُهُ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ ۝ ترجمہ اور نہ چھپاؤ گواہی کو اور جو کوئی وہ چھپاوے تو گناہ گار ہے دل اوسکا اور اللہ تمھارے کام سے واقف ہے یہ آیت سورہ حج کے چوتھے رکوع مین ہے وَاجْتَنِبُوا قَوْلَ الزُّورِ ترجمہ اور بچے رہو جھوٹی بات سے یہ آیت سورہ صف کے پہلے رکوع مین ہے يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ ترجمہ اے ایمان والو کیون کہتے منہ سے جو نہین کرتے یہ آیت سورہ صف کے پہلے رکوع مین ہے كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللَّهِ أَنْ تَقُولُوا مَا لَا تَفْعَلُونَ ترجمہ بڑی بیزاری ہے اللہ کی ہان کہ کہو وہ چیز جو نہ کرو فائدہ بندے کو دعوے کی بات سے ڈرنا چاہیے کا اوسکا پورا کرنا مشکل ہوتا ہے یہ آیت سورہ معارج کے پہلے رکوع مین ہے وَالَّذِينَ هُمْ بِشَهَادَاتِهِمْ قَائِمُونَ ترجمہ اور جو اپنی گواہی پر سیدھے ہین یہ آیت سورہ معارج کے پہلے رکوع مین ہے أُولَٰئِكَ فِي جَنَّاتٍ مُكْرَمُونَ ترجمہ وہ ہین باغون مین عزت سے

ان آیتون مین مسلمانون سے صلح کروانیکو فرمایا

یہ آیت سورہ حجرات کے پہلے رکوع مین ہے وَإِنْ طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ اقْتَتَلُوا فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا فَإِنْ بَغَتْ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَىٰ فَقَاتِلُوا الَّتِي تَبْغِي حَتَّىٰ تَفِيءَ إِلَىٰ أَمْرِ اللَّهِ فَإِنْ فَاءَتْ فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَأَقْسِطُوا إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ ۝ ترجمہ اور اگر دو فرقے مسلمانون کے آپس مین لڑ پڑین تو ان مین ملاپ کروا دو پھر اگر چڑھا جاوے ایک اون مین دوسرے پر تو سب لڑو اوس چڑھائی والے سے جب تک پھر آوے اللہ کے حکم پر پھر اگر پھر آیا تو ملاپ کرا دو اون مین برابر اور انصاف کرو بیشک اللہ کو خوش آتے ہین انصاف والے فائدہ یعنے جب حکم شرع کے تابع ہون تو انصاف سے صلح کرا دو ایک کی طرف داری نکرو یہ آیت سورہ حجرات کے دوسرے رکوع مین ہے إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ فَأَصْلِحُوا بَيْنَ أَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ ۝ ترجمہ مسلمان جو ہین سو بھائی ہین سو ملاپ کرا دو اپنے دو بھائیون کو اور ڈرتے رہو اللہ سے شاید تم پر رحم ہو

اس آیت مین اللہ تعالے نے دعا دینے کو فرمایا ہے

یہ آیت سورہ نسا کے گیارھوین رکوع مین ہے وَإِذَا حُيِّيتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوا بِأَحْسَنَ مِنْهَا أَوْ رُدُّوهَا إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ حَسِيبًا ترجمہ اور جب تمکو دعا دیوے کوئی تو تم بھی دعا دو اوس سے بہتر یا وہی کہو الٹ کر اللہ ہے ہر چیز کا حساب کرنے والا فائدہ مثلاً کوئی کہے السلام علیکم تو واجب ہے اوسکا جواب اگر برابر چاہے تو علیکم السلام اور اگر

زیادہ ثواب چاہے تو رحمت اللہ بھی اور اگر اوسنے یوں کہا تو آپ کیسے سرتا

ان آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے راگ کو منع فرمایا

یہ آیت سورہ لقمان کے پہلے رکوع میں ہے وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْتَرِي لَهْوَ الْحَدِيثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَيَتَّخِذَهَا هُزُوًا أُولٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُهِينٌ ترجمہ اور ایک لوگ ہیں خریدار ہیں کھیل کے باتوں کے تا بہکاویں اللہ کی راہ سے بن سمجھے اور ٹھہراویں اوس کو ہنسی وہ ہیں اونکو ذلت کی مار ہے فائدہ ایک کافر تھا جسکو دیکھتا کہ دل نرم ہوا اسلام کی طرف چپکا اپنے گھر لیجاتا شراب پلاتا اور راگ اور ناچ دکھاتا اوس حضرت کی مجلس سے ایمان کا ارادہ جاتا اوسکو فرمایا

ان آیتوں میں بیاج لینے کو حرام فرمایا ہے

یہ آیت سورہ بقر کے اڑتیسویں رکوع میں ہے الَّذِينَ يَأْكُلُونَ الرِّبٰوا لَا يَقُومُونَ إِلَّا كَمَا يَقُومُ الَّذِي يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطَانُ مِنَ الْمَسِّ ذٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا إِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا وَأَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا فَمَنْ جَاءَهُ مَوْعِظَةٌ مِنْ رَبِّهِ فَانْتَهٰى فَلَهُ مَا سَلَفَ وَأَمْرُهُ إِلَى اللّٰهِ وَمَنْ عَادَ فَأُولٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ترجمہ جو لوگ کھاتے ہیں سود نہ اوٹھینگے قیامت کو مگر جس طرح اوٹھتا ہے جسکے حواس کھو دیے جن نے لپٹ کر یہ اسواسطے کہ انھوں نے کہا سوداگری بھی تو ویسا ہے جیسا سود لینا اور اللہ نے حلال کیا سوداگری اور حرام کیا سود پھر جسکو پہونچے نصیحت اپنی رب کی اور باز آیا تو اوسکا ہے جو آگے ہو چکا اور اوسکا حکم اللہ کے اختیار اور جو کوئی پھر کرے وہی ہیں دوزخ کے لوگ وہ اوسی میں رہ پڑے فائدہ یعنے منع سے پہلے جو لیا دنیا میں پھروانا نہیں پہونچتا اور آخرت میں اللہ کا اختیار ہے چاہے تو بخشے باقی بعد منع کے جو کوئی لیوے وہ دوزخی ہے اور خدا کے حکم کے سامنے عقل کی دلیل لاوی اسکی بھی سزا ہے جو فرمائی یہ آیت سورہ بقر کی اوٹتیسویں رکوع میں ہے يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي الصَّدَقَاتِ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ أَثِيمٍ ترجمہ مٹاتا ہے اللہ سود اور بڑھاتا ہے خیرات اور اللہ نہیں چاہتا کسی ناشکر گنہگار کو فائدہ یعنے مالدار ہو کر محتاج کو قرض بھی مفت نہ دے جبتک سود نہ ٹھہرے نعمت کی ناشکری ہے یہ آیت سورہ آل عمران کے چودھویں رکوع میں ہے يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَأْكُلُوا الرِّبٰوا أَضْعَافًا مُضَاعَفَةً وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ع

ترجمہ اے ایمان والو مت کھاؤ سود دونے پر دونا اور ڈرو اللہ سے شاید تمہارا بھلا ہو یہ آیت سورہ روم کے چوتھے رکوع میں ہے وما آتیتم من ربا لیربوا فی اموال الناس فلا یربوا عند اللہ ترجمہ اور جو دیتے ہو بیاج پر کہ بڑھتا رہے لوگوں کے مال میں وہ نہیں بڑھتا اللہ کے یہاں

ان آیتوں میں اونکا بیان ہے جو اپنے مال سے زکات نہیں دیتے گنہگار ہیں

یہ آیت سورہ توبہ کے پانچویں رکوع میں ہے یا ایہا الذین آمنوا ان کثیرا من الاحبار والرہبان لیاکلون اموال الناس بالباطل ویصدون عن سبیل اللہ والذین یکنزون الذہب والفضۃ ولا ینفقونہا فی سبیل اللہ فبشرہم بعذاب الیم ترجمہ اے ایمان والو بہت عالم اور درویش اہل کتاب کے کھاتے ہیں مال لوگوں کے ناحق اور روکتے ہیں اللہ کی راہ سے اور جو لوگ گاڑ رکھتے ہیں سونا اور روپیا اور خرچ نہیں کرتے اللہ کی راہ میں سو انکو خوش خبری سنا دکھ والی مار کی فائدہ اللہ کی راہ میں خرچ کرنا یہ کہ زکات اور قرض اور حق دار کا حق دینا ہے یہ آیت سورہ توبہ کے پانچویں رکوع میں ہے یوم یحمی علیہا فی نار جہنم فتکوی بہا جباہہم وجنوبہم وظہورہم ہذا ما کنزتم لانفسکم فذوقوا ما کنتم تکنزون ترجمہ جس دن آگ دہکاویں گے اوس پر دوزخ کی پھر داغیں گے اوس سے انکے ماتھے اور کروٹیں اور پیٹھیں یہ ہے جو تم گاڑ رکھتے تھے اپنے واسطے اب چکھو مزہ اپنے گاڑنے کا

اس آیت میں فرمایا کہ دو شخص مجلس میں بیٹھ کر کان میں بات نہ کریں

یہ آیت سورہ مجادلہ کے دوسرے رکوع میں ہے انما النجوی من الشیطان لیحزن الذین آمنوا ولیس بضارہم شیئا الا باذن اللہ وعلی اللہ فلیتوکل المؤمنون ترجمہ یہ جو ہے کانا پھوسی سو شیطان کا کام ہے کہ دلگیر کرے ایمان والوں کو اور وہ انکا کچھ نہ بگاڑیگا بن حکم اللہ کے اور اللہ پر چاہئے بھروسا کریں ایمان والے فائدہ مجلس میں دو شخص کان میں بات کریں تو دیکھنے والے کو وہم ہو کہ مجھ سے کیا حرکت ہوئی جو چھپکے کہتے ہیں

ان آیتوں میں احوال بدلا ملنا اپنے اعمال بد کی واسطے فرمایا ہے

یہ آیت سورہ شوری کے چوتھے رکوع میں ہے وما اصابکم من مصیبۃ فبما کسبت ایدیکم ویعفو عن کثیر ترجمہ اور جو پڑے تم پر کوئی سختی سو بدلا اوسکا جو کمایا تمہارے ہاتھوں نے اور معاف کرتا ہے بہت فائدہ یہ خطاب عاقل بالغ لوگوں کو ہے جو گنہگار ہوں یا نیک مگر نبی نہیں افضل اولیاء کو

اور انکے واسطے کچھ نہو گا اور سختی دنیا کی بھی آگئی اور قبر کی اور آخرت کی یہ آیت سورہ تغابن کے دوسرے
رکوع میں ہے مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ترجمہ نہیں پڑتی کوئی تکلیف بحکم اللہ کے فائدہ اللہ تبارک

ان آیتوں میں تول ناپ کو مقدم فرمایا

یہ آیت سورہ شعرا کے دسویں رکوع میں ہے اَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْمُخْسِرِيْنَ
ترجمہ پورا بھر دو ناپ اور نہو نقصان دینے والے یہ آیت سورہ شعرا کے دسویں رکوع
میں ہے وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ترجمہ اور تولو سیدھی ترازو یہ آیت سورہ شعرا کے
دسویں رکوع میں ہے وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ ترجمہ اور مت گھٹا دو لوگوں کو انکی چیزیں
یہ آیت سورہ الرحمن کے پہلے رکوع میں ہے اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ ترجمہ کہ مت زیادتی
کرو ترازو میں یہ آیت سورہ رحمن کے پہلے رکوع میں ہے وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ
وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ترجمہ اور سیدھی ترازو تولو انصاف سے اور مت گھٹاؤ تول یہ آیت
سورہ مطففین کے پہلے رکوع میں ہے وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ الَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ
يَسْتَوْفُوْنَ وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ ترجمہ خرابی ہے کم دینے والوں
کی وہ کہ جب ناپ لیں لوگوں سے پورا بھر لیں اور جب ناپ دیں انکو یا تول کر گھٹا کر دیں

ان آیتوں میں اللہ صاحب نے کئی چیز کرنی سے منع فرمایا اور کئی کرنیکو حکم فرمایا

یہ آیت سورہ انعام کے انیسویں رکوع میں ہے قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ عَلَيْكُمْ
اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْئًا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَلَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ
نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ وَلَا تَقْرَبُوا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ
وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ذٰلِكُمْ وَصّٰكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ
ترجمہ تو کہہ آؤ میں سنا دوں جو حرام کیا ہے تم پر تمہارے رب نے کہ شریک مت کرو اسکے ساتھ
کسی چیز کو اور ماں باپ سے نیکی اور مار نہ ڈالو اپنی اولاد کو مفلسی سے ہم رزق دیتے ہیں تمکو اور انکو
اور نزدیک مت جاؤ بے حیائی کے کام سے جو کھلا ہو اس میں اور جو چھپا اور مار نہ ڈالو جان جسکو حرام کیا اللہ
نے مگر حق پر یہ تمکو کہدیا ہے شاید تم سمجھو یہ آیت سورہ منافقون کے پہلے رکوع میں ہے
سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ لَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ
ترجمہ برابر ہے ان پر تو معافی چاہے انکی یا نہ معافی چاہے ہرگز نہ معاف کریگا انکو اللہ
مقرر اللہ راہ نہیں دیتا بے حکم لوگونکو فائدہ یعنے جو خلاف حکم خدا کے کریگا انکو نہ بخشیگا کسیطرح سے

ان آیتوں میں خون اور تکلیف کی بدلا لینے کو واسطے فرمایا

یہ آیت سورۂ بقر کے بائیسویں رکوع میں ہے یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَیْكُمُ الْقِصَاصُ فِی الْقَتْلٰى اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَ الْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَ الْاُنْثٰى بِالْاُنْثٰى ط فَمَنْ عُفِیَ لَهٗ مِنْ اَخِیْهِ شَیْءٌ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَ اَدَآءٌ اِلَیْهِ بِاِحْسَانٍ ط ذٰلِكَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ رَحْمَةٌ فَمَنِ اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ترجمہ اے ایمان والو حکم ہوا تمپر بدلا برابر مارے گیون مین صاحب کے بدلے صاحب اور غلام کے بدلے غلام اور عورت کے بدلے عورت پھر جسکو معاف ہوا اوسکے بھائی کی طرف سے کچھ ایک تو چاہیے مرضی پر چلنا موافق دستور کے اور پہونچانا اوسکو نیکی سے یہ آسانی ہوئی تمھاری رب کی طرف سے اور مہربانی پھر جو کوئی زیادتی کرے بعد اوسکے تو اوسکو دکھ کی مار ہے فائدہ صاحب کے بدلے صاحب اور غلام کے بدلے اسیطرح عورت یعنی ہر صاحب دوسرے صاحب کے برابر ہے ہر غلام دوسرے غلام کے برابر ہے اشراف اور کم ذات کا فرق نہیں نہ متمول اور فقیر کا فرق نہیں جیسے کفر میں معمول ہو رہا تھا فائدہ جسکو معاف ہوا یعنے مقتول کے وارث اگر قصاص سوقوف کر کر مال پر راضی ہون تو قاتل کو چاہیے کہ اونکو راضی کرے اور منت اوٹھا کر خون بہا پہونچا دے فائدہ یہ آسانی ہوئی یعنے اگلی امت پر قصاص ہی مقرر تھا اس امت پر معاف کرنا اور مال پر صلح کرنی بھی ٹھہری فائدہ پھر جو کوئی زیادتی کرے یعنی صلح کر کر صلح خون لیکر پھر مار ڈالے یا قصد کرے یہ آیت سورۂ نحل کے سولھوین رکوع میں ہے وَ اِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ وَ لَىِٕنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَیْرٌ لِّلصّٰبِرِیْنَ ۵ ترجمہ اور اگر بدلا دو تو بدلا دو اوس قدر جتنی تمکو تکلیف پہونچی اور اگر صبر کرو تو یہ بہتر ہے صبر والون کو فائدہ جیسے جو فرمایا کہ سمجھاؤ بھلی طرح اس مین رخصت دی کہ بدی کی بدلی بدی ہی نہین پر صبر اور بہتر ہے

ان آیتون مین اللہ صاحب نے فرمایا ہم سب کا بھید اور مشورہ جانتے ہین

یہ آیت سورۂ زخرف کی ساتوین رکوع مین ہے اَمْ یَحْسَبُوْنَ اَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَ نَجْوٰىهُمْ ط بَلٰى وَ رُسُلُنَا لَدَیْهِمْ یَكْتُبُوْنَ ۵ ترجمہ کیا خیال رکھتے ہیں کہ ہم نہین جانتے انکا بھید اور مشورہ کیون نہین اور ہمارے بھیجے انکے پاس ہین لکھتے فائدہ ہر آدمی کے ساتھ فرشتے رہتے ہین سب کام نیک و بد اوسکا لکھتے ہین یہ آیت سورۂ قلم کی دوسرے رکوع مین ہے اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِیْنَ كَالْمُجْرِمِیْنَ ترجمہ کیا ہم کر دینگے حکم برداروں کو برابر گنہ گارون کے

اس آیت مین بہشت کی داخل ہونے کا حال فرمایا

یہ آیت سورہ معارج کے دوسرے رکوع مین ہے اَیَطْمَعُ کُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ یُّدْخَلَ جَنَّةَ نَعِیْمٍ کَلَّا اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّمَّا یَعْلَمُوْنَ ترجمہ کیا لالچ رکھتا ہے ہر ایک اونمین کہ داخل کیا جاوے نعمت کے باغ مین کوئی نہین ہمنے انکو بنایا ہے جس چیز سے جانتے ہین فائدہ یعنی منی سے انکو کیسی گھن کی چیز وہ کہان لایق ہے بہشت کے مگر جب ایمان سے پاک ہوا ایمان کی برکت سے داخل جنت کا ہوگا

ان آیتون مین تہجد کی نماز کا بیان فرمایا

یہ آیت سورہ مزمل کے پہلے رکوع مین ہے قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا نِّصْفَهٗ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِیْلًا اَوْ زِدْ عَلَیْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِیْلًا ترجمہ کھڑا رہ رات کو مگر کسی رات آدھی رات یا اس سے کم کچھ تھوڑا سا یا زیادہ کر اس پر اور کھول کھول پڑھ قران کو صاف یہ آیت سورہ مزمل کے پہلے رکوع مین ہے اِنَّ رَبَّكَ یَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰی مِنْ ثُلُثَیِ الَّیْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِیْنَ مَعَكَ وَاللّٰهُ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ ترجمہ تیرا رب جانتا ہے کہ تو اٹھتا ہے نزدیک دو تہائی رات کے اور آدھی رات اور تہائی اور کئی لوگ تیرے ساتھ کے اور اللہ جانتا ہے رات کو اور دن کو یہ آیت سورہ فرقان کے چھٹے رکوع مین ہے وَالَّذِیْنَ یَبِیْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِیَامًا ترجمہ اور جو رات کاٹتے ہین اپنے رب کے آگے سجدے مین یا کھڑے فائدہ رکوع کو نہین کہا رکوع بہت لمبا نہین ہوتا

ان آیتون مین روزہ رمضان کے واسطے حکم فرمایا

یہ آیت سورہ بقر کے تیئسوین رکوع مین ہے یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَیْكُمُ الصِّیَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَی الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ترجمہ اے ایمان والو حکم ہوا تم پر روزہ کا جیسے حکم ہوا تھا تمسے اگلون پر شاید تم پرہیزگار ہو جاؤ فائدہ یعنے روزہ سے سلیقہ آجاوے جی روکنے کا تو ہر جگہ روک سکو یہ آیت سورہ بقر کے تیئسوین رکوع مین ہے اَیَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِیْضًا اَوْ عَلٰی سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَیَّامٍ اُخَرَ وَعَلَی الَّذِیْنَ یُطِیْقُوْنَهٗ فِدْیَةٌ طَعَامُ مِسْكِیْنٍ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَیْرًا فَهُوَ خَیْرٌ لَّهٗ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَیْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ترجمہ کئی دن ہین گنتی کے پھر جو کوئی تم مین بیمار ہو یا سفر مین تو گنتی چاہیے اور دنون سے اور جنکو طاقت ہے تو بدلا چاہیے ایک فقیر کا کھانا پھر جو کوئی شوق سے کرے نیکی تو اوسکو بہتر ہے اور روزہ رکھو تو تمہارا بھلا ہے اگر تم سمجھ رکھتے ہو فائدہ اول یہی حکم اوترا کہ مریض و مسافر

چاہیں تو پھر قضا کر لیں اور جنکو طاقت ہے یعنی بے عذر ہیں وہ چاہیں کہ پھر قضا کریں تو بالفعل ہر روزہ کے بدلے ایک فقیر کو کھلادیں اور تو بھی بہتر ہے روزہ ہی رکھیں پھر اسکے بعد جو آیت اوتری فقط مریض و مسافر کو رخصت ملی قضا کی اور کسیکو نہیں یہ آیت سورہ بقر کے تیئسویں رکوع میں ہے شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِي أُنْزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ هُدًى لِلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِنَ الْهُدَىٰ وَالْفُرْقَانِ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ وَمَنْ كَانَ مَرِيضًا أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ يُرِيدُ اللَّهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللَّهَ عَلَىٰ مَا هَدَاكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ ترجمہ مہینہ رمضان کا جس میں نازل ہوا قرآن ہدایت واسطے لوگوں کو اور کھلی نشانیاں راہ کی اور فیصلہ پھر جو کوئی پاوے تم میں یہ مہینہ تو اوسکو روزہ رکھے اور جو کوئی ہو بیمار یا سفر میں تو گنتی چاہیے اور دنوں سے اللہ چاہتا ہے تم پر آسانی اور نہیں چاہتا تم پر مشکل اور واسطے پوری کرو گنتی اور بڑائی کرو اللہ کی اوپر کہ تمکو راہ بتائی اور شاید تم احسان مانو فائدہ اس سے معلوم ہوا کہ رمضان کا مہینہ اسی ٹھیرا کہ اسمیں اوترا قرآن پس قرآن کی خدمت اس مہینے میں اولی ہے اسی سبب رسول خدا نے تقید کیا تراویح کا اور آپ چند روز جماعت کر کے پھر ترک کروائی کہ قرآن میں اشارات ہیں صریح فرض نہ ہو جاوے یہ آیت سورہ بقر کے تیئسویں رکوع میں ہے وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ ترجمہ اور جب تجھسے پوچھیں بندے میرے مجھکو تو میں نزدیک ہوں پہونچتا ہوں پکارنے والے کی پکار کو جس وقت مجھکو پکارتا ہے تو چاہیے کہ حکم مانیں میرا اور یقین لاویں مجھ پر شاید نیک راہ پر آویں فائدہ اوپر کی آیت میں فرمایا بڑائی کرو اللہ کی یعنے عید کے دن بھی تکبیر کہتے ہیں یہ آواز بلند سو اسواسطے دوسری آیت میں فرمایا کہ اللہ دور نہیں اور بلند آواز اور فائدہ کے واسطے تھی ایک شخص نے حضرت سے پوچھا کہ ہمارا رب دور ہے تو ہم زور سے پکاریں یا نزدیک تو ہم آہستہ بات کہیں اوسپر یہ آیت اوتری یہ آیت سورہ بقر کے تیئسویں رکوع میں ہے أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَىٰ نِسَائِكُمْ هُنَّ لِبَاسٌ لَكُمْ وَأَنْتُمْ لِبَاسٌ لَهُنَّ عَلِمَ اللَّهُ أَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُونَ أَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ فَالْآنَ بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُوا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَكُمْ وَكُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ

وَأَنْتُمْ عَاكِفُونَ فِي الْمَسَاجِدِ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا تَقْرَبُوهَا كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ
آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ترجمہ حلال ہوا تمکو روزے کی رات بے پردہ ہونا اپنی
عورتوں سے وہ پوشاک ہین تمہاری اور تم پوشاک ہو انکی اللہ نے معلوم کیا کہ تم چوری
کرتے تھے سو معاف کیا اور درگذر کی تمسے پھر اب ملو انسے اور چاہو جو لکھ دیا اللہ نے تمکو اور کھاؤ اور پیو
جبتک کہ صاف نظر آوے تمکو دہاری سفید جدی دہاری سیاہ سے فجر کی پھر پورا کرو روزہ رات تک
اور نہ لگو انسے جب اعتکاف بیٹھے ہو مسجدون مین یہ حدین باندھی ہین اللہ کی سو انکے نزدیک نہ جاؤ اسطرح بیان
کرتا ہے اللہ اپنی آیتین لوگونکو شاید وہ بچتے رہین فائدہ جب روزہ فرض ہوا تو مسلمان سارے رمضان مین
عورت کے پاس نہ جاتے اور پہلی امت کیطرح رات کو سو کر پھر نہ کھاتے اس بیچ مین بعضے شخص رہ نسکے پھر حضرت
کے پاس عرض کیا تب یہ آیت اوتری یعنے تم اپنی چوری کرتے تھے اللہ نے منع نہین کیا اور
کھانا صبح تک رخصت ہے جب کو دھاری سفید پڑے وہی صبح صادق ہے اور جبتک
روشنی اونچی رہے ستون سے وہ صبح کاذب ہے مگر اعتکاف مین رات عورت پاس نجاے

ان آیتون مین اور کا مال فریب سے کھانے کو منع فرمایا

یہ آیت سورہ بقر کے تیئیسوین رکوع مین ہے وَلَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ
وَتُدْلُوا بِهَا إِلَى الْحُكَّامِ لِتَأْكُلُوا فَرِيقًا مِنْ أَمْوَالِ النَّاسِ بِالْإِثْمِ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ ترجمہ اور نہ کھاؤ
مال ایک دوسرے کی آپس مین ناحق اور نہ پہونچاؤ انکو حاکمون تک کہ کھا جاؤ کاٹکر لوگونکے مال مین سے مارکر گناہ کی اور تمکو معلوم ہے
نہ پہونچاؤ حاکمون تک یعنی کسیکے مال کی خبر دو حاکمونکو یا اپنے مال نہ پہونچاؤ رشوت کہ حاکم رفیق کر کر کسیکا مال کھا جاوے

اس آیت مین اللہ صاحب نے اوس وقت کی لوگونکے نشر کا حال فرمایا اب کے لوگ ڈرو انکی نصیحت اور دہشت رکھا ہے

یہ آیت سورہ بقر کے آٹھوین رکوع مین ہے فَجَعَلْنَاهَا نَكَالًا لِمَا بَيْنَ
يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِلْمُتَّقِينَ ترجمہ پھر ہمنے وہ دہشت رکھی اوس
شہر کے روبرو والون کو اور پیچھے والون اور نصیحت رکھی ڈرو الونکو فائدہ یہ قصہ سورہ اعراف مین ہے

اس آیت مین فخر سے ہنسنے کو منع فرمایا

یہ آیت سورہ حجرات کے دوسرے رکوع مین ہے يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ
مِنْ قَوْمٍ عَسَىٰ أَنْ يَكُونُوا خَيْرًا مِنْهُمْ وَلَا نِسَاءٌ مِنْ نِسَاءٍ عَسَىٰ أَنْ يَكُنَّ خَيْرًا مِنْهُنَّ وَلَا تَلْمِزُوا
أَنْفُسَكُمْ وَلَا تَنَابَزُوا بِالْأَلْقَابِ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوقُ بَعْدَ الْإِيمَانِ

وَمَنْ لَمْ يَتُبْ فَأُولٰئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ترجمہ اے ایمان والو ٹھٹھا نہ کرین ایک لوگ دوسرون سے شاید وہ بہتر ہون اونسے اور نہ عورتین دوسری عورتون سے شاید وہ بہتر ہون ان سے اور عیب نہ دو ایک دوسرےکو اور نام نہ ڈالو چڑ ایک دوسرےکی برا نام ہے گنہگاری پیچھے ایمان کے اور جو کوئی توبہ نکرے وہی ہین بےانصاف فائدہ جہان کسی نام پر برا نام ڈالا پہلے تو اپنا نام برکیا فاسق اگر تھا مومن دوسرے عیب لگایا نہ لگا

اس آیت مین لے پالکون کی پکارنے کو مع اونکے باپونکے فرمایا ہی

یہ آیت سورہ احزاب کی پہلے رکوع مین ہے اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْا اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ فِيْمَا اَخْطَاْتُمْ بِهٖ وَلٰكِنْ مَّا تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ترجمہ پکارو لے پالکونکو اونکے باپکا کرکے یہی پورا انصاف ہے اللہ کے یہان پھر اگر نہ جانتے ہون اونکے باپکو تو تمہارے بھائی ہین دین مین اور رفیق ہین اور گناہ نہین تمپر جس چیز مین چوک جاؤ پر وہ جو دل سے ارادہ کیا ہے اللہ بخشنے والا مہربان فائدہ یعنے چوک کا گناہ تو کسی چیز مین نہین اور ارادے کا ہے انہین بھی اللہ چاہے تو بخشے چوک یہ کہ منہ سے نکلگیا فلانی کا بیٹا فلان

اس آیت مین اللہ تعالےٰ نے چورونکی سزا کی واسطے فرمایا

یہ آیت سورہ مائدہ کی چھٹے رکوع مین ہے وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ترجمہ اور جو کوئی چور ہو مرد یا عورت تو کاٹ ڈالو اونکے ہاتھ سزا اونکی کمائی کی تنبیہ اللہ کیطرف سے اور اللہ زور آور ہے حکمت والا

یہ آیتین اللہ صاحب نے نکاح کی مقدمہ مین فرمائی ہین

یہ آیت سورہ نساء کی چوتھی رکوع مین ہے وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ كِتٰبَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ترجمہ اور نکاح بندھی عورتین مگر جنکو مالک ہو جاوین تمہاری ہاتھ حکم ہوا اللہ کا تمپر فائدہ سات ناتے حرام فرمائے ایک مان اسمین داخل ہے نانی اور دادی یعنی جو عورت کہ اوس شخص کی جڑ ہے دوسرے بیٹی اسمین داخل ہے نواسی اور پوتی یعنی جو اوسکی شاخ ہے تیسری بہن چوتھی بھتیجی پانچوین بھانجی یعنے اوسکی مان باپ مین ملتی ہے چھٹی پھوپھی ساتوین اوسی خالہ یعنے جو مان باپ سے اوپر ملتی ہے بشرطیکہ بیواسطہ ملتی ہو اور جو واسطے سے ملی وہ حلال ہے جیسے پھوپھی کی بیٹی فائدہ اور دودھ کی دو ناتے فرمائے مان اور بہن اشارت ہے کہ ساتون ناتے اسمین بھی حرام ہین فائدہ اور سسرال کے چار ناتے فرمائے عورت کو مرد کی جڑ اور شاخ اور مرد کو

عورت کی جڑ اور شاخ مگر شاخ جب حرام ہے کہ نکاح کے بعد صحبت بھی ہوئی ہو اور جڑ فقط نکاح سے
حرام ہے **فائدہ** دودھ سے بھی یہ چار ناتے حرام ہوے لیکن دودھ پینا وہ معتبر ہے کہ اوسی عمر
مین پیے بڑی عمر مین پینا معتبر نہین **فائدہ** اس جگہ نانا سگا او سوتیلا اور اخیافی سب برابر ہے
اور دودھ مین بھی سوتیلا معتبر ہے **فائدہ** بعد اسکے منع فرمایا جمع کرنا دو بہنون کا اس اشارت سے معلوم
ہوا کہ ساتون ناتون کا جمع کرنا حرام ہے اور سسرال کے ناتون مین جمع کرنا حرام نہین **فائدہ** آخر کو
حرام فرمایا نکاح شدہ عورت یعنے ایک کے نکاح مین ہے تو دوسرے کو اوسکا نکاح حرام ہے مگر یہ کہ اپنی
ملک ہو جاوے اوسکی صورت یہ کہ کافر مرد اور عورت مین نکاح تھا وہ عورت قید مین آئی جسکو پہنچی اوسکو
حلال ہے **فائدہ** اور دودھ کا نانا یا سسرال کا مرد کو اپنی لونڈی سے ہو تو اوسکی صحبت حرام
ہے اور ملک مین رکھے **فائدہ** اور یہ جو فرمایا کہ عورتین تمھاری بیٹونکی جو تمھاری پشت سے
ہین یعنے لے پالک کو بیٹا نہ جانو کسی حکم سے وہ بیٹا نہین یہ آیت سورہ نسا کی چوتھے رکوع مین

وَأُحِلَّ لَكُمْ مَا وَرَاءَ ذٰلِكُمْ أَنْ تَبْتَغُوا بِأَمْوَالِكُمْ مُحْصِنِينَ غَيْرَ مُسَافِحِينَ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهِ مِنْهُنَّ فَآتُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ فَرِيضَةً وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا تَرَاضَيْتُمْ بِهِ مِنْ بَعْدِ الْفَرِيضَةِ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا

ترجمہ اور حلال ہوئین تمکو جو انکے سوا
ہین یون کہ طلب کرو اپنے مالکے بدلے قید مین لانے کو نہ مستی نکالنے کو پھر جو کام مین
لائے تم اون عورتون مین سے اونکو دو اونکے حق جو مقرر ہوے اور گناہ نہین تمکو اسمین جو ٹھہرا لو
اونکی رضا سے مقرر کیے پیچھے اللہ ہے خبردار حکمت والا **فائدہ** جو عورتین حرام فرمادین اونکے سوای
سب حلال ہین چار شرط سے اول یہ کہ طلب کرو یعنے زبان سے ایجاب قبول درمیان آدمی دوسرے
یہ کہ مال دینا قبول کرو یعنے مہر تیسرے یہ کہ قید مین لانیکی طرح ہو مستی نکالنی کی نہو یعنے ہمیشہ کو وہ عورت
اس مرد کی ہو جاوے چھوڑی بغیر نہ چھوٹی یعنے مدت کا ذکر نہ آوے کہ مہینہ تک یا برس تک اس سے
متعہ حرام ٹھیرا چوتھی شرط سورہ مائدہ مین فرمائی یہان بھی لونڈیون کے نکاح مین فرمائی ہے
چھپی یاری نہو یعنے لوگ شاہد ہون کم سے کم دو مرد یا ایک مرد دو عورتین پھر فرمایا جو عورت
کام مین آئے اوسکا پورا مہر دینا پڑا کام مین آئے یعنے صحبت ہوئی یا خلوت ہوئی اب کسی
طرح مہر نہین چھوٹتا اور جب تک کام مین نہین آئی تو اگر مرد چھوڑے تو آدھا مہر اور اگر عورت
ایسا کام کرے کہ نکاح ٹوٹ جاوے تو سب مہر اوتر گیا پھر فرمایا کہ بعد مہر مقرر کرنے کے جو دونو
اپنی خوشی سے بڑھاوین یا گھٹاوین وہ بھی معتبر ہے یہ آیت سورہ نسا کے چوتھے رکوع مین ہے

وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ
اَيْمَانُكُمْ مِّنْ فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ۭ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ ۭ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ
فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ وَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا
مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ ۚ فَاِذَآ اُحْصِنَّ فَاِنْ اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ نِصْفُ مَا عَلَي الْمُحْصَنٰتِ
مِنَ الْعَذَابِ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ الْعَنَتَ مِنْكُمْ ۭ وَاَنْ تَصْبِرُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

ترجمہ اور جو کوئی نپاوے تم مین مقدور اسکا کہ نکاح مین لاوے بیبیان مسلمان کر تو جو ہاتھ کا
مال ہین اپسکی تمھاری لونڈیان مسلمان اور اللہ کو معلوم ہے تمھارے مسلمانی تم آپسمین ایک ہو سو
اونکو نکاح کرو اونکے لوگونکی اذن سے اور دو اونکے مہر موافق دستور کے قید مین آئیان نہ مستی
نکالتیان اور نہ یار کرتیان چھپکر پھر جب وہ قید مین آچکین تو اگر کرین بیحیائی کا کام تو اونپر
آدھی وہ مار جو بیبیون پر ہے یہ اوسکے واسطے جو کوئی تم مین ڈرے تکلیف مین پڑنے
سے اور صبر کرو تو بہتر تمھارے حق مین اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے **فائدہ** فرمایا کہ جسکو
مقدور نہو آزاد عورت نکاح کرنے کا اور صبر مین ڈرتا ہو کہ مجھسے حرام ہو جاوے تو
روا ہے کسیکی لونڈی سے نکاح کرلے مالک کے اذن سے اور چھپی یاری سے منع
فرمایا تو نکاح مین شاید لازم ہوئے اور جسکے نکاح مین ایک عورت آزاد ہے اوسکو کسیکی لونڈی
سے نکاح حلال نہین اونپر جو آدھی مار فرمائی یعنے آزاد مرد یا عورت اگر نکاح سے فائدہ
لے چکے پھر زنا کرے تو سنگسار ہووے اور بغیر نکاح کے زنا کرے تو سو کوڑے مارے
سو فرمایا کہ لونڈیکو نکاح کیئے پر بھی زنا کی حد پچاس کوڑے ہین زیادہ نہین یہی حکم ہے غلام کا
یہ آیت سورہ نور کے چوتھے رکوع مین ہے وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ
مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَاۗىِٕكُمْ ۭ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَاۗءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ

ترجمہ اور بیاہ دو رانڈون کو اپنے اندر اور جو نیک ہون تمھارے غلام اور لونڈیان اگر وہ
ہونگے مفلس اللہ اونکو غنی کریگا اپنے فضل سے اور اللہ سمائی والا ہے سب جانتا **فائدہ**
رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے علی تین کام مین دیر نکرنا ایک فرض کا جب وقت آوے
دوسرے جنازہ جب موجود ہو تیسرے رانڈ عورت جب مرد ملے اوسکے ذات کا جو کوئی دوسرا خاوند کرنے کو عیب دے
اوسکا ایمان سلامت نہین اور نیک ہون لونڈی غلام یعنے بیاہ دینے سے مغرور ہوجاوین تو اونکا کام
چھوڑ دین یہ آیت سورہ جن کے دوسرے رکوع مین ہے وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ

اَبَدًا ترجمہ اور جو کوئی حکم نہ مانے اللہ کا اور اوسکے رسول کا سو اوسکو آگ ہے دوزخ کی رہا کریں اوسمیں ہمیشہ فائدہ یعنے ایسے حکم لوگ ہمیشہ دوزخ میں رہینگے اور ان کی مغفرت نہیں

ان آیتون مین اللہ جلشانہ نے عورتونکی طلاق وغیرہ کا مقدمہ فرمایا

یہ آیت سورۂ بقرکے اٹھائیسوین رکوع مین ہے لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ فَاِنْ فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ترجمہ لوگ قسم کھا رہتے ہین اپنی عورتون سے اونکو فرصت ہے چار مہینے پھر اگر مل گئے تو اللہ بخشنے والا مہربان ہے یہ آیت سورۂ بقر کے اٹھائیسوین رکوع مین ہے وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَاِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ترجمہ اور اگر ٹھہرایا رخصت کرنا تو اللہ سنتا ہے جانتا فائدہ یعنے جسنے قسم کھائی کہ اپنی عورت پاس نہ جاوے تو چار مہینے ہین اور قسم کی کفارت دے نہین تو طلاق ٹھیرا یہ آیت سورۂ بقر کے اٹھائیسوین رکوع مین ہے وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ترجمہ اور طلاق والی عورتین انتظار کروا وینے تئین تین حیض تک اور اونکو حلال نہین کہ چھپا رکھین جو پیدا کیا اللہ نے اون کے پیٹ مین اگر ایمان رکھتی ہین اللہ پر اور پچھلے دن پر اور اون کے خاوندون کو پہونچتا ہے پھیر لینا اونکا اتنی دیر مین اگر چاہین صلح کرنی اور عورتونکا بھی حق ہے جیسا اون پر حق ہے موافق دستور کے اور مردون کو اون پر درجہ ہے اور اللہ زبردست ہے تدبیر والا فائدہ جب مرد نے عورت کو طلاق کہی بھی اوس عورت کو اور نکاح روا نہین جب تک تین بار حیض آوے تا حمل ہووے تو معلوم ہو جاوے کسی کا بیٹا کسی کو نہ لگ جاوے اسی واسطے عورت پر فرض ہے کہ اوسوقت حمل ہو تو ظاہر کردے اس مدت کا نام ہے عدت اس عدت تک مرد چاہے تو پھیر عورت کو رکھ لی اگرچہ عورت کی خوشی نہ ہو اسی واسطے فرمایا کہ عورتونکے حق بھی مرد پر بہت ہین لیکن اس جگہ مرد ہی کو درجہ دیا یہ آیت سورۂ بقر کے اونتیسوین رکوع مین ہے اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌۢ بِاِحْسَانٍ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْئًا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا وَمَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ

ترجمہ طلاق ہے دو بار تک پھر رکھنا موافق دستور کے یا رخصت کرنا نیکی سے اور تمکو روا نہیں
کہ لے رکھو اپنا دیا ہوا عورتوں کو مگر کہ وہ دونوں ڈریں کہ نہ ٹھیک رکھ سکیں گے قاعدے اللہ کے
پھر اگر تم لوگ ڈرو کہ وہ نہ ٹھیک رکھیں گے قاعدے اللہ کے تو گناہ نہیں دونوں پر جو بدلا دے
کر نکل جاوے عورت یہ دستور باندھے ہیں اللہ کے سو ان سے آگے مت بڑھو اور جو کوئی بڑھ چلے اللہ کے
قاعدوں سے سو وہی لوگ ہیں گنہگار **فائدہ** یعنے عدت تک مرد چاہے تو عورت کو پھر رکھ لے
یہ بات پہلی طلاق میں ہے اور دوسری میں بعد اسکے نہ پھر سکیگی تو موافق شرع اور اسکے حق ادا
کر سکے تو رکھے کہ پھر قضیہ ہوا اور نہ رکھ سکے تو رخصت کرے اس آیت سے نرالا دے کہ خاوند کچھ
جو پہلے دیا تھا وہ پھیر چاہے یہ عیب روا ہے کہ ناچاری ہو اور کسیطرح دونوں کی خوشی سے
اور مرد کسیطرف سے ادا کے حق میں قصور نہ ہو اور سوقت سب لوگ ملکر عورت سے کچھ پھیر دلوا دیں
اور مرد کو راضی کر کر طلاق دلوا دیں اسکو خلع کہتے ہیں آیت سورہ بقرہ کے انتیسویں
رکوع میں ہے فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ فَإِنْ طَلَّقَهَا
فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَنْ يَتَرَاجَعَا إِنْ ظَنَّا أَنْ يُقِيمَا حُدُودَ اللّٰهِ وَتِلْكَ حُدُودُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا
لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ۝ ترجمہ پھر اگر اوسکو طلاق دی تو اب حلال نہیں اوسکو وہ عورت اسکے بعد
جب تک نکاح نہ کرے کسی خاوند سے اوسکے سوائے پھر اگر وہ شخص اوسکو طلاق دے تو گناہ نہیں
ان دونوں پر کہ پھر مل جاویں اگر خیال کریں کہ ٹھیک رکھیں گے قاعدے اللہ کے اور یہ دستور باندھے
ہیں اللہ کے بیان کرتا ہے اسی واسطے جاننے والوں کے **فائدہ** یعنے تیسری طلاق کے بعد پھر
نہیں مل سکتے بلکہ دونوں کی خوشی ہو تو بھی نکاح نہیں بندھ سکتا جب تک [illegible] میں اور نباہ زندگی
صحبت نہ ہو چکے یہ آیت سورہ بقرہ کے انتیسویں رکوع میں ہے وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ
فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَأَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ أَوْ سَرِّحُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ وَلَا تُمْسِكُوهُنَّ ضِرَارًا
لِتَعْتَدُوا وَمَنْ يَفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهُ وَلَا تَتَّخِذُوا آيَاتِ اللّٰهِ هُزُوًا وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ
اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَا أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنَ الْكِتَابِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهِ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوا
أَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝ ترجمہ اور جب طلاق دی تمنے عورتوں کو پھر پہنچیں اپنی عدت
تک تو رکھ لو انکو دستور سے یا رخصت کرو دستور سے اور مت بند کرو انکے ستانے کو تا
زیادتی کرو اور جو کوئی یہ کام کرے تو اوسنے برا کیا اپنا اور مت ٹھہراؤ حکم اللہ کو ہنسی اور یاد
کرو احسان اللہ کا جو تم پر ہے اور جو اتاری تم پر کتاب اور کام کی باتیں کہ تمکو سمجھاتا ہے [illegible]

اور جان رکھو کہ اللہ سب چیز جانتا ہے یہ آیت سورۂ بقر کے تیسوین رکوع مین ہے
وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوهُنَّ أَنْ يَنْكِحْنَ أَزْوَاجَهُنَّ إِذَا
تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوفِ ذَٰلِكَ يُوعَظُ بِهِ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ
ذَٰلِكُمْ أَزْكَىٰ لَكُمْ وَأَطْهَرُ وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ترجمہ اور جب طلاق دی تمنے
عورتون کو پھر تو پہونچ چکین اپنی عدت تک تو آب نہ روکو اونکو کہ نکاح کر لین اپنے خاوندون سے
جب راضی ہو جاوین آپسمین موافق دستور کے یہ نصیحت ملتی ہے اوسکو جو کوئی تم مین یقین رکھتا ہے
اللہ پر اور پچھلے دن پر اسی مین سنوار زیادہ ہے تمکو اور ستھرائی اور اللہ جانتا ہے اور تم نہین جانتے
فائدہ یہ حکم ہے عورتونکے والیون کو کہ اوسکے نکاح مین اوسکی خوشی رکھین جہان وہ راضی ہو
وہان کر دین اگرچہ اپنی نظر مین اور جگہ بہتر معلوم ہو یہ آیت سورۂ بقر کے تیسوین رکوع
مین ہے وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ
وَعَلَى الْمَوْلُودِ لَهُ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ إِلَّا وُسْعَهَا لَا تُضَارَّ
وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُودٌ لَهُ بِوَلَدِهِ وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذَٰلِكَ فَإِنْ أَرَادَا فِصَالًا عَنْ
تَرَاضٍ مِنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا وَإِنْ أَرَدْتُمْ أَنْ تَسْتَرْضِعُوا أَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ
عَلَيْكُمْ إِذَا سَلَّمْتُمْ مَا آتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوفِ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ترجمہ
اور لڑکے والیان دودھ پلاوین اپنے لڑکون کو دو برس پورے جو کوئی چاہے کہ پوری کرے دودھ کی مدت
اور لڑکے والے پر کھانا اور پہنانا اون کا موافق دستور کے تکلیف نہین کسی شخص کو مگر جو اوسکی گنجایش
ہے نہ ضرر چاہیے مان اپنی اولاد کا نہ لڑکے والا اپنی اولاد کا اور وارث پر بھی یہی ذمہ ہے پھر
اگر دونون چاہین دودھ چھڑانا آپس کی رضا سے اور مشورت سے تو اونکو نہین گناہ اور اگر
تم مرد چاہو کہ دودھ پلواؤ اپنی اولاد کو تو تم پر نہین گناہ جب حوالہ کر دیا جو تمنے دینا ٹھہرایا تھا موافق
دستور کے اور ڈرو اللہ سے اور جان رکھو کہ اللہ تمہارے کام دیکھتا ہے فائدہ
یعنے اگر مرد اور عورت مین طلاق ہوئی اور لڑکا رہا دودھ پیتا تو مان دو برس بند رہے
اوسکے دودھ پلانے کو اور باپ اوسکا خرچ اوٹھاوے اور اگر باپ مر گیا تو لڑکے کے وارث
اوسکا خرچ اوٹھاوین اور جو دو برس سے کم مین چھڑا وین اپنی خوشی سے تو بھی روا ہے
اور باپ کسی اور سے پلوا لے مان کو نہ رکھے تو بھی روا ہے لیکن اسکے بدلے مین مان کا
کچھ حق نہ کاٹ رکھے یہ آیت سورۂ بقر کے تینتیسوین رکوع مین ہے

وَالَّذِیْنَ یُتَوَفَّوْنَ مِنْکُمْ وَیَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا یَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّ
عَشْرًا فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْکُمْ فِیْمَا فَعَلْنَ فِیْٓ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ وَاللّٰهُ
بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ ترجمہ اور جو لوگ مرجاوین تم مین اور چھوڑ جاوین عورتین وہ انتظار کرواوین اپنے
تئین چار مہینے اور دس دن پھر جب پہنچ چکین اپنی عدت کو تو تم پر نہین گناہ جو وہ اپنے حق
مین کرین موافق دستور کے اور اللہ کو تمہارے کام کی خبر ہے فائدہ طلاق کی عدت تین
حیض فرمائی اور موت کی عدت چار مہینے دس دن یہ دونو جب ہین کہ حمل معلوم نہو اور اگر
حمل معلوم ہو تو حمل تک یہ آیت سورہ بقر کے بتیسوین رکوع مین سے وَلَا جُنَاحَ عَلَیْکُمْ فِیْمَا
عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَآءِ اَوْ اَکْنَنْتُمْ فِیْٓ اَنْفُسِکُمْ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّکُمْ سَتَذْکُرُوْنَهُنَّ وَ
لٰکِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ترجمہ اور نہین گناہ تمپر جو پردے
مین کہو پیغام نکاح کا عورت کو یا چھپا رکھو اپنے دل مین معلوم ہے اللہ کو کہ تم البتہ اونکا دھیان
کروگے لیکن وعدہ نہ رکھو اون سے چھپ کر مگر یہی کہ کہو ایک بات جسکا رواج ہے یہ آیت
سورہ بقر کے تیتیسوین رکوع مین ہے وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّکَاحِ حَتّٰی یَبْلُغَ الْکِتٰبُ
اَجَلَهٗ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُ مَا فِیْٓ اَنْفُسِکُمْ فَاحْذَرُوْهُ وَاعْلَمُوْٓا
اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِیْمٌ ترجمہ اور نہ باندھو گرہ نکاح کی جب تک پہنچ چکے حکم اللہ کا اپنی مدت
کو اور جان رکھو کہ اللہ کو معلوم ہے جو تمہارے دل مین ہے تو اوس سے ڈرتے رہو اور
جان رکھو کہ اللہ بخشنے والا ہے تحمل والا فائدہ یعنے عورت ایک خاوند سے چھوٹی ہے اور عدت
مین ہے تب تک کسی اور کو روا نہیں کہ اوس سے نکاح باندھ لیوے یا صاف وعدہ کر رکھے
مگر دل مین نیت رکھے کہ یہ فارغ ہوگی تو مین نکاح کرونگا یا اوسکو پردے مین سنا رکھے تا اس سے
پہلے کوئی اور نکاح نہ ٹھہرا دے یہ کہ ایک بات کہدے مروج سے مثلاً عورت کو کہے کہ تجکو ہر کوئی
عزیز رکھیگا یا کہے مجکو ارادہ نکاح ہے یہ آیت سورہ بقر کے اکتیسوین رکوع مین ہے
لَا جُنَاحَ عَلَیْکُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِیْضَةً ۚ وَّمَتِّعُوْهُنَّ
عَلَی الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَعَلَی الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًا بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَی الْمُحْسِنِیْنَ
ترجمہ گناہ نہین تم پر اگر طلاق دو عورتون کو جب تک یہ نہین کہ اونکو ہاتھ لگایا ہو مقرر کیا
اونکا کچھ حق اور اونکو خرچ دو وسعت والے پر اوسکے موافق ہے اور تنگی والے پر اوسکے موافق
جو خرچ دستور ہے لازم ہے نیکی والون کو فائدہ اگر نکاح کے وقت مہر کہنے مین زیادہ آیا

تو بھی نکاح درست ہے مہر کچھ ٹھہرا نہ تھا پھر اگر بن ہاتھ لگائے عورت کو طلاق دی تو مہر کچھ لازم نہ آیا لیکن کچھ خرچ دینا ضرور ہے خرچ کیا اور ایک جوڑا پوشاک کا موافق اپنے حال کے آیت سورۂ بقر کے اکتیسویں رکوع میں ہے وَإِنْ طَلَّقْتُمُوهُنَّ مِنْ قَبْلِ أَنْ تَمَسُّوهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ إِلَّا أَنْ يَعْفُونَ أَوْ يَعْفُوَ الَّذِي بِيَدِهِ عُقْدَةُ النِّكَاحِ وَأَنْ تَعْفُوا أَقْرَبُ لِلتَّقْوَى وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ إِنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ترجمہ اور اگر طلاق دو اونکو ہاتھ لگانے سے پہلے اور ٹھہرا چکے اونکا حق تو لازم ہوا آدھا جو کچھ ٹھہرا چکا مگر یہ کہ درگذر کریں عورتیں یا درگذر کریں جسکے ہاتھ گرہ ہے نکاح کی اور تم مرد درگذر کرو تو قریب ہے پرہیزگاری سے اور نہ بھلا دو بھلائی رکھنی آپس میں بتحقیق اللہ جو کچھ کرتے ہو سو دیکھتا ہے فائدہ یعنی اگر مہر ٹھہر چکا تھا پھر بن ہاتھ لگائے طلاق دی تو آدھا مہر لازم ہوا مگر جو عورتیں بخشدیں کہ بالکل چھوڑ دیں یا مرد درگذر کرے جسکے اختیار میں تھا نکاح رکھنے کا اور توڑنے کا لیوے پورا مہر حوالہ کرے یہ فرمایا کہ مرد درگذر کرے تو بہتر ہے کیونکہ اللہ نے بڑائی دی ہے مرد کو تو اوسکو چاہیے کہ اختیار کیا نکاح رکھنے کا اور توڑنے کا تو اپنی بڑائی رکھے فائدہ چار صورتیں ہو سکتی ہیں یہاں دو کا حکم فرمایا ایک یہ کہ مہر نہ ٹھہرا تھا اور ہاتھ لگانے سے پہلے طلاق دی دوسرے یہ کہ مہر ٹھہرا تھا اور ہاتھ لگانے سے پہلے طلاق دی اور دو صورتیں باقی رہیں ایک یہ کہ مہر ٹھہرا تھا اور ہاتھ لگا کر طلاق دی تو پورا مہر لازم ہوا یہ سورۂ نسا میں مذکور ہے دوسری یہ کہ مہر نہ ٹھہرا تھا اور ہاتھ لگا کر طلاق دی یعنی مہر مثل پورا دیا جاوے یعنی جو اوس عورت کی قوم میں رواج ہو اور جب خلوت ہو چکی گویا ہاتھ لگ چکا

اس آیت میں حیض کا بیان فرمایا

آیت سورۂ بقر کے اٹھائیسویں رکوع میں ہے وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْمَحِيضِ قُلْ هُوَ أَذًى فَاعْتَزِلُوا النِّسَاءَ فِي الْمَحِيضِ وَلَا تَقْرَبُوهُنَّ حَتَّى يَطْهُرْنَ فَإِذَا تَطَهَّرْنَ فَأْتُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ اللَّهُ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ ترجمہ اور تجھ سے پوچھتے ہیں حکم حیض کا تو کہہ وہ گندگی ہے سو تم پرے رہو عورتوں سے حیض کے وقت اور نزدیک نہ ہو جب تک پاک نہ ہو دیں پھر جب ستھرائی کر لیں تو جاؤ اون پاس جہاں سے حکم دیا تمکو اللہ نے اللہ کو خوش آتے ہیں توبہ کرنے والے اور خوش آتے ہیں ستھرائی والے فائدہ حیض کہتے ہیں خون کو جو عورتوں کی عادت ہے اور خلاف عادت جو آوے سو آزار ہے حکم ہوا کہ اس وقت پرے رہو عورت سے رسول خدا نے

فرمایا کہ ازار سے آگے نہ چلے پھر جب پاک ہوئن تو جاوے جہانسے حکم دیا اللہ نے یعنے دوسری جگہ جو نہ پاک ہو تو اوسکا حکم کچھ نہیں

ان آیتون مین اللہ تعالے نے زنا کی سزا کر نیکو فرمایا ہے

یہ آیت سورہ نور کے پہلے رکوع مین ہے اَلزَّانِیَۃُ وَالزَّانِیْ فَاجْلِدُوْا کُلَّ وَاحِدٍ مِّنْہُمَا مِائَۃَ جَلْدَۃٍ وَّلَا تَاْخُذْکُمْ بِہِمَا رَاْفَۃٌ فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ اِنْ کُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَلْیَشْہَدْ عَذَابَہُمَا طَآئِفَۃٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِیْنَ ترجمہ بدکاری کرنے والی عورت اور مرد سو مارو ایک ایک کو دونون مین سے سو جوت کچھی اور نہ آوے تمکو اون پر ترس اللہ کے حکم چلانے مین اگر تم یقین رکھتے ہو اللہ پر اور پچھلے دن پر اور دیکھین اونکا مارنا کوئی لوگ مسلمان یہ آیت سورہ نور کے پہلے رکوع مین ہے اَلزَّانِیْ لَا یَنْکِحُ اِلَّا زَانِیَۃً اَوْ مُشْرِکَۃً وَّالزَّانِیَۃُ لَا یَنْکِحُہَا اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِکٌ وَحُرِّمَ ذٰلِکَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ ترجمہ بدکار مرد نہین بیاہتا مگر عورت بدکار یا شریک والی اور بدکار عورت کو بیاہ نہین لیتا مگر بدکار مرد یا شریک والا اور یہ حرام ہوا ہے ایمان والون پر فائدہ مرد اگر بدکار ہو تو عورت پارسا نہ بیاہ لاوے اور اگر نیک ہو تو عورت بدکار نہ بیاہ لاوے دو واسطے ہے ایک یہ کہ اوسکا کفو نہین اوسکو عار ہے دوسرے یہ کہ ایک سے دوسرے کو علت نہ لگ جاوے لیکن اگر کرے تو درست ہے مگر مرد کو عورت بدکار نہین درست جبتک بدکاری کرتی رہے اور اگر توبہ کرے تو درست ہے آیت سورہ نور کے پہلے رکوع مین ہے وَالَّذِیْنَ یَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ یَاْتُوْا بِاَرْبَعَۃِ شُہَدَآءَ فَاجْلِدُوْہُمْ ثَمٰنِیْنَ جَلْدَۃً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَہُمْ شَہَادَۃً اَبَدًا وَاُولٰٓئِکَ ہُمُ الْفٰسِقُوْنَ ترجمہ اور جو لوگ عیب لگاتے ہین قید والیون کو پھر نہ لاوے چار مرد شاہد تو مارو اونکو اسی جوت کچھی کی اور نہ مانو اونکی کوئی گواہی کبھی اور وہی لوگ ہین بے حکم فائدہ قید والیان سے یعنے کبھی اونکو بری بات مین نہین دیکھا اور یہی حکم ہے جو مرد کو عیب لگاوے عیب کہا ہے بدکاری کو یہ آیت سورہ نور کے پہلے رکوع مین ہے اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوْا مِنْ بَعْدِ ذٰلِکَ وَاَصْلَحُوْا فَاِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ترجمہ مگر جنہون نے توبہ کی اس پیچھے سنوار پکڑی تو اللہ بخشتا ہے مہربان یہ آیت سورہ نور کے پہلے رکوع مین ہے وَالَّذِیْنَ یَرْمُوْنَ اَزْوَاجَہُمْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہُمْ شُہَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُہُمْ فَشَہَادَۃُ اَحَدِہِمْ اَرْبَعُ شَہٰدٰتٍ بِاللّٰہِ اِنَّہٗ لَمِنَ الصّٰدِقِیْنَ ترجمہ اور جو عیب لگاوین اپنی جورو کو اور شاہد

اوسکے پاس سواے اپنی جان تو ایسی کسی کی گواہی یہ کہ چار گواہی دیوے اللہ کے نام کی مقرر شخص سچا ہے

یہ آیت سورہ نور کے پہلے رکوع مین ہے وَالْخَامِسَةُ أَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ مِنَ الْكَاذِبِيْنَ ترجمہ اور پانچوین یہ کہ اللہ کی پھٹکار ہوا وس شخص پر اگر ہو وہ جھوٹھا

یہ آیت سورہ نور کے پہلے رکوع مین ہے وَيَدْرَءُ عَنْهَا الْعَذَابَ أَنْ تَشْهَدَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ إِنَّهُ لَمِنَ الْكَاذِبِيْنَ ترجمہ اور عورت سے ٹلتی ہے مار یون کہ دیوے چار گواہی اللہ کے نام کی وہ شخص جھوٹھا ہے

یہ آیت سورہ نور کے پہلے رکوع مین ہے وَالْخَامِسَةَ أَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَا إِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِيْنَ ترجمہ اور پانچوین یہ کہ اللہ کا غضب آوے اوس عورت پر اگر وہ شخص سچا ہے

یہ آیت سورہ نور کے پہلے رکوع مین ہے وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَأَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ترجمہ اور کبھی نہ ہوتا اللہ کا فضل تمہارے اوپر اور اوسکی مہر اور یہ کہ اللہ معاف کرنیوالا ہے حکمتین جانتا تو کیا کچھ ہوتا **فائدہ** اسکی تمہید کرے طوفان کا جو حضرت کے وقت مین اوٹھا حضرت عائشہ پیغمبر ایک جہاد سے پھرے آتے تھے رات کو کوچ ہو نفیری و نقارہ نہ تھا ام المؤمنین جنگل گئی تھین حاجت کو پیچھے رہ گئین ایک مسلمان لشکر سے پیچھے چلتا تھا حضرت کا حکم سے اپنا اوٹھانے کو اونکو دیکھا کہ تنہا رہ گئین اونٹ پر سوار کیا آپ مہار پکڑ کر لشکر مین لا پہونچا پا کمبخت منافق لگے اپنا رو سیاہ کرنے ایک مہینے تک یہ چرچا رہا پیغمبر بھی سنتے اور بغیر تحقیق کچھ نہ کہتے لیکن دل مین خفا رہتے مہینے کے بعد جب ام المؤمنین نے سنا اور غم اوٹھا تین دن روتے رہتے دم نہ لیا تب اللہ تعالیٰ نے یہ اگلی آیتین بھیجین دو رکوع تک

اللہ تعالیٰ نے اس آیت مین غیبت کرنیکو منع فرمایا

یہ آیت سورہ حجرات کے دوسرے رکوع مین ہے يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِنَ الظَّنِّ إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ إِثْمٌ وَلَا تَجَسَّسُوْا وَلَا يَغْتَبْ بَعْضُكُمْ بَعْضًا أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَنْ يَأْكُلَ لَحْمَ أَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ وَاتَّقُوا اللّٰهَ إِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَحِيْمٌ ترجمہ اے ایمان والو بچتے رہو بہت تہمتین کرنے سے مقرر بعضی تہمت گناہ ہے اور بھید نہ ٹٹولو کسی کا اور بد نہ کہو پیٹھ پیچھے ایک دوسرے کو بھلا خوش لگتا ہے تم مین کسی کو کہ کھاوے گوشت اپنے بھائی کا جو مردہ ہو سو گھن آتی تمکو اوس سے اور ڈرتے رہو اللہ سے بیشک اللہ معاف کرنیوالا ہے مہربان **فائدہ** تہمت اور بھید ٹٹولنا اور پیچھے بد کہنا کسی جگہ نہین درگذرنا یعنی معلوم ہو کچھ جہان اوسمین کچھ دین کا فائدہ ہو اور بغیر اسکے عیب نہ سنو

[illegible] کفارت فرمایا

یہ آیت سورۂ مائدہ کے بارھوین رکوع مین ہے لَا یُؤَاخِذُکُمُ اللّٰہُ بِاللَّغْوِ فِیٓ اَیْمَانِکُمْ وَلٰکِنْ یُّؤَاخِذُکُمْ بِمَا عَقَّدْتُّمُ الْاَیْمَانَ ۚ فَکَفَّارَتُہٗٓ اِطْعَامُ عَشَرَۃِ مَسٰکِیْنَ مِنْ اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَہْلِیْکُمْ اَوْ کِسْوَتُہُمْ اَوْ تَحْرِیْرُ رَقَبَۃٍ ۭ فَمَنْ لَّمْ یَجِدْ فَصِیَامُ ثَلٰثَۃِ اَیَّامٍ ۭ ذٰلِکَ کَفَّارَۃُ اَیْمَانِکُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ۭ وَاحْفَظُوْٓا اَیْمَانَکُمْ ۭ کَذٰلِکَ یُبَیِّنُ اللّٰہُ لَکُمْ اٰیٰتِہٖ لَعَلَّکُمْ تَشْکُرُوْنَ ترجمہ نہین پکڑتا تمکو اللہ تمھاری بیفائدہ قسمون پر لیکن پکڑتا ہے جو قسم تمنے گرہ باندھی سو اوسکا اوتار کھلانا دس محتاجون کو بیچ کا کھانا جو دیتے ہو اپنے گھر والون کو یا اونکو کپڑا دینا یا ایک گردن ازاد کرنی پھر جسکو پیدا نہو تو روزہ تین دنکا یہ اوتار ہے تمھاری قسمون کا جب قسم کھا بیٹھو اور تھامتے رہو اپنی قسمین یون بتالے تمکو اللہ اپنے حکم شاید تم احسان مانو فائدہ جس بات پر قصد کرکے قسم کھائی آئندہ کو پھر اوسکے خلاف ہوا تو تین بات مین سے ایک کرے جو چاہے یا دس محتاج کو کھلانا یعنی ہر ایک کو اناج دینا دو سیر گیہون یا چار سیر جو یا ان کو کپڑا دینا جسمین بدن کم کھلا رہے یا ایک بردہ ازاد کرنا ان تین مین ہر کسیکو مقدور نہو تو تین روزے اور اپنی قسم کو چاہیے تھامنا یعنی تا مقدور قسم نہ کھاوے اور زبان کو عادت نہ کرے

ان آیتون مین شراب اور جوئے کو منع فرمایا

یہ آیت سورۂ بقر کے ستائیسوین رکوع مین ہے یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ ۭ قُلْ فِیْہِمَآ اِثْمٌ کَبِیْرٌ وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ ۡ وَاِثْمُہُمَآ اَکْبَرُ مِنْ نَّفْعِہِمَا ۭ وَیَسْئَلُوْنَکَ مَاذَا یُنْفِقُوْنَ ترجمہ تجھسے پوچھتے ہین حکم شراب کا اور جوئے کا تو کہہ ان مین گناہ بڑا ہے اور فائدے بھی ہین لوگون کو اور انکا گناہ فائدے سے بڑا اور پوچھتے ہین تجھسے کیا خرچ کرین یہ آیت سورہ مائدہ کے بارھوین رکوع مین ہے یٰٓاَیُّہَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَیْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّیْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْہُ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ترجمہ اے ایمان والو یہ جو ہے شراب اور جوا اور بت اور پانسے گندے کام ہین شیطان کے سو ان سے بچتے رہو شاید تمھارا بھلا ہو یہ آیت سورۂ مائدہ کے بارھوین رکوع مین ہے اِنَّمَا یُرِیْدُ الشَّیْطٰنُ اَنْ یُّوْقِعَ بَیْنَکُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَاۗءَ فِی الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ وَیَصُدَّکُمْ عَنْ ذِکْرِ اللّٰہِ وَعَنِ الصَّلٰوۃِ ۚ فَہَلْ اَنْتُمْ مُّنْتَہُوْنَ ترجمہ شیطان یہی چاہتا ہے کہ ڈالے تم مین دشمنی اور بیر شراب سے اور جوئے سے اور روکے تمکو اللہ کی یاد سے اور نماز سے پھر اب تم باز آؤگے

فائدہ شراب جس چیز کا پانی سڑ اے کہ نشا لانے لگے وہ تھوڑا او بہت حرام ہے او نجس ہے باقی جو چیز نشا لاوے اور سڑی نہو وہ نجس نہین لیکن حرام ہے اور جو شرط بدا کسی چیز پر جسمین جیت اور ہار ہو وہ محض حرام ہے اور ایک طرف کی شرط حرام نہین باقی جو کھیل انگریزی مدرسہ رواج ہی اگر بغیر شرط کھیلے تو جوا نہو لیکن یہ کہ شیطان اوس بہانہ سے روکتا ہے اللہ کی یاد سے اور نماز سے ہو

ان آیتوں مین اللہ تعالی نے قیامت کا حال بیان فرمایا

یہ آیت سورۂ حج کے پہلے رکوع مین ہے یٰٓاَیُّہَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمْ اِنَّ زَلْزَلَۃَ السَّاعَۃِ شَیْءٌ عَظِیْمٌ ۝ ترجمہ لوگو ڈرو اپنے رب سے بیشک بھونچال قیامت کا ایک بڑی چیز ہے یہ آیت سورۂ حج کے پہلے رکوع مین ہے یَوْمَ تَرَوْنَہَا تَذْہَلُ کُلُّ مُرْضِعَۃٍ عَمَّآ اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ کُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَہَا وَتَرَی النَّاسَ سُکٰرٰی وَمَا ہُمْ بِسُکٰرٰی وَلٰکِنَّ عَذَابَ اللّٰہِ شَدِیْدٌ ۝ ترجمہ جس دن اوسکو دیکھو گے بھول جاویگی ہر دودھ پلانی والی اپنے پلانے کو اور ڈال دیگی ہر پیٹ والی اپنا پیٹ اور تو دیکھے لوگون پر نشا اور اونپر نشا نہین پر آفت اللہ کی سخت ہے یہ آیت سورۂ فرقان کے تیسرے رکوع مین ہے وَیَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِکَۃُ تَنْزِیْلًا ۝ ترجمہ اور جسدن پھٹ جاوے آسمان بدلی سے اور اوتارے فرشتے اوتار لگاکر یہ آیت سورۂ نمل کے ساتوین رکوع مین ہے وَیَوْمَ یُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰہُ وَکُلٌّ اَتَوْہُ دٰخِرِیْنَ ۝ ترجمہ اور جسدن پھونکا جاوے نرسنگا تو گھبرا جاوے جو کوئی ہین آسمان اور زمین مین مگر جسکو اللہ چاہے اور سب چلے آوین اوسکے آگے عاجزی سے **فائدہ** ایک بار صور پھونکیگا جس سے خلق مرجاویگی دوسرا پھونکے گا تو جی اوٹھین گی اسکے بعد جو پھونکے گا تو گھبرا جاوینگی اور پھونکیگا تو بیہوش ہو جاوینگی اور پھونکے گا تو ہوشیار ہونگی صور پھونکنا بہت بار ہے یہ آیت سورۂ نمل کے ساتوین رکوع مین ہے وَتَرَی الْجِبَالَ تَحْسَبُہَا جَامِدَۃً وَّہِیَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ صُنْعَ اللّٰہِ الَّذِیْٓ اَتْقَنَ کُلَّ شَیْءٍ ط ترجمہ اور تو دیکھتا ہے پہاڑ جانتا ہے ذم رہے ہین اور وہ چلین گے جیسے چلے بدلی کاریگری اللہ کی جسنے بنا دی ہر چیز **فائدہ** یہ ہوگا قیامت مین جیسی سورۂ طہٰ مین فرمایا ہے یَنْسِفُہَا رَبِّیْ نَسْفًا یہ آیت سورۂ الحاقہ کے پہلے رکوع مین ہے فَاِذَا نُفِخَ فِی الصُّوْرِ نَفْخَۃٌ وَّاحِدَۃٌ ۝ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُکَّتَا دَکَّۃً وَّاحِدَۃً ۝ ترجمہ پھر جب

پھونکے نرسنگے مین ایک پھونک ورا اوٹھا ئے زمین اور پہاڑ پھر ٹکے جاوین ایک چوٹ یہ آیت سورۂ معارج کے پہلے رکوع مین ہے یَوْمَ تَكُوْنُ السَّمَآءُ كَالْمُهْلِ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ ترجمہ جسدن ہو گا آسمان جیسے تانبا پگھلا اور ہونگے پہاڑ جیسے اون رنگی یہ آیت سورۂ مدثر کے پہلے رکوع مین ہے فَإِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُوْرِ فَذٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَّوْمٌ عَسِيْرٌ ترجمہ پھر جب پھر کھڑ کھڑاوے وہ کھو کھڑ انا ئد یعنے پھونکے صور ترجمہ پھر وہ اوسدن مشکل دن ہے عَلَى الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ يَسِيْرٍ ترجمہ منکرون پر نہین آسان یہ آیت سورۂ قیامت کے پہلے رکوع مین ہے لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ترجمہ قسم کھاتا ہون قیامت کے دن کی یہ آیت سورۂ قیامت کے پہلے رکوع مین ہے اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهٗ ترجمہ کیا خیال رکھتا ہے آدمی کہ جمع نکرینگے ہم اوسکی ہڈیان یہ آیت سورۂ قیامت کے پہلے رکوع مین ہے بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ ترجمہ کیون نہین سکتے ہین کہ ٹھیک کردین اوسکی پوریان یہ آیت سورۂ قیامت کے پہلے رکوع مین ہے بَلْ يُرِيْدُ الْاِنْسَانُ لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ ترجمہ بلکہ چاہتا ہے آدمی کہ ڈھٹھائی کرے اوسکے سامنے یہ آیت سورۂ قیامت کے پہلے رکوع مین ہے يَسْئَلُ اَيَّانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ ترجمہ پوچھتا ہے کہ کب ہے دن قیامت کا یہ آیت سورۂ قیامت کے پہلے رکوع مین ہے فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ وَخَسَفَ الْقَمَرُ وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ترجمہ پھر جب چندھلانے لگے آنکھ اور گہنا جاوے چاند اور اکٹھے ہون سورج اور چاند فائدہ تیور چندھلاوے یعنے آدمی کی آنکھ روشنی سے عاجز ہوجاوے یہ قیامت کا وقت ہے سورج پاس آویگا یہ آیت سورۂ قیامت کے پہلے رکوع مین ہے يَقُوْلُ الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ اَيْنَ الْمَفَرُّ ترجمہ کہے گا آدمی اوسدن کہان جاؤن بھاگ کر كَلَّا لَا وَزَرَ ترجمہ کوئی نہین کہین نہین ہے بچاؤ یہ آیت سورۂ کورت کے پہلے رکوع مین ہے اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ وَاِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ترجمہ جب سورج کی دھوپ تہ ہوجاوے اور جب تارے میلے ہوجاوین اور جب پہاڑ چلائے جاوین

ان آیتون مین اللہ تعالیٰ نے حشر کے حساب کا بیان فرمایا

یہ آیت سورۂ بقر کے چالیسوین رکوع مین ہے وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ترجمہ اور اگر تم کھولو گے اپنے جی کی بات یا چھپاؤ گے حساب لیگا تمسے اللہ پھر بخشے گا جسکو چاہے اور عذاب کرے

جسکو چاہے اور اللہ سب چیز پر قادر ہے فائدہ بیان سے معلوم ہوا کہ دل کے خیال پر بھی حساب ہوگا
یہ سنکر اصحاب نے حضرت سے عرض کیا کہ یہ حکم سخت مشکل ہے فرمایا کہ بنی اسرائیل کی طرح انکار مت کرو بلکہ
قبول رکھو اور اللہ سے مدد چاہو پھر لوگوں نے کہا کہ ہم ایمان لائے اور قبول کیا اللہ کو یہ بات پسند آئی تب اگلی
دو آیتیں اوتریں اونمیں حکم آیا کہ مقدور سے باہر کی چیز کی تکلیف نہیں اب جو کوئی دل میں خیال گناہ کا کرے اور عمل میں نہ لاوے
اوسکو گناہ نہیں لکھتے یہ آیت سورہ فرقان کے تیسرے رکوع میں ہے اَلَّذِیْنَ یُحْشَرُوْنَ عَلٰی
وُجُوْھِھِمْ اِلٰی جَھَنَّمَ اُولٰٓئِکَ شَرٌّ مَّکَانًا وَّاَضَلُّ سَبِیْلًا ترجمہ جو لوگ گھیرے اور منہ کے اوندھے
پڑے منہ پر دوزخ کی طرف اونھیں کا برا درجہ ہے اور بہت بہکے ہیں راہ سے یہ آیت سورہ فاطر کے
تیسرے رکوع میں ہے وَلَا تَزِرُ وَازِرَۃٌ وِّزْرَ اُخْرٰی وَاِنْ تَدْعُ مُثْقَلَۃٌ اِلٰی
حِمْلِھَا لَا یُحْمَلْ مِنْہُ شَیْءٌ وَّلَوْ کَانَ ذَا قُرْبٰی ترجمہ اور نہ اوٹھا ویگا کوئی اوٹھانے والا بوجھ
دوسرے کا اور اگر پکارے کوئی بوجھوں مرتا اپنا بوجھ اوٹھانے کو کوئی نہ اوٹھاوے اسمیں سے
کچھ اگرچہ ہو ناتے والا یہ آیت سورہ طور کے پہلے رکوع میں ہے اِصْلَوْھَا فَاصْبِرُوْا
اَوْ لَا تَصْبِرُوْا سَوَآءٌ عَلَیْکُمْ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ترجمہ پیٹھو اسمیں پھر
صبر کرو یا نہ صبر کرو تمکو برابر ہے وہی بدلا پاوگے جو کرتے تھے یہ آیت سورہ طور کے
پہلے رکوع میں ہے اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ جَنّٰتٍ وَّنَعِیْمٍ ترجمہ جو ڈر والے ہیں باغوں میں ہیں
اور نعمت میں یہ آیت سورہ طور کے پہلے رکوع میں ہے فٰکِھِیْنَ بِمَآ اٰتٰھُمْ
رَبُّھُمْ وَوَقٰھُمْ رَبُّھُمْ عَذَابَ الْجَحِیْمِ ترجمہ میوے کھاتے جو دیا ہے انکو رب نے
اور بچایا اونکے رب نے دوزخ کی مار سے یہ آیت سورہ طور کے پہلے رکوع میں ہے
کُلُوْا وَاشْرَبُوْا ھَنِیْٓـًٔا بِمَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ترجمہ کھاؤ اور پیو رچ سے بدلا اوسکا جو کرتے تھے
یہ آیت سورہ طور کے پہلے رکوع میں ہے مُتَّکِـِٕیْنَ عَلٰی سُرُرٍ مَّصْفُوْفَۃٍ
وَزَوَّجْنٰھُمْ بِحُوْرٍ عِیْنٍ ترجمہ لگے بیٹھے تختوں پر برابر بچھے قطار اور بیاہ دین ہمنے اونکو گوریان
بڑی آنکھوں والیان یہ آیت سورہ طور کے پہلے رکوع میں ہے وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا
وَاتَّبَعَتْھُمْ ذُرِّیَّتُھُمْ بِاِیْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِھِمْ ذُرِّیَّتَھُمْ وَمَآ اَلَتْنٰھُمْ مِّنْ عَمَلِھِمْ مِّنْ
شَیْءٍ کُلُّ امْرِیٴٍ بِمَا کَسَبَ رَھِیْنٌ ترجمہ اور جو یقین لائے اور چلی اونکی راہ پر اونکی
اولاد ایمان سے پہونچا دیا ہمنے اون تک اونکی اولاد کو اور گھٹایا نہیں اونسے اونکا کیا کچھ ہر کوئی
اپنی کمائی میں پھنسا یہ آیت سورہ قمر کے تیسرے رکوع میں ہے یَوْمَ یُسْحَبُوْنَ

فی النار علی وجوھھم ذوقوا مس سقر ۵ ترجمہ جسدن گھسیٹے جاوینگے آگ مین اوندھے منہ
چکھو مزہ آگ کا یہ آیت سورہ ممتحنہ کے پہلے رکوع مین ہے لن تنفعکم ارحامکم
ولا اولادکم یوم القیمۃ یفصل بینکم واللہ بما تعملون بصیر ۵ ترجمہ ہرگز کام نہ آوینگے
تمکو تمہارے ناتے اور تمہاری اولاد قیامت کے دن وہ فیصلہ کریگا تم مین اور اللہ جو کرتے ہو دیکھتا ہے
یہ آیت سورہ معارج کے پہلے رکوع مین ہے ولا یسئل حمیم حمیما ۵ ترجمہ اور نہ پوچھیگا دوست
دوستدار کو یہ آیت سورہ معارج کے پہلے رکوع مین ہے یبصرونھم یود المجرم لو یفتدی من عذاب
یومئذ ببنیہ ترجمہ سب نظر آجاوینگے اونکو منادی کا گنہگار کسی طرح چھوڑا دیوے اوسدن کی مار سے اپنے بیٹے دیکر یہ آیت
سورہ معارج کے پہلے رکوع مین ہے وصاحبتہ واخیہ ۵ ترجمہ اور ساتھ والی اور بھائی یہ آیت
سورہ معارج کے پہلے رکوع مین ہے وفصیلتہ التی تؤیہ ۵ ومن فی الارض جمیعا
ثم ینجیہ ۵ ترجمہ اور اپنا گھرانا جسمین رہتا تھا اور جتنے زمین پر ہین سارے پھر آپکو بچاوے فائدہ
سب نظر آجاوینگے یعنے دوستی اور کنبہ نکمی تھی یہ آیت سورہ معارج کے پہلے رکوع مین ہے کلا
انہا لظی ۵ نزاعۃ للشوی ۵ ترجمہ کوئی نہین وہ تپتی آگ ہے کھینچ لینے والی کلیجہ یہ آیت سورہ
مومنون کے پہلے رکوع مین ہے ثم انکم یوم القیمۃ تبعثون ۵ ترجمہ پھر تم قیامت
کے دن کھڑے کیے جاؤگے یہ آیت سورہ مومنون کے چوتھے رکوع مین ہے لا تجئروا الیوم
انکم منا لا تنصرون ۵ ترجمہ مت چلاؤ آج کے دن تم ہم سے چھوڑائے نہ جاؤگے یہ آیت سورہ عبس
کے پہلے رکوع مین ہے یوم یفر المرء من اخیہ ۵ ترجمہ جسدن بھاگے مرد اپنے بھائی سے
یہ آیت سورہ عبس کے پہلے رکوع مین ہے وامہ وابیہ ۵ ترجمہ اور اپنے مان اور باپ سے
یہ آیت سورہ عبس کے پہلے رکوع مین ہے وصاحبتہ وبنیہ ۵ ترجمہ اور اپنی ساتھ والی بیوی سے بیٹے

اللھم صل علی محمد النبی الامی وآلہ وسلم

تمت

خاتمۃ الطبع

بعد حمد خدای وحدہ لاشریک مستانا و نعت خاتم الرسل فخر الانبیا محمد مصطفے صلی اللہ علیہ و آلہ الاتقیا و اصحابہ الاذکیا کے
مومنین صاحب صدق و یقین کو بشارت اور خوشخبری ہو کہ اندنون ایک رسالہ بے مثل مسائل دین کا خزانہ سود مند اہل
ایمان مسمی بہ **منتخب احکام القرآن** جسمین تفصیل اسامی ہر کتاب اور صحیفہ منزل آسمانی کی بہ تخصیص اسمائے منزل الیہم انبیا
و رسل کرام جن جن پیغمبرون پر وہ کتابین او صحیفے نازل ہوے اور شمار تعداد حروف اور اعراب اور کلمات و آیات
اور سورتون قرآن مجید کا اظہار ہے مع بعد ۵ آیات احکامی جو امتناع شرک و بدعت اور اختیار ہدایت و شفاعت مین وارد
ہین اونکو بہت خوبی کے ساتھ اپنے اپنے موقع و مقام پر ساتھ ترجمہ اردو کے مع فوائد کثیر کے نفع رسانی مسلمانون کے
لئے صاحب مجمع خوبیان مولوی **ابراہیم علیخان صاحب ولد جنگ بہادر خان زمیندار**
مواضع مانا پار بھیرپا وغیرہ پرگنہ اترولی نے بموجب فرمایش و خواہش نامی رامشیت سیدا ابرار مرد زمیندار میان سرفراز
خانصاحب تاجر کتب ولد حسن بخش خان زمیندار و پٹی دار مواضع جھبوا کو رتھوا اور مانا پار بھیرپا کے تالیف کیا
اور عمدگی اس رسالہ کی ملاحظہ اسکی فہرست سے جو آغاز اس رسالہ مین منضم ہے ظاہر ہے پس رسالہ مذکور واسطے
تمتع اہل اسلام کے بار دوم بعد نظر ثانی و ازالہ سہو بشری طبع سابقہ بماہ جولائی ۱۸۷۹ عیسوی موافق ماہ
شعبان ۱۲۹۶ ہجری کے مطبع نامی گرامی **منشی نولکشور** واقع لکھنؤ مین حلیۂ انطباع سے آراستہ ہوا خداوند عالم مقبول فرما وے اور
مسلمانونکو اس سے نفع پہونچا دے آمین